جوکوئی اپنے کھیل میں کامیاب کھلاڑی بننا چاہتا ہو وہ یہ نقش پاک لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈالے اور ہر نماز کے بعد 184 مرتبہ **یَامُقَدِّم** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ کامیابی اس کے قدم چومے گی اور وہ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرے گا سب سے نمایاں دکھائی دے گا۔ نقش پاک یہ ہے۔

م۴۰	د۴	ق۱۰۰	م۴۰
۳	۴۱	۳۹	۱۰۱
۴۲	۶	۹۸	۳۸
۹۹	۳۷	۴۳	۵

کام کا انجام درست ہو

اگر کسی نے کوئی اچھا کام شروع کر رکھا ہے اور چاہتا ہے کہ کام کا انجام درست اور

QureshiRohaniWorld

اچھا ہوتو وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر کام والی جگہ پر آویزاں کردے اور اُس جگہ پر بیٹھ کر روزانہ باوضو حالت میں 746 مرتبہ **یَا مُؤَخِّرُ** پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی نقش پاک یہ ہے۔

۲۰۰ر	۶۰۰خ	۶و	۴۰م
۵	۴۱	۱۹۹	۶۰۱
۴۲	۸	۵۹۸	۱۹۸
۵۹۹	۱۹۷	۱۴	۷

کام میں برکت کے لئے

جوکوئی نیا کام شروع کرنا چاہتا ہوتو وہ یہ نقش پاک لکھ کر کام کی جگہ پر چسپاں کر دے اور ہر نماز کے بعد 68 مرتبہ **یَا اَوَّلُ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے کام میں برکت پیدا ہوگی اور شروع میں ہی اسے فائدہ ہوگا، نقش پاک یہ ہے۔

ل	و	لا	ا
۳۰	۲	۲۹	۷
۳	۳۳	۴	۲۸
۵	۲۷	۴	۳۲

درازیٔ عمر کے لئے

عمر میں برکت کے لئے یہ نقش پاک لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لے اور روزانہ نماز عصر کے بعد 832 مرتبہ **یَا آخِرُ** پڑھ لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی صحت ٹھیک رہے گی اور بفضل باری تعالیٰ عمر بھی طویل ہوگی۔ بہت سے بزرگوں کا آزمودہ عمل ہے۔

نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

ر۲۰۰	خ۶۰۰	لا۳۱	ا
۳۰	۲	۱۹۹	۶۰۱
۳	۳۳	۵۹۸	۱۹۸
۵۹۹	۱۹۷	۴	۳۲

اصل حقیقت عیاں ہوجائے

جس بات کی اصل حقیقت کا پتہ نہ چلتا ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھ کر اپنے پاس رکھے اور رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں **1106** مرتبہ **یَاظَاھِر** پڑھ کر دائیں کروٹ پر سو جائے۔ سات یوم تک روزانہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ خواب میں اصل حقیقت اس پر عیاں ہوجائے گی۔ آزمودہ عمل ہے۔ نقش پاک یہ ہے۔

ر۲۰۰	ھ۵	ا	ظ۹۰۰
۴۹۸	۴۰۱	۱۰۲	۱۰۵
۴۰۴	۱۰۰	۵۳	۹۹
۴	۶۰۰	۵۰۰	۲

کشف باطنی کے لئے

کشف باطنی کے لئے باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے اور بکثرت یا باطن کا ورد کرتا رہے اور ہر نماز کے بعد وظیفہ کے طور پر **62** مرتبہ **یَاباطِن** پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا باطن روشن ہوجائے گا اور مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی نقش پاک یہ ہے۔

۵	۶	۲۱	۳۰
ن۵۰	ط۹	ا	ب۲
۳	۲۷	۲۵	۷
۴	۲۰	۱۵	۲۲

QureshiRohaniWorld

اولاد نرینہ کے لئے

جس کی اولاد نرینہ نہ ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس کا وارث اس کا بیٹا بنے تو جب اس کی بیوی کو حمل قرار پا جائے تو باوضو حالت میں یہ نقش پاک لکھ کر پانی والی بوتل میں ڈال کر روزانہ اسے چند گھونٹ پانی پلائے اور ہر نماز کے بعد 47 مرتبہ **یَـاوَاِلِـی** پُڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے اِن شاء اللہ اس کی مراد ضرور پوری ہو گی۔ نقش پاک یہ ہے۔

ی۱۰	ل۳۰	ا۱	و۶
۱۴	۴	۱۶	۱۳
۳	۵	۲۲	۱۷
۲۰	۸	۸	۱۱

مرتبہ میں ترقی

مرتبہ و مدارج میں ترقی کے لیئے یہ نقش پاک مشک و عرق گلاب سے لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے۔ اور روزانہ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد نہائیت توجہ و یکسوئی سے 551 مرتبہ **یَامُتَعَالِیْ** پڑھے چالیس روز تک یہ عمل کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کے مرتبہ و مدارج میں ترقی ہو گی۔ اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔ نقش پاک یہ ہے۔

ی۱۰	ل۳۰	عا۷۱	مت۴۴۰
۷۰	۴۴۱	۹	۳۱
۴۴۲	۷۳	۲۸	۸
۲۹	۷	۴۴۳	۷۲

QureshiRohaniWorld

ناچاقی کا خاتمہ

اگر میاں بیوی یا دو دوستوں کے مابین ناچاقی پیدا ہوگئی ہو اور دونوں میں سے کوئی ایک ناچاقی کا خاتمہ چاہتا ہو دوسرا راضی نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر پانی والی بوتل میں ڈالے اور کسی طرح یہ پانی اسے پلا دے۔ اگر پلا نہ سکتا ہو تو اُس کی شکل کا تصور کر کے چند گھونٹ اس کی طرف چھینٹے مارے اور ہر نماز کے بعد 20 مرتبہ **یَاوَدُوْدُ** پڑھ کر دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ جلد ناچاقی کا خاتمہ ہو جائے گا۔ آزمودہ عمل ہے۔ نقش پاک یہ ہے۔

د	و	د	و
و	د	و	د
و	د	و	د
د	و	د	و

جلدی امراض میں شفا

ہر طرح کے جلدی امراض جذام، برص، آبلہ، زخم، خارش، داد، چنبل وغیرہ سے نجات کے لیئے یہ نقش پاک لکھ کر پانی والی بوتل میں ڈال کر مریض کو دے کہ وہ دن میں کئی مرتبہ یہ پانی پیئے جب پانی کم ہو جائے تو اس میں مزید پانی شامل کر لے علاوہ ازیں مریض بذات خود ہر نماز کے بعد نہائیت عاجزی سے 57 مرتبہ **یَامَجِیْدُ** پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اسے شفا حاصل ہوگی اور ہر طرح کے جلدی امراض سے چھٹکارہ مل جائے گا۔ مجرب وآزمودہ ہے۔ نقش پاک یہ ہے۔

د	ی	ج	م
۲	۴۱	۳	۱۱
۴۲	۵	۸	۲
۹	۱	۴۳	۴

QureshiRohaniWorld

برے خواب نہ آئیں

جس کو اکثر برے خواب آتے رہتے ہوں جس کی وجہ سے وہ پریشان رہتا ہو تو وہ نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب سے قبل باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک لکھے اور اپنے تکیے میں رکھ لے رات کو سونے سے قبل باوضو ہو کر 573 مرتبہ یَابَاعِثُ پڑھے تین دن یا سات یوم تک روزانہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے بُرے خواب نہیں آئیں گے۔ آزمودہ عمل ہے نقش پاک یہ ہے۔

ب۲	ا	ع۷۰	ث۵۰۰
۵۶	۲۵۳	۲۱۶	۱۸
۲۴۹	۲۱	۲۸۳	۲۰
۲۳۶	۲۹۸	۴	۳۵

جلد صلح کے لئے

اگر دو اشخاص کے مابین لڑائی جھگڑا ہوا ہو اور مزید لڑائی کا خطرہ ہو تو دونوں میں سے کوئی بھی جو چاہتا ہو کہ صلح ہو جائے وہ باوضو حالت میں یہ نقش پاک لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لے اور ہر نماز کے بعد 319 مرتبہ یَاشَهِيْدُ پڑھ کر دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی صلح کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اور صلح ہو جائے گی۔ نقش پاک یہ ہے۔

د۴	ی۱۰	ھ۵	ش۳۰۰
۱۶۹	۱۴۷	۲	۱
۱۳۸	۹	۱۶۱	۱۱
۸	۱۵۳	۱۵۱	۷

QureshiRohaniWorld

گمشدہ سامان کی واپسی

جس کا کوئی سامان گم ہو گیا ہو اور دستیاب نہ ہوتا ہو تو وہ یہ نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے اور نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب سے قبل 108 مرتبہ یَا حَقُّ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں کے عمل سے ہی اس کا گمشدہ سامان مل جائے گا۔ آزمودہ عمل ہے۔ نقش پاک یہ ہے۔

		ق	ح
۲۰	۵۷	۱	۳۰
۳۷	۴۸	۲	۲۱
۵۱	۳	۵	۴۹

آگ اور بجلی سے نقصان نہ ہو

جس کو آگ اور بجلی سے نقصان کا خطرہ ہو تو وہ باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لے اور گھر سے نکلنے سے قبل اور گھر میں آنے کے بعد چھیاسٹھ چھیاسٹھ مرتبہ یَا وَکِیْل پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ آگ اور بجلی سے نقصان نہ ہوگا اور اس کا خوف بھی ختم ہو جائے گا۔ نقش پاک یہ ہے۔

ک	۲۹	۱۱	و٦
۱۲	۰۵	۲۱	۲۸
۴	۹	۳۱	۲۲
ل	۲۳	۲	ی

طاقت وقوت کے لئے

جو جسمانی اور قلبی طور پر کمزور ہو وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران

QureshiRohaniWorld

سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھ رکھے اور ہر نماز کے بعد نہائیت توجہ و یکسوئی سے 116 مرتبہ **یَاقَوِیُّ** پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے جسمانی اور روحانی تقویت حاصل ہوگی نقش پاک یہ ہے۔

۳۲	۸	ق	
۲۹	۵	۵۷	و
۵۵	۳	۷	ی
۲۵	۴۶	۵۱	

زچہ کے دُودھ میں اضافہ

جس زچہ کے دُودھ میں کمی واقع ہوگئی ہو اُس کے لیئے باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے یہ نقش پاک لکھ کر پانی سے دھو کر پلا دے سات یوم تک روزانہ ایک نقش پلایا جائے۔ اور زچہ بذات خود روزانہ ایک مرتبہ 500 دفعہ **یَامَتِیْنُ** پُڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیا کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں دُودھ میں اضافہ ہو جائے گا۔ نقش پاک یہ ہے۔

۴۰۱	۵۱	۸	م
۷	۴۱	ت	۵۲
۴۲	ی	۴۹	۳۹۹
ن	۳۹۸	۴۳	۹

میاں بیوی میں محبت کے لئے

میاں بیوی میں محبت و موافقت کے لئے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر پانی کی بوتل میں ڈالے اور اس پر 47 مرتبہ **یَاوَاِلِیُ** پڑھ کر دم کرے یہ پانی دونوں کو پلا دیا جائے تین دن یا سات دن یہ عمل کیا جائے اِن شاء

QureshiRohaniWorld

اللہ تعالیٰ میاں بیوی کے درمیان خوب محبت پیدا ہو جائے گی۔ نقش پاک یہ ہے۔

ی۱۰	ل۳۰	ا۱	و۶
۳	۱۸	۵	۲۰
۲۲	۱۴	۹	۱
۲۱	۴	۲	۱۹

وبائی امراض سے بچاؤ

جس جگہ کوئی وبائی مرض ہیضہ وغیرہ پھیل گیا ہو اس سے محفوظ رہنے کے لیئے یہ نقش پاک لکھ کر پانی کی بوتل میں ڈال لے اور اس میں سے دن میں کئی مرتبہ پانی پیئے جب پانی کم ہو جائے تو مزید شامل کرے اور ہر نماز کے بعد 62 مرتبہ **یَاحَمِیْدُ** پڑھا کرے اِن شاءاللہ تعالیٰ ہیضہ اور ہر طرح کے وبائی مرض کے حملے سے محفوظ رہے گا نقش پاک یہ ہے۔

۹	۱۲	۲	۳۹
۱	م	ح	۱۳
۴۱	د	ی	۷
۱۱	۶	۴۲	۳

طوفان میں محفوظ رہے

طوفان میں محفوظ رہنے کے لیئے یہ نقش پاک لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لے۔ اور 148 مرتبہ **یَامُحْصِیُ** پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے اِن شاءاللہ تعالیٰ طوفان میں کسی قسم کا نقصان نہ ہوگا اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ نقش پاک یہ ہے۔

ی	ص	ح	م
۷	۴۱	۹	۹۱
۴۲	۱۰	۸۸	۸
۸۹	۷	۴۳	۹

QureshiRohaniWorld

حمل قائم رہے

جس کا حمل قائم نہ رہتا ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں لکھ کر عورت کو دے کہ وہ اسے اپنے گلے میں پہن لے علاوہ ازیں روزانہ باوضو حالت میں 56 مرتبہ **یَـامُبْدِئُ** پڑھ کر پانی پر دم کر کے عورت کو پلائے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا حمل قائم رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے اولاد کی نعمت سے نوازے گا۔ موثر اور آزمودہ عمل ہے۔ نقش پاک یہ ہے۔

ی	د	ب	م
۱	۴۱	۹	۵
۴۲	۴	۲	۸
۳	۷	۴۳	۳

گمشدہ حاضر ہو جائے

جس کا کوئی عزیز یا کوئی بھی گم ہو گیا ہو یا گھر سے ناراض ہو کر چلا گیا ہو اس کا پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کہاں پر ہے تو یہ نقش پاک لکھ کر نیچے غائب شدہ کا اور اس کی والدہ کا نام لکھے پھر اسے گھر کی دیوار پر چسپاں کر دے ہر نماز کے بعد نہائیت توجہ و یکسوئی سے 124 مرتبہ **یَـامُعِیْدُ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ چالیس دن کے اندر اندر غائب حاضر ہو جائے گا۔ نقش پاک یہ ہے۔

۴۱	۱۲	۲	۶۹
۱	ع	م	۱۳
۷۱	د	ی	۳۹
۱۱	۳۸	۷۲	۳

QureshiRohaniWorld

جان لیوا بیماری سے نجات

اگر کوئی ایسی بیماری میں مبتلا ہو کر بچنے کی اُمید نظر نہ آتی ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیا جائے اور نماز فجر، نماز ظہر اور نماز مغرب کے بعد 59 مرتبہ **یَامُحْیِ** پڑھ کر اس پر دم کیا جائے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی اس کی طبیعت بہتر ہونا شروع ہو جائے گی اور جلد ہی آرام آ جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔

ی	ی	ح	م
۳۷	۱۷	۳	۲
۷	۱۱	۲۸	۱۳
۵	۳۰	۲۰	۴

جادو وسحر کا خاتمہ

جس کو جادو سحر کے ذریعے بیمار کر دیا گیا ہو اس کی بیماری سمجھ میں نہ آتی ہو تو نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک لکھ کر اس کے گلے میں ڈالا جائے۔ اور روزانہ نماز مغرب کے بعد 490 مرتبہ **یَامُمِیْتُ** پڑھ کر اس پر دم کیا جائے بفضل باری تعالیٰ بہت جلد جادو، وسحر کا اثر، زائل ہو جائے گا۔ آزمودہ عمل ہے۔ نقش پاک یہ ہے۔

	ت	می	م
۵۱	۳۹	۱	۳۹۹
۳۸	۴۸	۴۰۲	۲
۴۰۱	۳	۳۷	۴۹

QureshiRohaniWorld

نزع میں آسانی

جوکوئی ذیل میں دیا ہوانقش پاک لکھ پر اسے پہن لے اور ہر نماز کے بعد 49 مرتبہ **یَاحَیُّ** پڑھنے کا معمول بنالے تو بفضل باری تعالیٰ اسے بوقت نزع آسانی حاصل ہوگی اس مقصد کے لیئے یہ مؤثر عمل ہے نقش پاک یہ ہے۔

ی	ح	ل	ا
۱۵	۹	۲	۲۳
۴	۲۶	۱۲	۷
۲۰	۶	۵	۱۸

دردقولنج کا علاج

جس کو دردقولنج کی شکائیت لاحق ہوتو باوضوحالت میں یہ نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے روزانہ چینی کی پلیٹ پرلکھ کراسے پلائے اور 233 مرتبہ **یَابَرُّ** پڑھ کراس پر دم کرے سات یوم یااکیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاءاللہ تعالیٰ دردرفع ہوجائے گی اورآرام آجائے گانہایئت سریع الاثرعمل ہے۔نقش پاک یہ ہے۔

ر	ب	ل	ا
۲۹۰	۲	۱۹۹	۳
۳	۳۲		۱۹۸
۱	۱۹۷	۴	۳۱

رنج والم سے خلاصی

جس کے دل پر کسی واقعہ کی وجہ سے رنج وغم اورالم کا شدید غلبہ ہواور وہ اس سے خلاصی کا خواہاں ہوتو یہ نقش پاک لکھ کراپنے گلے میں ڈالے اور ہر نماز کے بعد 409 مرتبہ

QureshiRohaniWorld

یَاتَوَّابُ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے پہلے ہی روز اس کے دل سے غم کا بوجھ ہلکا ہو جائے گا تین دن تک متواتر یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے قلبی سکون ملے گا اور رنج والم سے خلاصی ہو جائے گی۔ بہت مرتبہ کا آزمودہ عمل ہے نقش پاک یہ ہے۔

۲۰۰	۱۰۰	۱۰۶	۲
ب	ا	و	ت
۷	۱۹۹	۲۰۲	۱
۲۰۰	۱۰۹	۹۵	۵

تنگدستی ختم ہو جائے

فراخی رزق اور خوشحالی کے لیئے یہ نقش پاک لکھ کر اپنے کاروبار کی جگہ پر آویزاں کرے اور روزانہ نماز فجر کے بعد 200 مرتبہ **یَامُنْعِمُ** پڑھ کر دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ پردۂ غیب سے مدد ہوگی اور رزق کے دروازے اس پر کھل جائیں گے تنگدستی ختم ہو جائے گی اللہ تعالیٰ اپنی نعمتوں سے نوازے گا نقش پاک یہ ہے۔

	م	ع	من
۷۱	۸۹	۱	۳۹
۸۸	۶۸	۴۲	۲
۴۱	۳	۸۷	۶۹

تپ ولرزہ کے لئے

ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر پانی کی بوتل میں ڈال لے اور اس میں سے پیئے تین دن تک روزانہ ہر نماز کے بعد باوضو ہو کر 630 مرتبہ **یَامُنْتَقِمُ** پڑھے اور دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ تین دنوں میں مکمل طور پر آرام آ جائے گا۔ آزمودہ عمل ہے نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

م۴۰	ق۱۰۰	ت۴۰۰	من۹۰
۳۹۹	۹۱	۳۹	۱۰۱
۹۲	۴۰۲	۹۸	۳۸
۹۹	۳۷	۹۳	۴۰۱

جسمانی نقصان سے محفوظ رہے

جوکوئی یہ چاہے کہ اس کے جسم کے تمام اعضاء سلامت رہیں کسی بیماری یا زخم سے نقصان نہ پہنچے تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے یا گلے میں پہن لے اور ہر نماز کے بعد 156 مرتبہ **یَا عَفُوُّ** پڑھا کرے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کے جسمانی نقصان سے محفوظ رہے گا پروردگار عالم اپنی حفظ وامان میں رکھے گا نہائیت موثر اور آزمودہ عمل ہے۔ نقش پاک یہ ہے۔

و	ف	ع	
۴۵	۳۲	۳۰	۴۲
۲۶	۴۰	۴۷	۴۳
۷۹	۴	۲	۷۱

محبت الٰہی کا حصول

جو محبت الٰہی کے حصول کا خواہاں ہو وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں پہن لے اور روزانہ نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد نہائیت توجہ ویکسوئی سے 286 مرتبہ **یَا رَؤُفُ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگا کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل ہو گی۔ اللہ رب العزت اس پر اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا۔

نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

	ف	وَ	ر
۷	۱۹۹	۱	۷۹
۱۹۸	۴	۸۲	۲
۸۱	۳	۱۹۷	۵

بیماری سے شفایابی

ایسی بیماری کہ جو بستر سے اٹھنے نہ دیتی ہو اس میں شفا کیلئے یہ نقش پاک دو عدد لکھے عرق گلاب وزعفران سے ایک نقش مریض کے گلے میں ڈالے اور دوسرا نقش پانی کے برتن میں ڈال کر مریض کو یہ پانی روزانہ پلائے اور روزانہ 1323 مرتبہ **یَامَالِكَ الْمُلْكِ ذُوالْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ** پڑھ کر مریض پر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ جلد بیماری میں افاقہ ہو گا اور شفائے کاملہ حاصل ہوگی۔ نقش پاک یہ ہے۔

یامالک۱۰۲	الملک۱۲۱	ذوالجلال۸۰۱	والاکرام۲۹۹
۸۰۲	۲۹۸	۱۰۳	۱۲۰
۲۹۷	۷۹۹	۱۲۳	۱۰۴
۱۲۲	۱۰۵	۲۹۱	۸۰۰

غربت وافلاس سے نجات

غربت وافلاس سے نجات کے لیئے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے گھر اور کاروبار کی جگہ پر آویزاں کرے اور ہر نماز کے بعد 249 مرتبہ **رَبِّ هَبْ لِیْ** پڑھ کر دعا مانگا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ کبھی فاقے کی نوبت نہیں آئے گی افلاس کا خاتمہ ہوگا اللہ تعالیٰ پردۂ غیب سے اسباب اور مدد فرمائے گا نہائیت سریع الاثر اور آزمودہ عمل ہے۔

نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

ر	ب	ھب	لی
۸	۳۹	۲۰۱	۱
۳۸	۹	۰۴	۲۰۲
۳	۲۰۳	۳۷	۶

دردزہ میں کمی

زچگی کی تکلیف میں آسانی کے لیئے باوضوحالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک لکھ کر زچہ کے گلے میں ڈالے اور دوسری عورت باوضوحالت میں 209 مرتبہ **یَامُقْسِطُ** پڑھ کراس پر دم کرے۔اگرزچہ یہ چاہے کہ اسے بوقت زچگی درد میں کمی اور بچے کی ولادت آسانی سے ہوجائے تو وہ اس نقش کواپنے گلے میں اُس وقت پہنے جب اُسے حمل قرار پاجائے اورروزانہ نمازعصر کی ادائیگی کے بعد 209 مرتبہ **یَامُقْسِطُ** پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بوقت ولادت بچہ اُسے آسانی میسرہوگی آزمودہ عمل ہے۔نقش پاک یہ ہے۔

م۴۰	ق۱۰۰	س۶۰	ط۹
۵۹	۱۰	۳۹	۱۰۱
۱۱	۶۲	۹۸	۳۸
۹۹	۳۷	۱۲	۶۱

سفر سے بخیریت واپسی

سفر پر روانہ ہونے سے قبل ذیل میں دیاہوانقش پاک پہن لے اوردوران سفر نماز کی ادائیگی کے بعد 114 مرتبہ **یَاجَامِعُ** اس طرح پڑھے کہ اول وآخر درود شریف پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی سفر سے بخیریت واپسی ہوگی اوراپنے اہل وعیال سے عافیت کے ساتھ ملاقات کرے گا نہائیت سریع الاثر آزمودہ عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

نقش پاک یہ ہے۔

ع	م	ا	ج
۱۴	۹	۶۸	۲۳
۱۱	۲۴	۱۳	۶۶
۱۹	۴۱	۳۲	۲۲

دولت کا حصول

جوکوئی چاہے کہ اللہ تعالیٰ اسے مال ودولت سے نوازے اس کی غربت وافلاس دور ہوجائے تو وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے کاروبار کی جگہ پر لگائے اگر ملازم ہے تو اپنے بازو پر باندھے روزانہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد 1060 مرتبہ **یَاغَنِیُّ** پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کے پاس روپے پیسے کی ریل پیل ہوجائے گی نقش پاک یہ ہے۔

۴۹		۳	۱۰۰۱
۲	۱۰۰۲	۴۸	۸
۹۹۹	۱	۹	۹۱
ی	ن	غ	

صبر وقناعت کے لئے

جوہر معاملے میں اللہ تعالیٰ کی رضا اور صبر وقناعت کا خواہاں ہو وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر پہن لے اور روزانہ نماز مغرب یا نماز عشاء کے بعد توجہ ویکسوئی سے گیارہ سو مرتبہ **یَامُغْنِیُ** اس طرح پڑھے کہ اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا قلب مطمئن اور صابر وشاکر ہوجائے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے صبر وقناعت کی نعمت سے نوازے گا۔ نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRoohaniWorld

م	غ	ن	ی
۵۱	۹	۴۱	۹۹۹
۸	۴۸	۱۰۰۲	۴۲
۱۰۰۱	۴۳	۷	۴۹

دلی مراد پوری ہو

ایسی جائز مراد جو پوری نہ ہوتی ہو اور وہ اس کا کسی سے اظہار بھی نہ کرنا چاہتا ہو تو یہ نقش پاک لکھ کر اپنے گلے میں پہنے اور ہر نماز کے بعد 149 مرتبہ **یَامُعْطِیُ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے چالیس یوم تک متواتر یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی مراد ضرور پوری ہوگی اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے اس کی مراد عطا فرمائے گا۔ نقش پاک یہ ہے۔

م۴۰	۶	۱۳	ع۷۰
۱۲	۷۱	۳۹	۷
۶۸	۱۱	۸	۴۲
ط۹	۴۱	۶۹	ی۱۰

پٹھوں کی تقویت کے لئے

پٹھوں کی کمزوری دور کرنے کی غرض سے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر پلائے اکیس یوم یا چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ پلائے اس کے علاوہ مریض ہر نماز کے بعد 161 مرتبہ **یَامَانِع** پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے پٹھے مضبوط ہو جائیں گے اور کمزوری جاتی رہے گی نقش پاک یہ ہے۔

۶	۶۸	۵۲	۳۹
۵۱	م۴۰	۱	۶۹
۲۷	ن۵۰	ع۷۰	۴
۷۱	۳	۳۸	۴۹

QureshiRohaniWorld

نقصان نہ پہنچے

جس کو کسی طرف سے نقصان پہنچائے جانے کا خدشہ وخوف رہتا ہو وہ باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک لکھ کر اپنے گلے میں پہن لے اور نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد 1001 مرتبہ یَاضَآرُّ پڑھا کرے اِن شاءاللہ تعالیٰ اسے کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔مؤثر وآزمودہ عمل ہے نقش پاک یہ ہے۔

۵۰۰	۵۳	۴۴۸	
۵۰	۱۰۰	۵۱	ض۸۰
۱۵۰	۶۴۹	۲۰۱	ا
۳۰۱	۱۹۹	۲۰۱	ر۲۰۰

کاروبار میں ترقی کے لئے

کاروبار میں ترقی واضافے کے لئے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں لکھ کر کاروبار کی جگہ پر آویزاں کردے اور ہر نماز کے بعد 201 مرتبہ یَانَافِعُ اس طرح پڑھے کہ اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے اپنے مقصد میں کامیابی ہوگی اس کا کاروبار خوب ترقی کرے گا بارہا مرتبہ کا آزمایا ہوا عمل ہے۔نقش پاک یہ ہے۔

ع۷۰	ف۸۰	ا	ن۵۰
۲	۴۹	۷۱	۷۹
۵۲	۳	۷۸	۶۸
۷۷	۶۹	۵۱	۴

QureshiRohaniWorld

بینائی میں اضافہ کے لئے

ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر پانی والے برتن میں ڈالے اور پانی کے چند چھینٹے آنکھوں پر مارے چالیس یوم تک روزانہ اسی طرح نقش لکھ کر آنکھوں کو اس پانی سے دھوئے اس کے علاوہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد 256 مرتبہ **یَانُوْرُ** پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور آنکھوں پر پھیرا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بینائی میں اضافہ ہو گا اور شب کوری کی شکائیت بھی اس عمل سے رفع ہو جاتی ہے آزمودہ عمل ہے۔ نقش پاک یہ ہے۔

ر۲۰۰	و٦	ن۵۰	
۴۹	۱	۱۹۹	۷
۲	۵۲	۴	۱۹۸
۵ ۰	۱۹۷	۳	۵۱

گمشدہ کو راستہ مل جائے

جو اکثر سفر میں رہتا ہو اُسے چاہیے کہ وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھ کر اپنے گلے میں پہن لے اور ہر نماز کے بعد بیس مرتبہ **یَاھَادِیُ** اس طرح پڑھے کہ اول و آخر درود پاک پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ وہ کبھی راستہ نہیں بھولے گا اسے سفر میں غیب سے رہنمائی حاصل ہو گی اور وہ بخیریت واپس آئے گا۔ نقش پاک یہ ہے۔

ی۱۰	و۴	ا	ھ
ھ	ا	د	ی
د	ی	ھ	ا
ا	ھ	ی	د

QureshiRohaniWorld

ہنر سیکھنے میں آسانی

جوکوئی ہنر سیکھ رہا ہو اور چاہتا ہو کہ جلد از جلد سیکھ کر اس میں ماہر ہو جائے وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لے اور ہر نماز کے بعد 86 مرتبہ **یَابَدِیْعُ** پڑھ دعا مانگا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے ہنر سیکھنے میں آسانی ہو گی اُس کا ذہن وسیع ہو جائے گا اور بہت جلد اسے کام کی سمجھ آ جائے گی۔ بہت مرتبہ کا آزمودہ اور نہائیت ہی فائدہ مند عمل ہے۔ نقش پاک یہ ہے۔

ب	د	ی	ع
۱۱	۶۹	۳	۳
۶۸	۸	۶	۴
۵	۵	۶۷	۹

تعمیر کی مضبوطی واستحکام کے لئے

مکان دکان یا کسی بھی تعمیر کی مضبوطی کے لیئے تعمیر کے آغاز میں یہ نقش پاک لکھ کر اس جگہ پر آویزاں کر دیا جائے جبکہ ایک نقش پانی میں گھول کر بنیادوں میں چاروں طرف پانی چھڑک دے اور روزانہ باوضو حالت میں 113 مرتبہ **یَابَاقِیُ** پڑھ کر تعمیر کردہ حصے پر دم کر دیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ تعمیر مضبوط و مستحکم رہے گی اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت فرمائے گا نقش پاک یہ ہے۔

ب۲	ا	ق	ی۱۰
۲۰	۵۵	۳	۳۵
۴۰	۴۹	۶	۱۸
۵۱	۸	۴	۵۰

QureshiRohaniWorld

صبر وسکون کے لئے

جسے کسی غم کے باعث صبر وقرار نہ آتا ہو تو یہ نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالے اور ہر نماز کے بعد 298 مرتبہ **یَاصَبُوْرُ** پڑھے اول وآخر درود شریف پڑھے اور اپنے سینے پر دم کرے چند دنوں میں ہی اسے صبر وسکون کی دولت میسیر آجائے گی اسے چین وقرار آجائے گا دکھ اور غم کا بوجھ اس کے دل سے دور ہو جائے گا نقش پاک یہ ہے۔

ص۹۰	۱۹۸	۳	۷
۸	ب۲	۲۰۱	۸۷
۱۹۹	۸۹	و۶	۴
۱	۹	۸۸	ر۲۰۰

سچائی سامنے آجائے

جس پر کوئی جھوٹا الزام لگا دیا گیا ہو اور سچائی سامنے نہ آتی ہو تو وہ یہ نقش پاک اپنے گلے میں پہن لے اور ہر نماز کے بعد 195 مرتبہ **یَاصَادِقُ** پڑھ کر دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی بے گناہی کا پتہ لوگوں کو چل جائے گا حقیقت اور معاملے کی سچائی کھل کر سامنے آجائے گی مگر چاہیے کہ یقین کامل اور اعتقاد کے ساتھ عمل کرے نہائیت موثر عمل ہے نقش پاک یہ ہے۔

ص۹۰	ل	۴۷	ق۱۰۰
۵	۹۹	۹۱	
۹۸	۲	۳	۹۲
۲	۹۳	۹۷	۳

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

رزق حلال میں اضافہ

رزق حلال میں وسعت واضافے کے لیئے روزانہ نماز فجر کے بعد 121 مرتبہ نہائیت توجہ ویکسوئی کے ساتھ **یَابَاسِطُ یَامُنْعِمُ** پڑھے اول وآخر درود شریف پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے کبھی رزق کی تنگی نہ ہوگی اس کا رزق فراخ ہو گا بہت جلد خوشحالی حاصل ہوگی۔ یہ نہائیت مفید اور اس مقصد کے لئے سریع الاثر عمل ہے اور رزق میں اضافے کے لیئے بہت ہی خوب ہے۔

خیر و برکت کا حصول

کس بھی کام میں خیر وبرکت اور اچھے نتائج کے حصول کے لئے کام کے آغاز سے لے کر اختتام تک روزانہ پانچ سو مرتبہ **یَامُعْطِیُ یَاشَکُوْرُ** پڑھے اپنے مقصد کا خیال پیش نظر رکھے تو بفضل باری تعالیٰ اسے اپنے مقصد میں ضرور کامیابی حاصل ہوگی اللہ تعالیٰ اس کے کام میں خیر وبرکت پیدا فرمائے گا اور اپنی نعمتیں عطا فرمائے گا۔ آزمودہ عمل ہے اول وآخر درود شریف ضرور پڑھے۔

محتاجی سے بچاؤ

جو کوئی روزانہ نماز عصر کے بعد 211 مرتبہ **یَاعَزِیْزُ یَامُغْنِیُ** پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا اسے کبھی رزق کی تنگی نہ ہوگی نہ ہی اسے کسی کی محتاجی ہوگی اللہ تعالیٰ اسے ہر طرح کی محتاجی سے محفوظ رکھے گا نہائیت مفید عمل ہے پڑھتے ہوئے اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

چشم خلائق میں معزز ہونا

چشم خلائق میں معزز ومحترم ہونے کی غرض سے ہر نماز کے 127 مرتبہ **یَاجَلِیْلُ یَاکَرِیْمُ** اس طرح پڑھا کرے کہ اول وآخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھے اِن شاء

QureshiRohaniWorld

اللہ تعالیٰ ہر کوئی اس کے ساتھ عزت واحترام سے پیش آئے گا اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اس کے لیئے عزت واحترام کے جذبات پیدا فرمائے گا بہت سے بزرگان دین کا یہ آزمودہ عمل ہے۔

اچھی شہرت کا حصول

لوگوں میں ہر دلعزیز ہونے اور اچھی شہرت کے حصول کے لیئے روزانہ نماز عشاء کے بعد 150 مرتبہ **یَامُعِزُّ یَارَافِعُ** پڑھے اول وآخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا دلی مقصد ضرور پورا ہوگا اسے عزت شہرت اور بلند مرتبہ حاصل ہوگا نہائیت تیر بہدف عمل ہے اور اس مقصد کے لیئے بہت ہی خوب ہے۔

تندرستی وصحت یابی کے لئے

تندرستی اور بیماری سے صحت یابی کے لیئے اکیس یوم تک روزانہ بلاناغہ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد 75 مرتبہ **یَاعَظِیْمُ یَاحَیُّ** پڑھے اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور حسب توفیق صدقہ وخیرات بھی کرتا رہے اس عمل کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے صحت تندرستی حاصل ہوگی اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔ آزمودہ اور سریع الاثر عمل ہے۔

مخلوق سے بے نیازی

جو کوئی چاہے کہ وہ کسی کا محتاج نہ ہو اللہ تعالیٰ اسے اپنے فضل وکرم سے نوازے اس کے رزق حلال میں وسعت عطا فرمائے تو وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ **یَاوَھَّابُ یَاوَاسِعُ** پڑھنے کا معمول بنالے اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ مخلوق خدا سے بے نیاز ہوجائے گا اس کے ہر جائز کام کے لیئے اللہ تعالیٰ غیب سے اسباب پیدا فرمائے گا۔ نہائیت موثر عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

عبادت کا شوق پیدا ہو جائے

اللہ تعالیٰ کی خصوصی توجہ کے حصول اور عبادت کا شوق پیدا کرنے کی غرض سے چاہیے کہ ہر نماز کے بعد 90 مرتبہ **یَامُحْصِیُ یَاقُدُّوْسُ** پڑھا کرے اول و آخر درود شریف پڑھے۔ نماز باجماعت پڑھنے کا معمول بنائے اور مسجد کی صفائی میں بھی حصہ لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے دل میں عبادت کا شوق پیدا ہو جائے گا اور اس کا دل عبادت الٰہی میں سکون رغبت اور حلاوت محسوس کرے گا۔ آزمودہ عمل ہے۔

گناہوں سے نفرت کے لئے

جو یہ چاہتا ہو کہ اس کے دل میں گناہوں سے نفرت پیدا ہو جائے اور اسے گناہوں سے چھٹکارا مل جائے وہ راہ راست پر آ جائے شیطان اس پر غلبہ نہ پا سکے تو وہ ہر نماز کے بعد 105 مرتبہ نہائیت توجہ و یکسوئی سے **یَااٰخِرُ یَاھَادِیُ** پڑھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس پر شیطان اپنا غلبہ نہ پا سکے گا اس کی آخرت اچھی ہو گی خاتمہ بالایمان ہو گا اور سیدھی راہ سے نہیں بھٹکے گا۔

شیطانی وسوسوں کا غلبہ نہ ہو

جس کو شیطانی وسو سے بہت زیادہ تنگ کرتے ہوں جس کی وجہ سے وہ بہت پریشان رہتا ہو تو وہ روزانہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد سونے سے قبل باوضو حالت میں بستر پر لیٹ کر اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھتے ہوئے پچاس مرتبہ **یَابَاعِثُ یَانُوْرُ** پڑھا کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ اس پر شیطانی وسو سے غلبہ نہ پا سکیں گے اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو صاف اور روشن و منور فرما دے گا۔

نیکی کے کاموں کی رغبت کے لئے

نیکی اور فلاحی کاموں کی رغبت اور دل میں اس کا شوق پیدا کرنے کی غرض سے

QureshiRohaniWorld

چالیس یوم تک روزانہ ہر نماز کے بعد نہائیت توجہ ویکسوئی کے ساتھ اول وآخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھتے ہوئے 95 مرتبہ **یَامُهَیْمِنُ یَاحَسِیْبُ** پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا ظاہر و باطن صاف ہو جائے گا اور اس کے دل میں فلاحی اور نیکی کے کاموں میں حصہ لینے کا جذبہ وشوق پیدا ہوگا دوسروں کے کام آ کر اسے دلی خوشی اور سکون محسوس ہوگا۔

جان و مال محفوظ رہے

جس جگہ جان و مال کے نقصان کا خطرہ ہو تو گھر سے نکلنے سے قبل 100 مرتبہ توجہ ویکسوئی سے **یَامُؤْمِنُ یَانَافِعُ** پڑھ کر اپنے اوپر اور گھر کے چاروں کونوں میں دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ جان و مال کی حفاظت رہے گی اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا ہر طرح کے نقصان سے بچا رہے گا۔ نہائیت موثر و آزمودہ عمل ہے پڑھتے ہوئے اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف بھی پڑھے۔

دشمن ناکام ہو جائے

دشمن کی چالوں کو ناکام کرنے اور اس پر غلبہ حاصل کرنے کی غرض سے ہر نماز کے بعد اول وآخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھتے ہوئے 111 مرتبہ **یَاخَافِضُ یَاقَادِرُ** پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے چالیس یوم تک یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا دشمن برباد و ناکام ہوگا۔ اور وہ اس کے شر سے ہمیشہ کے لیئے محفوظ ہو جائے گا۔ نہائیت تیر بہدف عمل ہے۔

بچیوں کی جلد شادی کے لئے

جن بچیوں کی شادی نہ ہوتی ہو کوئی رشتہ نہ آتا ہو یا رشتہ ہو کر ختم ہو جاتا ہو تو وہ بچی یا اس کے والدین میں سے کوئی نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد گیارہ سو مرتبہ نہائیت توجہ ویکسوئی سے **یَالَطِیْفُ یَاحَلِیْمُ** پڑھے اول وآخر درود شریف پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اکیس روز تک بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد بچی کا رشتہ اچھی جگہ پر طے ہو

QureshiRohaniWorld

جائے گا اور شادی بھی جلد ہو جائے گی آزمودہ عمل ہے۔

اولاد کا حصول

جو اولاد کی نعمت سے محروم ہو وہ چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یقین کامل اور اعتقاد خالص کے ساتھ ہر نماز کے بعد 127 مرتبہ **یَامُتَکَبِّرُ یَاوَاحِدُ** پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے اور ہر جمعرات کو حسب توفیق صدقہ وخیرات کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی مراد بر آئے گی اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے گا۔

اولاد نرینہ پیدا ہو

جس کے ہاں صرف بیٹیاں پیدا ہوتی ہیں اور وہ اولاد نرینہ کے حصول کی خواہاں ہو تو عورت کو چاہیے کہ جب حمل قرار پا جائے تو روزانہ نماز عصر کی ادائیگی کے بعد مغرب کی اذان تک بکثرت **یَابَرُّ یَابَدِیْعُ** پڑھے اول وآخر درود شریف پڑھے اور دعا مانگے بچے کی ولادت کے روز تک متواتر روزانہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کو بیٹے کی نعمت سے نوازے گا اور اس کی دلی مراد پوری ہو جائے گی آزمودہ عمل ہے۔

بانجھ پن کا خاتمہ

بانجھ پن کے خاتمے کے لیئے عورت کو چاہیے کہ وہ نماز پنجگانہ کی پابندی کرے اور ہر نماز کے بعد اپنے مقصد کے حصول کی غرض سے 200 مرتبہ **یَامُصَوِّرُ یَاخَالِقُ** پڑھے اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے بفضل باری تعالیٰ اسے ضرور اور جلد حمل قرار پا جائے گا۔ جب حمل قرار پا جائے تو حسب توفیق بچوں میں شیرینی تقسیم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے نیک اور صالح اولاد حاصل ہو گی۔

حمل قائم رہے

جس کا حمل قائم نہ رہتا ہو وہ حمل قرار پا جانے کے بعد ہر فرض نماز پڑھ کر توجہ

QureshiRohaniWorld

ویکسوئی سے 99 مرتبہ **یَامُبْدِئُ یَاسَلَامُ** پڑھے اور اپنے اوپر دم کیا کرے وضع حمل تک بلا ناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ حمل کی ہر طرح کی پیچیدگیوں سے محفوظ رہے گی اس کا حمل قائم رہے گا اسقاط حمل نہ ہوگا اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اولاد کی نعمت سے نوازے گا آزمودہ عمل ہے۔

زوجین میں محبت

میاں بیوی کے مابین محبت شدیدہ پیدا کرنے کی غرض سے دونوں میں سے کوئی بھی یا دونوں روزانہ نماز عشاء کے بعد نہائیت توجہ ویکسوئی سے 211 مرتبہ **یَاوَدُوْدُ یَا کَبِیْرُ** پڑھ کر دوسرے پر دم کرے چالیس یوم تک روزانہ بلا ناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی میں بہت زیادہ پیار و محبت پیدا ہو جائے گی۔ بارہا مرتبہ کا آزمودہ عمل اور میاں بیوی کی ناچاقی دور کرنے کیلئے بھی مؤثر ہے۔

گمشدہ کی واپسی

گمشدہ کی واپسی کے لیئے نماز عصر کے بعد سے نماز مغرب کی اذان سے پہلے تک باوضو حالت میں بکثرت **یَاجَامِعُ یَامُعِیْدُ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے سات یوم یا اکیس یوم یا چالیس یوم کے اندر اندر اِن شاء اللہ تعالیٰ گمشدہ کے بارے میں اطلاع مل جائے گی اور اس کی واپسی ہو جائے گا مگر چاہیے کہ یقین کامل اور خالص اعتقاد کے ساتھ عمل کرے اس مقصد کے لیئے سریع الاثر وظیفہ ہے۔

مصیبت سے نجات کے لئے

جو کوئی کسی ایسی مصیبت میں گھر گیا ہو جس میں جان کا بھی خطرہ ہو تو وہ ہر نماز کے بعد 127 مرتبہ **یَارَحْمٰنُ یَاسَلَامُ** پڑھے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ جلد مصیبت سے چھٹکارا مل جائے گا اور مصیبت میں محفوظ و مامون رہے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے سلامتی عطا فرمائے گا۔

QureshiRohaniWorld

جنات وجادو سے محفوظ رہے

جس کو جنات وجادو کے ورد کا خطرہ ہو وہ روزانہ نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد 300 مرتبہ **یَاحَفِیْظُ یَارَقِیْبُ** اس طرح پڑھا کرے۔ کہ اول وآخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ وہ ہر طرح کے جادوئی وار سے محفوظ رہے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔ آزمودہ اور سریع الاثر عمل ہے۔

گھر اور دکان کی حفاظت کے لئے

روزانہ پچاس مرتبہ **یَارَزَّاقُ یَاحَبِیْبُ** پڑھے اول وآخر سات سات مرتبہ دُرود ابراہیمی پڑھے اگر گھر میں پڑھے تو چاروں کونوں کی طرف منہ کر کے دم کرے اگر دکان میں پڑھے تو چاروں طرف دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ گھر اور دکان محفوظ رہیں گے اللہ تعالیٰ ہر طرح کے نقصان سے بچا کر رکھے گا اور رزق کی تنگی بھی دور ہو جائے گی۔ معاشی خوشحالی ہو جائے گی۔ یقین کامل اور خالص اعتقاد کے ساتھ اس عمل کو اپنے معمولات میں شامل رکھے اِن شاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

علم وحکمت کا حصول

جو روزانہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اول وآخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف پڑھتے ہوئے 75 مرتبہ **یَاحَکِیْمُ یَابَاعِثُ** پڑھ کر دعا مانگا کرے اللہ تعالیٰ اسے علم وحکمت کی دولت عطا فرمائے گا اور اس کے علم میں خوب اضافہ ہوگا بزرگان دین کا آزمودہ وظیفہ ہے۔

قبولیت دعا کے لئے

بارگاہ الٰہی میں دعا کی قبولیت کے لیئے اول وآخر درود ابراہیمی پڑھے اور اکیس مرتبہ یکسوئی سے **یَاسَمِیْعُ یَامُجِیْبُ** پڑھ کر اپنے مقصد وحاجت کی دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا جلد قبول ہوگی اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے نوازے گا۔

QureshiRohaniWorld

خاتمہ بالا یمان ہو

جوکوئی ہرنماز کے بعد ایک سومرتبہ **یَامُؤَخِّرُ یَاآخِرُ** پڑھے اول وآخرتین تین مرتبہ درودابراہیمی پڑھے پھراللہ تعالیٰ سے دعامانگے اِن شاءاللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ بالا یمان ہوگا مرتے وقت اس کاایمان سلامت رہے گا اسے اللہ تعالیٰ کی رضاوخوشنودی حاصل ہوگی اللہ تعالیٰ اس پرنزع کے وقت آسانی فرمائے گا اوراسے کلمہ طیبہ پڑھنے کی توفیق حاصل ہو گی نہائیت موثر اورفائدہ مندعمل ہے۔

عذاب قبر سے محفوظ رہے

عذاب قبر سے محفوظ رہنے کی غرض سے روزانہ نماز عصر کی ادائیگی کے بعد 121 مرتبہ **یَابَارِئُ یَاوَکِیْلُ** پڑھے اول وآخرتین تین مرتبہ درؤ دشریف پڑھے اس وظیفے کا معمول بنالے اورگاہے بگاہے صدقہ وخیرات بھی کرتارہے حسب توفیق ضرورت مندوں اور بیماروں کی مدد کرے اِن شاءاللہ تعالیٰ قبر میں آسانی ہوگی۔

حشر کی گرمی میں سکون

روزمحشر کی گرمی سے بچاؤ کے لیئے روزانہ نمازظہر کے بعد عاجزی وانکساری کے ساتھ 300 مرتبہ **یَارَحِیْمُ یَاکَرِیْمُ** اس طرح پڑھے کہ اول وآخردرؤ دابراہیمی پڑھے اِن شاءاللہ تعالیٰ حشر کے میدان میں گرمی سے محفوظ رہے گا۔اوراسے سکون محسوس ہوگا بزرگان دین کا فرمودہ وظیفہ ہے اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ بندے پررحم وکرم فرماتا ہے۔

شفاعت کا حصول

جوکوئی یہ چاہے کہ اسے حضورصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت حاصل ہو۔تو وہ روزانہ نمازعشاء کی ادائیگی کے بعداول وآخرگیارہ گیارہ مرتبہ درودابراہیمی پڑھتے ہوئے 127 مرتبہ نہائیت محبت وتوجہ سے **یَاحَسِیْبُ یَاتَوَّابُ** پڑھا کرے تو اِن شاءاللہ تعالیٰ

QureshiRohaniWorld

اسے روز محشر رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ کی شفاعت حاصل ہوگی اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے جنت میں جگہ عطا فرمائے گا۔

بلند مرتبہ کا حصول

بلند مرتبہ کے حصول کے لیئے ہر فرض نماز کے بعد 51 مرتبہ **یَاعَفُوُّیَارَافِعُ** اس طرح پڑھے کہ اول وآخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے ہر جمعرات کو حسب توفیق صدقہ وخیرات کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے بہت جلد اپنے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اور اسے بلند مرتبہ عطا ہوگا۔ اگر کسی دنیاوی منصب وعہدہ کے لیئے خواہاں ہے تو جب تک مقصد پورا نہ ہو وظیفہ جاری رکھے۔ مایوس ہرگز نہ ہو اِن شاء اللہ تعالیٰ ضرور اور جلد اسے کامیابی ہوگی بہت مرتبہ کا آزمایا ہوا عمل ہے۔

غربت ومفلسی سے نجات

غربت ومفلسی سے نجات اور دولت مند بننے کے لیئے ہر نماز کے بعد اول وآخر پانچ پانچ مرتبہ درؤ دابراہیمی پڑھتے ہوئے 311 مرتبہ **یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیُ** پڑھا کرے۔ اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ایسے اسباب پیدا ہوں گے کہ پروردگار عالم اسے دولت سے نوازے گا اس کی غربت اور افلاس کا خاتمہ ہوجائے گا مگر چاہیے کہ یقین کامل اور خلوص نیت سے عمل کرے۔

بیمار کی صحت یابی کے لئے

ایسا بیمار جو اپنی زندگی سے مایوس ہو چکا ہو وہ بکثرت **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ** پڑھا کرے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی صحت یابی کی دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کو ضرور افاقہ ہوگا اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے صحت کی نعمت عطا فرمائے گا۔ بارہا مرتبہ کا آزمودہ عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

دشمن مغلوب ہو جائے

دشمن پر غلبہ پانے کی غرض سے چالیس یوم تک روزانہ بلا ناغہ ہر نماز کے بعد 313 مرتبہ **یَاقَوِیُّ یَاعَزِیْزُ** پڑھے اول و آخر درود شریف پڑھے پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے حسب توفیق صدقہ وخیرات کرتا رہے اس لیئے کہ صدقہ بُری بلا کو ٹال دیتا ہے اِن شاء اللہ تعالیٰ وہ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اس کا دشمن مغلوب و مرعوب ہو جائے گا۔ نہائیت موثر عمل ہے۔

کاروبار خوب چلے

کاروبار میں وسعت اور اضافے کے لیئے ہر نماز کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھتے ہوئے 111 مرتبہ **یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ** پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے کھل جائیں گے اس کی روزی فراح ہو جائے گی اللہ تعالیٰ کاروبار میں برکت عطا فرمائے گا اس مقصد کے لیئے نہائیت سریع الاثر عمل ہے۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

قرآن حکیم کی سورتوں کے مختصر خواص

دس نیکیوں کا حصول

حدیث پاک میں آتا ہے کہ جو شخص کتاب اللہ میں سے ایک حرف پڑھے اسے دس نیکیاں عطا کی جاتی ہیں۔ (جامع ترمذی جلد دوم۔ص 115)

سانپ کے ڈسے کا علاج

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ ہم سفر میں تھے ایک جگہ قیام کیا اچانک ایک لونڈی نے آ کر کہا کہ یہاں کے قبیلہ کے سردار کو سانپ نے ڈس لیا ہے ہمارے آدمی یہاں موجود نہیں۔آپ میں سے کوئی جھاڑ پھونک کر دے ہم میں سے ایک شخص اُٹھ کر اس کے ساتھ ہولیا۔ہم نہیں جانتے تھے کہ وہ کچھ دم جھاڑا بھی جانتا ہے اس نے وہاں جا کر کچھ دم کیا۔اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔اس سردار نے تیس بکریاں دیں اور ہماری مہمانی کے لیئے بہت سارا دُودھ بھیجا۔جب وہ واپس آئے تو ہم نے کہا کیا تمہیں اس کا علم تھا؟اس نے جواب دیا کہ میں نے تو صرف سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا۔ہم نے کہا اس آئے ہوئے مال کو ابھی نہ چھیڑو پہلے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مسئلہ پوچھ لو۔

مدینہ طبیبہ میں آ کر ہم نے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ذکر کیا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اسے کیسے معلوم ہوگیا کہ یہ پڑھ کر دم کرنے کی سورت ہے

QureshiRohaniWorld

اب اس مال کے حصے کرلیں ایک حصہ میرا بھی رکھ لیں۔ (بخاری، مسلم، ابوداؤد)

شیطان کا گھر میں داخلہ بند

حدیث مبارکہ ہے کہ اپنے گھروں کو قبریں نہ بناؤ جس گھر میں سورۃ البقرہ کی تلاوت کی جائے وہاں شیطان داخل نہیں ہوسکتا۔ (مسند احمد، مسلم، ترمذی، نسائی)

دیوانے پن کا خاتمہ

علامہ عمادالدین ابن کثیر رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ قول نقل فرماتے ہیں۔ کہ جو شخص سورۂ بقرہ کی پہلی چار آیات آیۃ الکرسی اس سے اگلی دو آیات اور تین آخری آیات یعنی یہ دس آیات رات کے وقت پڑھ لے۔ تو اس رات شیطان گھر میں داخل نہیں ہوسکتا اور اسے اور اس کے گھر والوں کو اس دن شیطان یا کوئی اور بُری مخلوق تنگ نہیں کرسکتی۔ یہ آیات پڑھ کر اگر دیوانے پر دم کیا جائے تو اس کا دیوانہ پن ختم ہوجائے گا۔

روزِ محشر شفاعت کا حصول

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ قرآن پڑھا کرو یہ اپنے پڑھنے والوں کی قیامت کے دن شفاعت کرے گا دو نورانی سورتوں سورۃ البقرہ اور سورۂ آل عمران کو پڑھتے رہا کرو۔ یہ دونوں قیامت کے دن اس طرح آئیں گی کہ گویا دو سائبان ہیں یا دو ابر ہیں یا پر کھولے پرندوں کی دو جماعتیں ہیں اپنے پڑھنے والوں کے لیئے اللہ تعالیٰ سے سفارش کریں گی۔ (صحیح مسلم، مسند احمد بحوالہ ابن کثیرؒ)

قلب منور ہوجائے

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن سورۂ کہف کی تلاوت کرے تو دوسرے جمعہ

QureshiRohaniWorld

تک اس کا دل نور سے منور رہے گا۔ (فتح القدیر جلد سوم ص 268)

ہر مشکل آسان ہو جائے

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ جو شخص سورۂ یٰسین کی تلاوت کرے گا اگر وہ بھوکا ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس کا پیٹ بھر دے گا۔ اگر وہ پیاسا ہوگا تو اللہ تعالیٰ اسے سیراب کر دے گا۔ اگر وہ ننگا ہوگا تو اللہ تعالیٰ اسے لباس عطا فرمائے گا اگر وہ خوف وہراس میں مبتلا ہوگا تو اللہ تعالیٰ اسے امن وسکون عطا فرمائے گا۔ اگر وہ وحشت زدہ ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس کی وحشت کو دُور فرما دے گا۔ اگر وہ محتاج ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس کی محتاجی دور فرما دے گا۔ اگر جیل میں ہوگا تو اللہ تعالیٰ اسے رہائی دلوائے گا۔ اگر وہ راستہ سے بھٹک گیا ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس کی رہنمائی فرمائے گا اگر وہ مقروض ہوگا تو اللہ تعالیٰ اپنے خزانوں سے اس کا قرض ادا کرے گا۔ یعنی اللہ تعالیٰ سورۂ یٰسین کی تلاوت کرنے والے کی ہر مصیبت ٹال دے گا اور حاجت پوری فرمائے گا۔ (تفسیر المدارک جلد سوم ص 1451)

حاجت پوری ہو جائے

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سورہ یٰسین کو اپنی حاجت اور ضرورت کے آگے کر دے یعنی حاجت کے وقت اس بابرکت سورت کی تلاوت شروع کر دے۔ تو اللہ تعالیٰ اس سورۃ کی برکت سے اس کی حاجت اور ضرورت پوری فرما دیتا ہے۔ (تفسیر مظہری جلد 9 ص 874)

رزق حلال میں اضافہ

اس سورۂ کی روزانہ تلاوت کرنے سے رزق حلال میں اضافہ ہوتا ہے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص ہر رات سورۂ واقعہ پڑھتا ہے اسے کبھی فاقہ نہیں آئے گا۔ (بیہقی، مشکوٰۃ المصابیح ص 189)

QureshiRohaniWorld

عذاب قبر سے بچاؤ

حضرت شیخ البانی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ "الصحیحہ" میں ایک روائیت نقل فرماتے ہیں کہ سورۂ مُلک عذاب قبر سے روکنے والی ہے یعنی اس کا پڑھنے والا عذاب قبر سے محفوظ رہے گا بشرطیکہ وہ احکام وفرائض اسلام کا پابند ہو۔ (تفسیر احسن البیان)

جنت میں داخلہ

ایک روائیت میں آتا ہے کہ قرآن حکیم میں ایک ایسی سورۃ سورۃ (مُلک) ہے جو اپنے پڑھنے والے کی طرف سے لڑے گی حتیٰ کہ اسے جنت میں داخل کروائے گی۔ (مجمع الزوائد)

شرک سے بیزاری

حضرت حارثہ بن جبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! مجھے کوئی ایسی چیز بتایئے کہ میں اسے سوتے وقت پڑھ لیا کروں۔ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو رات کو اپنے بستر پر جائے تو سورۂ کافرون پڑھ لیا کر یہ شرک سے بیزاری ہے۔ (مسند احمد)

بیماری سے شفا

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے بستر پر تشریف لاتے تو سورۂ اخلاص اور معوذتین پڑھ کر اپنی ہتھیلیوں پر پھونک مارتے اور انہیں اپنے چہرے پر پھیرتے نیز اپنے جسم کے جتنے حصے تک ہاتھ پہنچ سکتے اس پر بھی پھیرتے، اُم المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ جب رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیمار ہوتے تو مجھے حکم دیتے کہ میں تینوں سورتیں ہاتھوں پر پھونک کر آپ کے جسم پر پھیروں۔ (صحیح بخاری)

QureshiRohaniWorld

اللہ تعالیٰ کی حفظ وامان

ایک مرتبہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن اسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سینے پر دست اطہر رکھ کر فرمایا کہو وہ نہ سمجھے کیا کہوں؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پھر فرمایا کہو تو انہوں نے سورۂ اخلاص کی تلاوت کی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پھر فرمایا کہو۔ تو انہوں نے سورۂ الفلق کی تلاوت کی پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہی فرمایا تھا سورۂ الناس پڑھی تو رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اسی طرح اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگا کر اس جیسی پناہ مانگنے کی اور کوئی سورتیں نہیں ہیں۔ (نسائی)

جادو کا علاج

ایک یہودی لبید بن اعصم اور اس کی بیٹیوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جادو کیا اس کا تھوڑا سا اثر جسم اطہر پر ہوا لیکن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قلب مبارک یا عقل واعتقاد پر کوئی اثر نہ تھا پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے اور انہوں نے اس یہودی کے جادو کا ذکر کیا اور یہ بھی بتایا کہ فلاں کنویں میں جادو کا کچھ سامان پتھر کے نیچے دیا دیا گیا ہے۔

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پانی نکالنے کے بعد پتھر اٹھایا تو اس کے نیچے سے کھجور کے گابھے کی تھیلی برآمد ہوئی اس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موئے مبارک تھے جو کنگھی سے برآمد ہوئے۔ اس کنگھی کے چند دندانے تھے۔ ایک ڈورا یا کمان چلہ تھا جس میں گیارہ گرہیں تھیں اور موم کا ایک پُتلا تھا جس میں گیارہ سوئیاں چبھی ہوئی تھیں یہ سب چیزیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں لائی گئیں تو اللہ رب العزت نے یہ دونوں سورتیں (سورۃ فلق اور سورۃ والناس) نازل فرمادیں جن کی آیات کی کل تعداد گیارہ ہے اور ہر ایک آیت کی تلاوت سے ایک ایک گرہ کھلتی رہی اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس طرح صحیح ہو گئے جیسے کوئی شخص جکڑ بند سے آزاد ہو جائے۔ (صحیح بخاری مع فتح الباری۔ مسلم)

QureshiRohaniWorld

بہترین تعویذ

حضرت ابوحابس جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ سلم نے فرمایا اے ابوحابس! کیا میں تمہیں بہترین تعویذ نہ بناؤں جس کے ذریعے پناہ طلب کرنے والے پناہ مانگتے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا ہاں ضرور بتایئے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دونوں کا ذکر کر کے فرمایا یہ دونوں معوذتین ہیں۔ (نسائی)

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

آیات قرآن حکیم کے آزمودہ وسریع الاثر عملیات

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

ناحق قید سے رہائی

جو ناحق قید میں پڑا ہو اور رہائی کی کوئی امید نظر نہ آتی ہو تو نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ جب **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ** پر پہنچے تو اس کی اکتالیس مرتبہ تکرار کرے پھر سورۃ کو مکمل کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے بفضل باری تعالیٰ اس کی رہائی جلد ہو جائے گی اس مقصد کے لیئے یہ موثر عمل ہے۔

فراخی رزق کے لئے

رزق حلال میں سعت و اضافے کے لیئے روزانہ نماز مغرب کے بعد نہائیت توجہ و یکسوئی سے سات مرتبہ سورۃ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ جب **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ** پر پہنچے تو اس کی سات بار تکرار کرے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے رزق حلال میں دن بدن خیر و برکت پیدا ہوگی۔

QureshiRohaniWorld

مہم میں کامیابی

ہرطرح کی مہم اور سفر میں کامیابی اور بخیریت واپسی کے لیئے جانے سے قبل نماز عصر کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے اور بکثرت پڑھے اقوی معین واحدی دلیل بحق **اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ** مغرب کی اذان سے قبل بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اس کے بعد جب چاہے روانہ ہو اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی مہم کامیاب ہوگی راستے کی تمام رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا اور کسی قسم کا خوف وخطرہ ذہن پر سوار نہ ہوگا۔

دلی مراد پوری ہو

ایسی جائز مرادوحاجت جو پوری نہ ہوتی ہو تو ہرنماز کے بعد سجدہ ریز ہوکر سورۃ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ جب **اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ** پر پہنچے تو اس کی اکیس مرتبہ تکرار کرے پھر سورۃ کو مکمل کر کے سجدہ سے سر اٹھائے اور اول وآخر تین تین مرتبہ درُود ابراہیمی پڑھتے ہوئے دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ چالیس دنوں کے اندر اندر اس کی مراد ضروری پوری ہوگی۔نہائیت موثر عمل ہے۔

موذی جانور نقصان نہ پہنچائیں

جس مسافر کو کسی ایسے راستے سے گزرنا پڑتا ہو جہاں ہروقت موذی جانوروں کے حملہ کا خطرہ رہتا ہو اس علاقے میں موذی جانور پائے جاتے ہوں تو ان کے شر سے بچاؤ کے لیئے گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے اور راستہ چلتے ہوئے **مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ** پڑھتا جائے بفضل باری تعالیٰ کوئی موذی جانور نقصان نہ پہنچا سکے گا اور وہ خیر وعافیت سے اپنی منزل پر پہنچ جائے گا۔

ملازمت کا حصول

ملازمت کے حصول اور ذریعہ معاش حاصل کرنے کی غرض سے نماز عصر کے بعد

QureshiRohaniWorld

نہائیت توجہ ویکسوئی سے تین سو مرتبہ **یَاحَیُّ یَاحَلِیْمُ یَاعَزِیْزُ یَاکَرِیْمُ** میری مراد پوری فرما بحق **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ** پڑھے خلوص دل سے پڑھنے کے بعد بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرنے سے مطلوبہ مقصد پورا ہو جائے گا اور حسب منشا روزگار مل جائے گا۔

ظالم حاکم کے شر سے بچاؤ

جس ظالم وجابر حاکم سے نقصان پہنچائے جانے کا خدشہ ہو اور اس کے سامنے جانا بھی ضروری ہو تو جانے سے قبل باوضو حالت میں اکیس مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور پھر حاکم کی طرف جاتے ہوئے بکثرت **مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ** پڑھتا رہے اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ حاکم اس کے ساتھ مہربانی کا سلوک کرے گا اور نقصان نہ پہنچائے گا۔

بیماری سے شفا

بیماری سے خلاصی کے لیئے صبح وشام اکیس اکیس مرتبہ **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ** پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے۔ سات یوم یا اکیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بیمار کو افاقہ ہوگا اور اس کی بیماری کا زور ٹوٹ جائے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے بیمار کو صحت وشفا عطا فرمائے گا مجرب وآزمودہ عمل ہے۔

مشکل آسان ہو جائے

ایسی مشکل جس کا کوئی حل دکھائی نہ دیتا ہو تو چالیس یوم تک روزانہ نماز عشاء کے بعد سات سو مرتبہ **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ** پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی مشکل چالیس دنوں کے پورا ہونے سے پہلے ہی آسان ہو جائے گی ورنہ چالیس دن مکمل ہونے پر ضرور اسے مشکل سے نجات ملے گی بارہا مرتبہ کا آزمودہ عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

ناگہانی مصیبت سے بچاؤ

جوکوئی اس نیت سے ہر نماز کے بعد 121 مرتبہ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگا کرے کہ اللہ تعالیٰ اسے ہر طرح کی ناگہانی مصیبت سے محفوظ رکھے تو بفضل باری تعالیٰ وہ مصیبت سے بچا رہے گا اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرمائے گا بہت سے بزرگان دین کا آزمودہ اور نہائیت مفید و موثر عمل ہے۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

وبائی امراض سے محفوظ رہے

جس علاقے میں کوئی وبائی مرض پھیل گیا ہو یا بیماری پھیلنے کا خدشہ ہو تو باوضو حالت میں گندم کے اکیس دانے لے کر سورۂ یٰسین اس طرح پڑھے کہ جب **سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ** پر پہنچے تو اس کو چودہ سو مرتبہ پڑھے اور سورۃ مکمل کرے پھر ان دانوں پر دم کرے اس میں سے روزانہ دو دانے نگل لے یا جس بھی کسی کو اس وبائی مرض کے حملے سے بچانے کا خواہاں ہو اُس کو کھلا دے اِن شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کے وبائی مرض سے محفوظ رہے گا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

رُکا ہوا کاروبار چل پڑے

جس کا چلتا ہوا کاروبار ٹھپ ہو گیا ہو اور کچھ سمجھ نہ آتی ہو کہ کیا ہو گیا ہے تو وہ چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں طلوع آفتاب تک بکثرت **سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ** پڑھے پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر اس پر رزق کا دروازہ کھل جائے گا کاروبار خوب چلے گا اور اس کی روزی فراخ ہو جائے گی۔

خوف ودہشت کا خاتمہ

جو کسی دشمن کی طرف سے دھمکی ملنے کے باعث خوف ودہشت میں مبتلا ہو اسے اپنی جان کے نقصان کا ہر وقت خطرہ رہتا ہو تو وہ روزانہ 818 مرتبہ **سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ**

QureshiRohaniWorld

رَّحِیْم پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے اس کی برکت سے وہ بفضل باری تعالیٰ سکون محسوس کرے گا اس کے دل سے خوف ودہشت کا خاتمہ ہوجائے گا اور دشمن نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

بیماری سے نجات

ایسی بیماری جو کسی بھی طرح ٹھیک نہ ہوتی ہو۔علاج کروا کر تنگ آ گیا ہو۔کوئی صورت بیماری کے خاتمے کی نظر نہ آتی ہوتو وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْم پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے علاوہ ازیں صبح وشام چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب وزعفران سے یہ آیت مبارکہ لکھ کر پانی سے دھو کر پی لے اِن شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر شفائے کاملہ حاصل ہوگی مجرب وآزمودہ عمل ہے۔

چشم خلائق میں معزز ہونا

جوکوئی چشم خلائق میں معزز ہونے کا خواہاں ہو وہ روزانہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھتے ہوئے اکیس مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْم پڑھے علاوہ ازیں ایک سفید کاغذ پر یہ آیت مبارکہ عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں پہن لے جہاں بھی جائے گا ہر کوئی عزت واحترام سے پیش آئے گا بفضل باری تعالیٰ چشم خلائق میں معزز ہوگا۔

قرض خواہ تنگ نہ کریں

جس کو قرض خواہ تنگ کرتے ہیں اور وہ کوشش کے باوجود قرض ادا کرنے کی سکت نہ رکھتا ہوتو وہ چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ نماز عشاء کے بعد تین سو مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْم پڑھے اول وآخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے قرض خواہ تنگ نہ کریں گے اور اللہ تعالیٰ غیب سے اس کے قرض کی ادائیگی کے اسباب مہیا فرمادے گا۔آزمودہ عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

گمشدہ کی واپسی

گمشدہ کی جلد واپسی کے لیئے نماز عصر کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ ہو کر اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھتے ہوئے 227 مرتبہ **سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ** پڑھے اور گمشدہ تصور کرتے ہوئے اُس پر دم کرے پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کو گمشدہ کے بارے میں خواب میں حال معلوم ہو جائے گا اور بہت جلد گمشدہ کی واپسی ہو گی۔

مقدمہ میں کامیابی

قرآن حکیم کا دل سورۂ یٰسین ہے اور آیت مبارکہ **سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَبٍّ رَّحِیْمٍ** سورۂ یٰسین کا دل ہے اگر کوئی مقدمے کا فیصلہ اپنے حق میں کروانے کا خواہاں ہو تو چالیس یوم تک روزانہ بلا ناغہ نماز عشاء کے بعد سات سو مرتبہ **سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ مقدمے کا فیصلہ اس کے حق میں ہو جائے گا۔

مستجاب الدعوات ہونا

جو کوئی اپنے نام کی تعداد کے مطابق ہر نماز کے بعد **سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ** پڑھے اور اس کا معمول بنالے تو بفضل باری تعالیٰ اُسے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل ہو گی جو بھی جائز دُعا مانگے گا بارگاہ الٰہی میں اسے شرف قبولیت حاصل ہو گی مستجاب الدعوات ہونے کے لیئے یہ بہت سے بزرگوں کا آزمودہ اور نہایت سریع الاثر وظیفہ ہے۔

موکل مطیع کرنا

موکل کو تابعدار کرنے کی غرض سے **سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ** چاند کے مہینے کی پہلی جمعرات کو نماز عشاء کے بعد 121 مرتبہ پڑھے اور چالیس یوم تک روزانہ بلا

QureshiRohaniWorld

ناغہ پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا موکل تابعداری کرے گا اُس کو تمام چیزوں کی حقیقت دکھائی دے گی اس مقصد کے لیئے یہ وظیفہ بہت ہی خوب ہے مگر چاہیے کہ یقین کامل اور توجہ ویکسوئی سے کرے تو فائدہ ہوگا۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

حَسْبُنَااللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ

دشمن کے شر سے محفوظ رہے

مشہور ولی اللہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جوکوئی بکثرت **حَسْبُنَااللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ** پڑھا کرے تو وہ دشمن کے شر سے محفوظ ہوجاتا ہے۔اکثر دیکھا گیا ہے کہ اس عمل کے باعث دشمن اس دارفانی سے کوچ کرجاتا ہے۔اس کوصرف جائز کام کے لیئے پڑھنا چاہیے ایسا نہ ہو کہ رجعت میں گرفتار ہوکرخود ہی کسی مصیبت میں مبتلا ہوجائے۔

گمشدہ مال مل جائے

جس کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو یا کوئی مال ضائع ہوگیا ہوتو وہ چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد نوسو مرتبہ **حَسْبُنَااللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ** پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی گمشدہ چیز اسے ضرور واپس مل جائے گی اگر مال ضائع ہو چکا ہوگا تو اللہ رب العزت اس سے بہتر اور زیادہ متبادل عطا فرمائے گا۔مجرب وآزمودہ عمل ہے مگر چاہیے کہ یقین کامل اور خالص اعتقاد سے عمل کرے۔

چشم خلائق میں معزز ہونا

جوکوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں معزز ومحترم ہوجائے بندوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ اس کی محبت ڈال دے تو اسے چاہیے کہ وہ رات دن میں باوضو ہوکر **حَسْبُنَااللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ** موافق اس کے اعداد یعنی 450 مرتبہ پڑھنے پر مداومت رکھے اِن شاء اللہ

QureshiRohaniWorld

تعالیٰ اسے اپنے مقصد میں کامیابی ہوگی وہ جہاں بھی جائے گا لوگوں کے دلوں میں لیئے عزت ومحبت کے جذبات پائے گا۔

ہمیشہ امن میں رہے

جوکوئی روزانہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد تین تین مرتبہ **حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ** پڑھنے کا معمول بنالے تو بفضل باری تعالیٰ وہ ہمیشہ امن میں رہے گا اور اس کی ہر مشکل آسان ہوجائے گی۔ یہ نہائیت سریع الاثر وظیفہ ہے۔اور بہت سے بزرگان دین کے معمولات میں شامل ہے۔اس کوروزانہ پڑھتے رہنے۔ سے دشمنوں کی طرف سے نقصان پہنچائے جانے کا خدشہ دور ہوجاتا ہے اللہ تعالیٰ کی مدد اس کے شامل حال ہوجاتی ہے۔

قید سے رہائی

جس کوناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو وہ ہرنماز کے بعد تین سو مرتبہ **حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ** پڑھا کرے۔اللہ تعالیٰ سے عاجزی وانکساری سے دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی رہائی کے اسباب پیدا ہوجائیں گے۔اور وہ رہا ہوجائے گا۔قید سے جلد رہائی کے حوالے سے اس آیت مبارکہ کا وظیفہ بہت ہی موثر اور بہت سے لوگوں کا آزمایا ہوا ہے۔

حاکم وافسر مہربان ہوجائے

حاکم یا افسر کو اپنا مطیع کرنے کی غرض سے روزانہ نماز عصر کے بعد اکیس مرتبہ **حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ** پڑھا کرے۔اور پڑھنے کے بعد اپنے اوپر دم کرے اول وآ کر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔تو اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا مقصد بہت جلد پورا ہو جائے گا۔

QureshiRohaniWorld

ہر حاجت پوری ہو

بعض عارفین بیان کرتے ہیں کہ جو کوئی چالیس یوم تک روزانہ **حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ** چار ہزار مرتبہ پڑھے تو اس کو بہت فائدہ اور بڑا مشاہدہ حاصل ہوتا ہے جس سے عقلیں دنگ رہ جائیں اس عمل کو مکمل چالیس دن تک کرنے کے بعد جب بھی دُعا مانگے تو اس سے اول و آخر تین تین مرتبہ دُرود شریف پڑھتے ہوئے گیارہ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے تو اس کی دعا بفضل باری تعالیٰ پوری ہوگی جو بھی حاجت مانگے گا وہ پوری ہو گی اور تمام مشکلات اس پر آسان ہوں گی۔

ظالم کا غصہ دور کرنا

اگر کوئی ظالم غصے کی حالت میں ہو یا اس کے غصے ہونے کا خدشہ ہو تو اس کے سامنے جاتے ہوئے بکثرت **حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ** پڑھتا ہوا جائے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا غصہ کافور ہو جائے گا۔ اور وہ اس کے ساتھ نرمی سے پیش آئے گا۔ نہائیت موثر اور آزمودہ عمل ہے۔

عہدہ میں ترقی

عہدہ و منصب میں ترقی کے لیئے ہر نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ **حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ** پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے چالیس یوم تک روزانہ بلا ناغہ یہ عمل یقین کامل اور توجہ سے کر لے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی مراد ضرور پوری ہوگی اور اس کو ترقی مل جائے گی۔

ظالم حاکم کو معزول کرنا

ایسا ظالم حاکم جس کے ظلم سے مخلوق خدا تنگ ہو اس کی عہدہ سے معزولی کے لیئے چالیس چھوہاروں کی گٹھلیوں پر ایک ایک مرتبہ **حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ** پڑھے اور پھر

QureshiRohaniWorld

کہے کہ میں نے فلاں بن فلاں کو اس عمل سے معزول کیا پھر ان گٹھلیوں کو کسی گڑھے میں ڈال کر دبا دے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد حاکم معزول ہو جائے گا۔

روحانی خوشی کا حصول

جو کوئی جمعہ کے روز باوضو حالت میں قبلہ رُخ ہو کر نہائیت توجہ و یکسوئی سے ایک ہزار مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھا کرے تو بفضل باری تعالیٰ اسے روحانی خوشی و مسرت حاصل ہو گی اس کا قلب مطمئن رہے گا اس عمل کا معمول بنا لینے سے پریشانی میں بھی گھبراہٹ نہیں ہوتی اور ہر پریشانی جلد دور ہو جاتی ہے۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

شر سے بچاؤ کے لئے

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ جب کوئی شخص اپنے گھر سے نکلتے وقت یہ پڑھا کرے **بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔**

تو اس وقت اس سے کہا جاتا ہے۔ یعنی فرشتے کہتے ہیں کہ تمہارے کام بنا دیے گئے۔ اور تمہاری ہر شر سے حفاظت کی گئی۔ شیطان (ناکام ہوکر) اس سے پرے ہٹ جاتا ہے۔ (ترمذی شریف)

بارگاہ الٰہی میں مقبول ہونا

بارگاہ الٰہی میں مقبول ہونے اور قربت الٰہی کے حصول کے لیئے ہر نماز کے بعد ان کلمات کو پڑھنا مطلوبہ مقصد میں کامیاب کرتا ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو کوئی **سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، وَاللّٰہُ اَکْبَرْ وَلَاحَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ** کہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرا بندہ فرمانبردار ہو گیا اور اپنے آپ کو میرے حوالے کر دیا۔ (مستدرک حاکم)

گناہوں کا خاتمہ

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ **سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ**

QureshiRohaniWorld

اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ،وَاللّٰہُ اَکْبَرْ وَلَاحَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلاَّ بِاللّٰہِ کہا کرو یہ باقیات صالحات ہیں۔ اور یہ گناہوں کو اس طرح مٹا دیتے ہیں جس طرح درخت سے پتے جھڑتے ہیں اور یہ کلمات جنت کے خزانوں میں سے ہیں۔ (طبرانی، مجمع الزوائد)

ستر بلاؤں سے حفاظت

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جو کوئی نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد سات مرتبہ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم** پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ اس سے ستر بلاؤں کو دور فرما دے گا۔ علاوہ ازیں ریاح، دیوانگی اور برص جیسی بیماریوں میں بھی شفا حاصل ہوگی اور اس کا نام نیک بخت افراد کی فہرست میں درج کر دیا جائے گا۔

دانت درد کا علاج

دانت کے شدید درد میں فرض نماز کی ادائیگی کے بعد سجدہ کی جگہ پر ہاتھ پھیر کر درد ہونے والے دانتوں پر پھیرے اور یہ کہے **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الشَّافِیْ اللّٰہُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلاَّ بِاللّٰہِ**۔ اس کی برکت سے فوری طور پر افاقہ ہوگا اور اِن شاء اللہ تعالیٰ جلد آرام آجائے گا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

بینائی کمزور نہ ہو

جو یہ چاہے کہ اس کی بینائی کمزور نہ ہو یا اگر بینائی دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہو تو ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ **لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلاَّ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم** پڑھ کر ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کرے اور آنکھوں پر پھیرا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی قوت بصارت میں اضافہ ہوگا اور آنکھوں کی روشنی تیز ہو جائے گی۔

QureshiRohaniWorld

نظر بد سے نجات

نظر بد کی وجہ سے بیمار ہونے والے مریض کو باوضو حالت میں سات مرتبہ **لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ** اس طرح پڑھ کر دم کرے کہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور اس پر تین دن تک روزانہ ایک مرتبہ دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے چھٹکارہ حاصل ہوگا اور مریض کی بیماری ختم ہو جائے گی۔ نہائیت موثر اور بارہا مرتبہ کا آزمودہ عمل ہے۔

دردزہ میں کمی

دردزہ میں کمی اور بوقت ولادت آسانی کے لیئے باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر **اَلشَّکُوْرُ الصَّبُوْرُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ** لکھ کر تکلیف کے وقت حاملہ کی پیشانی پر باندھے دے اِن شاء اللہ تعالیٰ زچگی کا مرحلہ آسانی سے طے ہوگا اور بچے کی ولادت آسانی سے ہو جائے گی۔

قوت مردمی میں اضافہ

قوت مردمی میں اضافے اور مضبوطی کے لیئے سات یوم تک روزانہ بلاناغہ باوضو حالت میں ستر مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر ستر مرتبہ **لاحول ولاقوۃ الاباللہ العلی العظیم** پڑھے پھر ستر مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھے اور روٹی پر دم کر کے مریض کو کھلائے اِن شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی کمزوری ختم ہو جائے گی قوت مردی کو تقویت حاصل ہو گی نہائیت مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

آسیب کے خوف سے نجات

اگر کوئی ایسی جگہ پر قیام پذیر ہو جہاں ہر وقت آسیب کا خوف محسوس ہوتا ہو تو اسے چاہیے کہ بکثرت **اعوذباللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم**

QureshiRohaniWorld

ولاحول ولاقوۃ اِلاباللہ العلی العظیم پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے دل سے آسیب کا خوف ختم ہوجائے گا۔

فراخی رزق کے لئے

جوکوئی ہرنماز کے بعد نہائیت توجہ ویکسوئی سے ایک سوگیارہ مرتبہ **یَااللّٰہُ یَارَزَّاقُ بحق لاحول ولاقوۃ اِلا باللّٰہ العلی العظیم** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگا کرے تو بفضل باری تعالیٰ اس کے رزق میں کبھی تنگی نہ ہوگی اللہ رب العزت اس کے رزق میں وسعت عطا فرمادے گا۔

منصب میں ترقی کے لئے

روزانہ نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد ستر مرتبہ **سُبْحَانَ رَبِّ الْعَرشِ الْکَرِیْمِ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ** پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کے عہدہ میں ترقی ہوجائے گی آزمودہ عمل ہے۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ

کبھی رزق کی تنگی نہ ہو

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جوکوئی پابندی سے استغفار کرتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے ہر تنگی سے نکلنے کا راستہ بنادیتا ہے ہر غم سے اسے نجات عطا فرماتا ہے اور اسے ایسی جگہ سے رزق عطا فرماتا ہے جہاں سے اس کو گمان بھی نہیں ہوتا۔ (ابوداؤد شریف)

بیماری سے شفا

بیماری سے جلد صحت یابی کے لیے ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ **اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ** پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے شفایابی کے لیئے دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت وشفا حاصل ہوگی اور آرام آجائے گا نہائیت موثر وآزمودہ وظیفہ ہے۔

پریشانی سے نجات

اکابرین فرماتے ہیں کہ شدید پریشانی کی حالت میں نصف شب کے وقت باوضو حالت میں آسمان تلے کھڑے ہوکر آسمان کی طرف رنجیدہ صورت بنا کر دیکھے اور چند منٹوں تک عاجزی وانکساری سے بکثرت **اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ** پڑھے تین دن یا سات یوم تک روزانہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ پریشانی کا خاتمہ ہوجائے گا۔

QureshiRohaniWorld

قید سے رہائی

جس کو اس کے جرم کی سزا کے طور پر قید میں ڈال دیا گیا ہو اور اسے اپنے کیے پر ندامت ہو تو وہ روزانہ نماز عشاء کے بعد ایک سو مرتبہ **اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ** پڑھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کو قید سے رہائی مل جائے گی۔

آفات و بلیات سے بچاؤ کے لئے

جو کوئی روزانہ نماز فجر اور نماز عصر کے بعد تین مرتبہ **اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ** پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہر طرح کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت فرمائے گا۔ نہائیت موثر و ظیفہ ہے۔

گناہوں کی معافی

حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روائیت ہے کہ انہوں نے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو کوئی **اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ** کہے تو اس کی مغفرت کر دی جائے گی اگر چہ وہ میدان جہاد سے بھاگا ہو ایک روائیت میں ہے کہ تین مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔ (ابوداؤد۔ حاکم)

حمل قائم رہے

جس عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو اور وہ اولاد کی نعمت سے محروم ہو تو جب حمل قرار پا جائے اس کے بعد ہر نماز کے بعد روزانہ اکتالیس مرتبہ **اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ** پڑھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اس عمل پر مداومت رکھے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ حمل ساقط نہیں ہوگا اور اللہ تعالیٰ

QureshiRohaniWorld

نیک اور صالح اولاد سے نوازے گا۔

ماں باپ کی ناراضی ختم ہو جائے

جس کے ماں باپ ناراض ہوں اور کسی بھی طرح راضی نہ ہوئے ہوں تو وہ روزانہ نماز مغرب کے بعد اپنے نام کے اعداد کی تعداد کے مطابق **اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ** پڑھے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اس دوران والدین کی خدمت میں حاضری دیتا رہے اور مایوس نہ ہو بفضل باری تعالیٰ ماں باپ ضرور اس سے راضی ہو جائیں گے۔

آنکھوں کی روشنی میں اضافہ

بینائی کمزور ہو جانے کی صورت میں ہر نماز کے بعد نہائیت توجہ و یکسوئی سے تین مرتبہ یہ پڑھے **اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ** اول و آخر تین تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے **اَللّٰھُمَّ یَانُوْرَالنُّوْرَصَلِّ عَلٰی نُوْرِکَ الْمُنِیْرِوَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ** پڑھنے کے بعد ہاتھوں پر پھیرے بفضل باری تعالیٰ اس کی آنکھوں کی روشنی میں اضافہ ہو جائے گا اور نظر کمزوری کی شکائیت نہ رہے گی آزمودہ اور موثر عمل ہے۔

برے خوابوں سے خلاصی

برے اور خوفناک قسم کے خواب آنے کی صورت میں رات کو سونے سے قبل وضو کرے اور اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھتے ہوئے پچاس مرتبہ **رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ** پڑھ لے پھر دائیں کروٹ ہو کر سو جائے اس عمل کی حرکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ بُرے خوابوں سے چھٹکارا مل جائے گا اور سکون کی نیند آئے گی۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

غم سے نجات

حدیث پاک میں آتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب کوئی غم پیش آتا تو یہ پڑھتے تھے۔

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

''اے زندہ اور قائم رہنے والے! تیری رحمت کے ساتھ میں فریاد کرتا ہوں۔''

(ترمذی شریف)

حاجت پوری ہو جائے

نماز فجر کی سنت وفرض کے درمیان اکتالیس مرتبہ یہ پڑھے۔**یَااللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ** تو اِن شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر ہر طرح کی جائز حاجت ضرور پوری ہو جائے گی۔نہائیت سریع الاثر اور آزمودہ وظیفہ ہے۔

ناحق قید سے خلاصی

جس کو جھوٹے مقدمے میں قید کیا گیا ہو اور کوئی شنوائی نہ ہوتی ہو تو وہ ہر نماز کے بعد 121 مرتبہ **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ** چالیس یوم تک پڑھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے یقین کامل اور اعتقاد خالص سے عمل کرے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی قید سے جلد رہائی ہو جائے گی۔

QureshiRohaniWorld

مشکل آسان ہو جائے

اگر کوئی مشکل میں پھنس گیا ہو اور اس مشکل سے خلاصی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو نماز فجر اور نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ** پڑھے اول و آخر درود شریف بھی پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اکیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ بہت جلد اسے مشکل سے چھٹکارہ حاصل ہو جائے گا۔

بچی کی جلد شادی کے لیے

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو کوئی رشتہ طے نہ ہوتا ہو تو وہ ہر فرض نماز کے بعد نہائیت توجہ و یکسوئی سے 127 مرتبہ **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ** پڑھا کرے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد میں کامیابی کیلئے دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے لیئے شادی کے پیغام آنا شروع ہو جائیں گے اور بہت جلد اس کی اچھی جگہ پر شادی ہو جائے گی نہائیت آزمودہ عمل ہے۔

دوسروں کو مسخر کرنا

مخلوق خدا کو مسخر کرنے کے لیئے جو کوئی نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اُسی جگہ پر بیٹھ طلوع آفتاب تک بکثرت **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ** پڑھے اور اپنے مقصد کی دعا مانگے چالیس یوم تک روزانہ بلاغانہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس پر پروردگار عالم خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا جہاں بھی جائے گا لوگ اس کے مطیع ہوں گے۔ شیخ بونی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کئی صبح صادق کے وقت بکثرت **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ** پڑھا کرے تو مخلوق کے دل اس کے لیئے مسخر ہوں گے۔

QureshiRohaniWorld

خونی بواسیر سے نجات

خونی بواسیر کے عارضہ سے نجات کے لیئے باوضو حالت میں ایک ہزار مرتبہ **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ** پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے سات یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر اندر خون آنا بند ہو جائے گا اور آرام آجائے گا۔

مایوسی کا خاتمہ

اگر کوئی مایوسی کا شکار ہو گیا ہو کسی کام میں اس کا دل نہ لگتا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ** پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں اس سے مایوسی کے اثرات دور ہو جائیں گے مایوسی ختم ہو جائے گی اور اس کا قلب مطمئن ہو جائے گا۔

دشمن کے شر سے بچاؤ

جو دشمن نقصان پہنچانے کے درپے ہو اس کے شر سے محفوظ رہنے کے لیئے روزانہ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد تین سو مرتبہ **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ** پڑھا کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

ہمسایہ تنگ نہ کرے

جو اپنے ہمسائے سے تنگ ہو وہ چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ ہر نماز کے بعد 75 مرتبہ **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کو ہمسایہ تنگ کرنے سے باز آجائے گا اور امن و سکون سے اس کی گزر ہو گی۔

QureshiRohaniWorld

زچہ کے دُودھ میں اضافہ

جس زچہ کے دُودھ میں کمی واقع ہوگئی ہوتو باوضو حالت میں تین سو مرتبہ **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ** پڑھ کر پانی پر دم کر کے عورت کو پلائے سات یوم تک روزانہ اسی طرح دم کر کے پلائے اِن شاء اللہ تعالیٰ دُودھ میں اضافہ ہوجائے گا اور بچہ بھوکا نہ رہے گا۔

کاروبار خوب چلے

جس کا کاروبار نہ چلتا ہو وہ روزانہ نماز فجر کے بعد 114 مرتبہ **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کے کاروبار میں خیر و برکت پیدا ہوجائے گی اور کاروبار چلنا شروع ہوجائے گی اللہ تعالیٰ اس کی روزی فراخ فرمادے گا۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

حاجت روائی کے لئے

اللہ تعالیٰ کے اسم پاک **ذُوالْجَلَال وَالْاِکْرَامِ** میں تمام اعلیٰ صفات موجود ہیں چنانچہ جوکوئی اس اسم مبارک کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرکر پہنے اور ہرنماز کے بعد 99 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو جب بھی کسی حاجت کے لیئے دُعا مانگے گا اِن شاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہوگی اور حاجت پوری ہوجائے گی آزمودہ عمل ہے۔

کامیابی کے لئے

جو اپنے کسی مقصد میں کامیابی کا خواہاں ہو وہ روزانہ نماز عشاء کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر نہایت توجہ و یکسوئی سے 1095 مرتبہ **یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ جس بھی مقصد کے لیئے عمل کررہا ہے اُس میں ضرور کامیابی ہوگی۔

بیماری سے نجات

بیمار کی جلد صحت یابی کے لیے دوسرا شخص باوضو حالت میں ایک ہزار مرتبہ **یَاذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ** اس طرح پڑھے کہ دل و آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے سات یوم یا گیارہ یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ مریض کو شفائے کاملہ حاصل ہوگی۔

QureshiRohaniWorld

دشمن سے محفوظ رہے

جس کو دشمن نقصان پہنچانا چاہتا ہو وہ ہر نماز کے بعد 111 مرتبہ **یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَحْفَظْنَامِنَ الْعَدُوِّ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

لوگوں کو مطیع کرنا

دوسروں کو مطیع و مسخر کرنے کی غرض سے جو کوئی چالیس یوم تک ہر نماز کے بعد 450 مرتبہ **یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ** پڑھے اور نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور اُس وقت خوشبو کی دھونی جائے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا مقصد پورا ہو جائے گا جس کے سامنے بھی جائے گا وہ اس کا گرویدہ اور مطیع ہو جائے گا۔ یہ نہائیت سریع الاثر اور آزمودہ کامیاب عمل ہے۔

تنگی و مشکل سے نجات

جو کسی تنگی یا مشکل میں مبتلا ہو گیا ہو وہ اکیس یوم تک نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد سات سو مرتبہ **یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ** اس طرح پڑھے کہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی تنگی و مشکل دور ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ اس کے لیئے آسانیاں پیدا فرمائے گا۔ اور اسے راحت و سکون حاصل ہوگا۔

قید سے خلاصی

بے گناہ قیدی اپنی رہائی کے لیئے ہر نماز کے بعد سات سو مرتبہ **یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ** کا ورد کرے اور بارگاہ الٰہی میں اپنی عرضداشت پیش کرے اللہ تعالیٰ اپنے فضل

QureshiRohaniWorld

وکرم سے اس کی رہائی کے اسباب جلد پیدا فرما دے گا۔اور اسے جلد قید سے خلاصی مل جائے گی۔

دشمن پر رعب طاری کرنا

دشمن پر رعب ودبدبہ طاری کرنے کی غرض سے چالیس یوم تک روزانہ نماز عصر کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر تین سو تیرہ مرتبہ **یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ** پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا رعب ودبدبہ دشمن کے دل میں پیدا ہو جائے گا وہ جب بھی دشمن سے سامنا کرے گا دشمن اس سے مرعوب رہے گا اور مغلوب ہوگا آزمودہ عمل ہے۔

گھر کی اشیاء محفوظ رہیں

گھر کی اشیاء کی حفاظت کے لیئے روزانہ باوضو حالت میں نماز عشاء کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں اور سامان کی طرف منہ کر کے دم کرے یہ نہائیت مؤثر وظیفہ ہے اس کی برکت سے گھر کی اشیاء محفوظ رہیں گی کسی قسم کا نقصان نہ ہوگا مگر چاہیے کہ یقین کامل اور خالص اعتقاد کے ساتھ عمل کرے۔

افسر سختی نہ کرے

جس کا افسر بہت زیادہ سخت ہو ہر ایک سے سختی کا رویہ رکھتا ہو تو اُس کے سامنے جانے سے قبل گیارہ مرتبہ **یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ** پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ افسر کا رویہ دوسروں سے بہتر رہے گا۔اور بلاوجہ تنگ نہ کرے گا آزمودہ وظیفہ ہے۔

ادھار واپس مل جائے

جس نے کسی سے رقم ادھار لینی ہو اور وہ ٹال مٹول کرتا ہو جان بوجھ کر واپس نہ کرتا ہو تو ہر نماز کے بعد 227 مرتبہ **یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا

QureshiRohaniWorld

مانگے اور جس سے ادھار لینا ہے اُس سے گاہے بگاہے تقاضہ جاری رکھے اِن شاء اللہ تعالیٰ دنوں میں ہی وہ ادھار واپس لوٹا دے گا نہائیت موثر وظیفہ ہے۔

آسیب تنگ نہ کرے

اگر کوئی ایسی جگہ پر رات بسر کر رہا ہو کہ جہاں پر آسیب کا خوف ہو تو باوضو حالت میں اول و آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر تین سو مرتبہ **یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ** پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور قبلہ رُخ ہو کر لیٹ جائے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے آسیب تنگ نہیں کرے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے اپنی حفظ و مان میں رکھے گا۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ

آشوب چشم کا شافی علاج

آشوب چشم کا عارضہ لاحق ہونے کی صورت میں نماز ظہر کا وقت شروع ہونے سے قبل باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ یااللہ یارحمن یارحیم پڑھ کر پانی پر دم کرے اس پانی سے سات گھونٹ پی لے باقی پانی میں سلائی ڈبو کر دونوں آنکھوں میں سات سات مرتبہ سلائی پھیرے تین یوم تک روزانہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ آرام آجائے گا۔

حافظہ مضبوط ہو جائے

جس کی یادداشت بہت زیادہ کمزور ہو تو وہ ہر نماز کے بعد 101 مرتبہ یااللہ یارحمن یارحیم پڑھ لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ حافظہ قوی ہو جائے گا اور یادداشت بہت بہتر ہو جائے گی اس کی بھول جانے کی عادت بھی ختم ہو جائے گی بارہا مرتبہ کا آزمودہ عمل ہے۔

قلبی سکون کے لئے

دل کی بے چینی اور بدسکونی دور کرنے کے لئے ہر نماز کے بعد آنکھیں بند کر کے 99 مرتبہ یااللہ یارحمن یارحیم پڑھا کرے اور پھر اپنے اوپر دم کرے۔ اس عمل کی برکت سے بفضل باری تعالیٰ دل کو سکون حاصل ہوگا۔ قلب مطمئن رہے گا بے چینی کا خاتمہ ہو جائے گا۔

QureshiRohaniWorld

جریان سے نجات

جریان کے مرض میں شفا حاصل کرنے کی غرض سے گیارہ یوم تک روزانہ بلاناغہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں 101 مرتبہ یااللہ یارحمن یارحیم پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرے اول وآخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ مرض کا خاتمہ ہو جائے گا۔

درخت پھل دینے لگے

اگر کوئی پھلدار درخت پھل نہ دیتا ہو یا پھلوں کی پیداوار کم ہو تو تھوڑا پانی لے کر نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب سے قبل 101 مرتبہ یااللہ یارحمن یارحیم پڑھے اور پانی پر دم کر کے درخت کی جڑوں پر ڈال دے سات یوم تک روزانہ یہ عمل کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ پیداوار کی کمی دور ہو جائے گی۔

ناچاقی کا خاتمہ

میاں بیوی میں ناراضی ہو اور خاوند اپنی بیوی سے ناراض ہو تو 123 مرتبہ یااللہ رحمن یارحیم پڑھ کر کسی بھی کھانے والی چیز پر دم کرے اور خاوند کو کھلا دے چند یوم تک یہ عمل کرے اس کی برکت سے بفضل باری تعالیٰ خاوند مہربان ہو جائے گا اور ناچاقی ختم ہو جائے گی۔

دل کی سختی دور ہو جائے

جس کا دل بہت سخت ہو اس میں رحم کا جذبہ نہ ہو تو ہر نماز کے بعد 111 مرتبہ یا اللہ یارحمن یارحیم پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے دل کی سختی دور ہو کر نرمی میں بدل جائے گی اس کے اندر رحمت وشفقت کا جذبہ پیدا ہو جائے گا۔

QureshiRohaniWorld

مریض کو ہوش آ جائے

جس مریض پر بے ہوشی طاری ہو جاتی ہو تو باوضو حالت میں اس کے پاس بیٹھ کر تین سو مرتبہ **یا اللہ یا رحمن یا رحیم** پڑھ کر مریض پر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ مریض کو ہوش آ جائے گا اور اس کی طبیعت بہتر ہو جائے گی مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

ادائیگی قرض کے لئے

جو قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ادائیگی کرنے کی سکت نہ رکھتا ہو وہ چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ نماز عشاء کے بعد پانچ سو مرتبہ **یا اللہ یا رحمن یا رحیم** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے اور بہت جلد اسے قرض سے چھٹکارا مل جائے گا۔

اولاد تابعداری کرے

نافرمان اولاد کو مطیع و فرمانبردار بنانے کی غرض سے نماز مغرب کے بعد 121 مرتبہ **یا اللہ یا رحمن یا رحیم** پڑھ کر پانی پر دم کرے یا کسی میٹھی چیز پر دم کرے پھر اولاد کو کھلا پلا دے یہ عمل اکیس یوم یا چالیس یوم تک کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اولاد تابعداری کرے گی۔

ہمسایہ تنگ نہ کرے

جس کا ہمسایہ تنگ کرتا ہو اور باز نہ آتا ہو تو روزانہ کسی بھی وقت باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر سات سو مرتبہ **یا اللہ یا رحمن یا رحیم** پڑھ کر ہمسائے کا تصور کرتے ہوئے اس کی طرف دم کرے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ ہمسایہ تنگ نہ کرے گا۔

QureshiRohaniWorld

رزق میں اضافہ

فراخی زرق کے لیئے ہرنماز کے بعد اکتالیس مرتبہ یااللہ یارحمن یارحیم پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی فراخ ہوجائے گی اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے معاشی خوشحالی عطا فرمائے گا اور رزق کی تنگی دور ہوجائے گی۔

تسہیل ولادت کے لئے

زچگی کی تکلیف میں کمی اور بچے کی بآسانی ولادت کے لیئے حمل قرار پاجانے کے بعد روزانہ باوضو حالت میں 121 مرتبہ یااللہ یارحمن یارحیم پڑھ کر کسی کھانے والی چیز پر دم کرے اور حاملہ کو کھلائے اِن شاء اللہ تعالیٰ زچگی کا مرحلہ آسانی سے طے ہوگا اور بچے کی ولادت باآسانی ہوجائے گی۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

سُبْحَانَ اللّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

ایک ہزار نیکیوں کا حصول

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ کہ جو سو مرتبہ **سُبْحَانَ اللّٰہِ** پڑھے اس کے لیے ایک ہزار نیکیاں لکھ دی جائیں گی۔ اور اس کے ایک ہزار گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔ (مسلم شریف)

بارگاہ الٰہی میں تذکرہ

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جن چیزوں سے تم اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کرتے ہو ان میں سے **سُبْحَانَ اللّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** ہیں۔ یہ کلمات عرش کے چاروں طرف گھومتے ہیں ان کی آواز شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ کی طرح ہوتی ہے اس طرح یہ کلمات اپنے پڑھنے والے کا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تذکرہ کرتے ہیں کیا تم یہ نہیں چاہتے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کوئی ہمیشہ تمہارا تذکرہ کرتا رہے۔ (ابن ماجہ)

جنت میں کھجور کا درخت لگانا

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص **سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ** پڑھتا ہے اس کے لیئے جنت میں کھجور کا ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔

(بزار۔ مجمع الزوائد)

QureshiRohaniWorld

محبوب ترین کلمات

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ دو کلمے ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ کو بہت محبوب زبان پر بہت ہلکے اور ترازو میں بہت وزنی ہیں وہ کلمات **سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ** ہیں۔ (بخاری شریف)

پسندیدہ کلمات

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ افضل کلام وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فرشتوں یا اپنے بندوں کے لیئے پسند فرمایا وہ **سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ** ہے۔
(مسلم شریف)

گناہوں کا خاتمہ

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ کہ **سُبْحَانَ اللّٰہِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ** کہنے کی وجہ سے گناہ ایسے جھڑتے ہیں۔ جیسے درخت سے پتے جھڑتے ہیں۔ (مسند احمد)

اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کا حصول

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص **سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ واللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ** کہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرا بندہ فرمانبردار ہو گیا۔ اور اپنے آپ کو میرے حوالے کر دیا۔ (مستدرک حاکم)

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

رَبِّ اَنِّی مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

مصیبت سے نجات کیلئے

ہر طرح کی مصیبت سے نجات کے لیئے نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد پچاس پچاس مرتبہ پڑھے اول و آخر درود ابراہیمی پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی مصیبت سے چھٹکارہ حاصل ہو جائے گا آزمودہ عمل ہے اور یہ دُعا حضرت نوح علیہ السلام کی ہے۔

قرض سے چھٹکارہ

قرض کے بوجھ سے چھٹکارے کے لیئے روزانہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر نہائیت توجہ و یکسوئی سے تین سو مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ فضل و کرم فرمائے گا پردہ غیب سے اس کے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے اور بہت جلد اس کا قرض ادا ہو جائے گا۔

چشم خلائق میں معزز ہونا

چشم خلائق میں معزز و محترم ہونے کی غرض سے ہر نماز کے بعد 121 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے جہاں بھی جائے گا لوگوں کے دلوں میں اپنے لیئے عزت و احترام پائے گا ہر کوئی اس کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئے گا۔ بزرگان دین کا آزمودہ وظیفہ ہے۔

دشمن نقصان نہ پہنچا سکے

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لیئے روزانہ نماز فجر کے بعد اکہتر مرتبہ پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن اسے کسی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکے گا اور اس کا

QureshiRohaniWorld

دشمن پر غلبہ ہوگا اللہ تعالیٰ پردۂ غیب سے اس کی مدد وحفاظت فرمائے گا مگر چاہے کہ گاہے بگاہے حسب توفیق صدقہ وخیرات کرتا رہا کرے۔

مقدمہ میں کامیابی

جس پر جھوٹا مقدمہ قائم کر دیا گیا ہو اور چھٹکارے کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو چالیس یوم تک نماز عصر کے بعد سے نماز مغرب کی اذان تک نہائیت توجہ ویکسوئی سے بکثرت پڑھے پھر اول وآخر درود شریف پڑھتے ہوئے اپنے مقصد کے لیئے بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ مقدمے کا فیصلہ اس کے حق میں ہو جائے گا اور اسے کامیابی حاصل ہوگی آزمودہ عمل ہے۔

بیماری کی تکلیف

ایسی بیماری جس سے بہت تکلیف محسوس ہوتی ہو دوا سے بھی افاقہ نہ ہوتا ہو اور تکلیف کی شدت بعض مرتبہ بڑھ جاتی ہو تو اس حالت میں بکثرت **رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ** پڑھے بفضل باری تعالیٰ تکلیف میں کمی ہوگی اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ عطا فرمائے گا۔

قید سے رہائی

جو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو وہ روزانہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرمائے گا اور اس کی رہائی جلد عمل میں آجائے گی۔نہائیت سریع الاثر وظیفہ ہے۔

جھوٹے الزام سے خلاصی

جس پر کوئی جھوٹا الزام لگا دیا گیا ہو جس کی وجہ سے وہ بہت پریشان ہو تو اکیس یوم تک نماز ظہر کے بعد 150 مرتبہ پڑھے اور پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی جھوٹے الزام سے خلاصی ہو جائے گی اور اس کی سچائی سامنے آجائے گی۔آزمودہ

QureshiRohaniWorld

عمل ہے۔

حاکم تنگ نہ کرے

حاکم وقت کی طرف سے تنگ کرنے کا خطرہ ہو تو نماز مغرب کے بعد 171 مرتبہ پڑھ لیا کرے اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ حاکم تنگ نہیں کرے گا اور اس کے ساتھ مہربانی سے پیش آئے گا اس کے دل سے حاکم کا خوف ختم ہو جائے گا۔

بُرے ہمسائے کے شر سے بچا رہے

ایسا بُرا ہمسایہ جس کے شر سے کوئی محفوظ نہ رہتا ہو اس کے شر سے بچاؤ کے لیئے نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا اور اس کی عزت وآبرو کی حفاظت فرمائے گا۔اس مقصد کے لیئے یہ موثر وظیفہ ہے۔

درست فیصلہ کرنے کی توفیق

جو کسی معاملے میں تذبذب کا شکار ہو اسے فیصلہ کرنے میں دشواری محسوس ہوتی ہو سمجھ نہ آتی ہو کہ کیا فیصلہ کرے جو اس کے حق میں بہتر ہو تو وہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد پانچ سو مرتبہ پڑھے اور پھر سو جائے پھر صبح نماز فجر کے بعد بھی پانچ سو مرتبہ پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے درست فیصلہ کرنے کی توفیق حاصل ہو گی اور وہ ایسا فیصلہ کرے گا جو اس کے حق میں بہتر ہو گا۔

.....☆☆☆.....

QureshiRohaniWorld

لَآ اِلٰہَ اِلَّاھُوَالْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ

بے چینی کا خاتمہ

بے چینی سے نجات کے لیئے ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کی بے چینی کا خاتمہ ہو جائے گا اور قرار محسوس ہوگا آزمودہ وظیفہ ہے چند یوم تک ہر نماز کے بعد بلاناغہ پڑھنے سے قلب مطمئن ہو جاتا ہے۔

رنج وغم سے نجات

ہر طرح کے رنج وغم میں بکثرت پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے رنج وغم سے نجات عطا فرمائے گا اس کے دل سے رنج وغم کا بوجھ دور فرمادے گا نہائیت موثر وظیفہ ہے۔

بے خوابی کے لیے

جس کو نیند نہ آتی ہو وہ رات کو سونے سے قبل پہلے ایک سو مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر یہ آیت مبارکہ بکثرت پڑھتا رہے اور لیٹ جائے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے خوب نیند آئے گی اس کی بے خوابی کی شکائیت رفع ہو جائے گی اور وہ آرام کی نیند سوئے گا۔

بچہ ضد نہ کرے

جو بچہ بہت زیادہ ضدی ہو اور تنگ کرتا ہو اکیس یوم تک روزانہ نماز مغرب کے بعد اکیس مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ بچہ ضد کرنا چھوڑ دے گا۔ آزمودہ عمل

QureshiRohaniWorld

ہے۔

پٹھوں کی تکلیف

رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں پچھتر مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور ہاتھوں کو تمام بدن پر پھیرے اِن شاء اللہ تعالیٰ پٹھوں کی تکلیف میں افاقہ ہوگا چند یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے جب تک کہ مکمل طور پر آرام نہ آجائے نہائیت سریع الاثر عمل ہے۔

بلڈ پریشر کے لیے

جس کا بلڈ پریشر کنٹرول میں نہ رہتا وہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے بفضل باری تعالیٰ اس کا بلڈ پریشر ٹھیک ہوجائے گا ہائی بلڈ پریشر کی صورت میں گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے اِن شاء اللہ تعالیٰ بلڈ پریشر نارمل ہوجائے گا اور طبیعت ٹھیک ہوجائے گی۔

چڑچڑاپن سے نجات

جس کا مزاج بہت چڑچڑا رہتا ہو وہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ **لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ** پڑھ لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے مزاج کا چڑچڑاپن دور ہوجائے گا اس مقصد کے لیے یہ بہت ہی مؤثر و آزمودہ وظیفہ ہے۔

خاوند کا غصہ کم کرنا

جس عورت کا خاوند بہت غصیلا ہو بات بات پر غصہ کرتا ہو جس کی وجہ سے گھر کی فضا کشیدہ رہتی ہو تو وہ عورت صبح و شام سات سات مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اپنے خاوند کو پلائے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ خاوند کا رویہ بیوی کے ساتھ ٹھیک ہوجائے گا اور گھر میں سکون رہے گا۔

QureshiRohaniWorld

گھبراہٹ دور ہو جائے

جو معمولی بات پر گھبرا جاتا ہوا کثر اس پر گھبراہٹ طاری رہتی ہو وہ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ لیا کرے اور اپنے اوپر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی گھبراہٹ دور ہو جائے گی۔ اس کا قلب بفضل باری تعالیٰ مضبوط ہو جائے گا۔

یادداشت کی بہتری کیلئے

جس کا حافظہ کمزور ہو بھول جانے کی عادت ہو وہ چالیس یوم تک روزانہ باوضو حالت میں 111 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پانی پی لے اِن شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر اس کی یادداشت بہتر ہو جائے گی اور حافظہ مضبوط ہو جائے گا۔

قلبی سکون کے لیے

جس کا قلب مطمئن نہ رہتا ہو قلبی سکون میسر نہ ہو وہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے قلبی اطمینان و سکون حاصل ہوگا موثر وظیفہ ہے۔

نیند میں چونک جانا

جو بچہ یا بڑا نیند میں چونک جاتا ہو جس کی وجہ سے ان کی نیند خراب ہو جاتی ہو تو سونے سے قبل اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ سکون کی نیند آئے گی آزمودہ عمل ہے۔

.....☆☆☆.....

QureshiRohaniWorld

اَللّٰھُمَّ اِنَّانَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِ ھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

دشمن نقصان نہ پہنچا سکے

ایسا دشمن جس کی طرف سے نقصان پہنچائے جانے کا خطرہ ہو تو نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اکیس مرتبہ پڑھ لیا کرے اس کے بعد جب بھی گھر سے نکلے تو تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا اللہ تعالیٰ پردہ غیب سے اس کی حفاظت فرمائے گا۔

خوف کا خاتمہ

جس کے دل پر انجانا خوف سوار ہو وہ روزانہ نماز مغرب کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو بفضل باری تعالیٰ اس کے دل سے خوف دور ہو جائے گا نہائیت موثر و آمودہ وظیفہ ہے۔

دشمن کی بربادی

جو دشمن جان کے درپے ہو کسی بھی طرح باز نہ آتا ہو نقصان پہنچانے کا کوئی موقع نہ چھوڑتا ہو تو اس کے سدباب کے لیے چالیس یوم تک نماز ظہر کے بعد پانچ سو مرتبہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں اپنے مقصد کے لیئے دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ دعا بارگاہ الٰہی میں قبول ہو گی دشمن مصیبت میں مبتلا ہو جائے گا اور رفتہ رفتہ اس کی بربادی ہو جائے گی یہ نہائیت سریع الاثر عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

ڈر محسوس نہ ہو

جس کو کسی طرف سے کوئی ڈر محسوس ہوتا ہو وہ ہر نماز کے بعد بکثرت پڑھے اِن شاءاللہ تعالیٰ اس کا ڈر ختم ہو جائے گا۔ روائیت ہے کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی قوم کی طرف سے کوئی ڈر محسوس ہوتا۔ تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے زیادہ سے زیادہ پڑھتے تھے۔

کوئی شرارت نہ کرے

مخالفین کی شرارتوں سے محفوظ رہنے کے لیے روزانہ نماز عصر کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا مخالفین شرارت نہ کریں گے اور نہ ہی اس کو تنگ کریں گے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہر طرح کی شرارت وغیرہ سے بچا رہے گا۔

دشمن پر رعب طاری رہے

دشمن پر اپنا رعب ودبدبہ طاری کرنے کے لیے روزانہ باوضو حالت میں 121 مرتبہ پڑھ لیا کرے جب بھی کبھی دشمن سے سامنا ہوگا دشمن کے دل پر اس کا رعب چھا جائے گا اور وہ مغلوب ہوگا اس مقصد کے لیے یہ بہت ہی پُر اثر اور آزمودہ عمل ہے۔

اعصابی تناؤ سے نجات

جو کسی خوف یا پریشانی کی وجہ سے اعصابی تناؤ کا شکار ہو گیا ہو اور شدید ٹینشن محسوس کرتا ہو وہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ **اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ** پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور پھر بدن پر پھیرے چند یوم تک یہ عمل بلاناغہ کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا اعصابی تناؤ ختم ہو جائے گا اور وہ راحت محسوس کرے گا۔

QureshiRohaniWorld

مخالفین کی مخالفت سے بچا رہے

جس کے کسی کام میں بہت زیادہ مخالف ہوں ان کی مخالفت اسے فائدے سے محروم رکھنے کا باعث ہوسکتی ہوتو وہ نماز مغرب کے بعد پچھتر مرتبہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اول وآخر درود شریف پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ مخالفین کی مخالفت کے باوجود اسے کامیابی حاصل ہوگی۔ آزمودہ عمل ہے۔

کاروباری حریفوں کی ناکامی

اگر کاروباری حریف اسے نقصان پہنچانے کے درپے ہوں اور اس کا کاروبار تباہ کرنے پر تلے ہوئے ہوں تو ہر نماز کے بعد 121 مرتبہ پڑھا کرے بفضل باری تعالیٰ اس کا کاروبار تباہ نہ ہوگا دشمن ناکام ہوں گے اللہ تعالیٰ کی مدد اس کے شامل حال رہے گی۔

حاکم مہربانی سے پیش آئے

حاکم یا افسر کا سامنا کرنے سے جو کوئی ڈرتا ہو تو وہ جانے سے قبل گیارہ مرتبہ پڑھ لے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ حاکم یا افسر اس کے ساتھ مہربانی اور حسن سلوک سے پیش آئے گا وہ حاکم اور افسر کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔ آزمودہ عمل ہے۔

مصیبت دور ہو جائے

ہر طرح کی مصیبت میں بکثرت پڑھے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مصیبت کا خاتمہ ہوجائے گا پریشانی راحت میں بدلی جائے گی اللہ رب العزت اس کی پردہ غیب سے مدد فرمائے گا اور مصیبت سے نجات مل جائے گی موثر وآزمودہ وظیفہ ہے۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ

حق کی وصولی کے لیے

جس شخص کو اس کا حق نہ ملتا ہو کوشش کے باوجود وہ حق کے حصول میں ناکام ہو تو ہر نماز کے بعد پچاس مرتبہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے بفضل باری تعالیٰ اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اور بہت جلد اس کا حق اسے مل جائے گا سریع الاثر عمل ہے۔

مقدمہ میں کامیابی

جو کسی مقدمے میں ملوث ہو اور صدق دل سے یہ چاہے کہ مقدمے کا فیصلہ اس کے حق میں ہو جائے تو وہ فجر کی نماز کے بعد روزانہ بلاناغہ ایک سو مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا بارگاہ الٰہی میں قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور اسے مقدمے میں کامیابی حاصل ہوگی۔

پریشانی کا خاتمہ

اگر کوئی لوگوں کی بلاوجہ مخالفت کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان ہو تو وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ پڑھ لیا کرے چند یوم تک یہ عمل جاری رکھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی ختم ہو جائے گی۔ اور لوگ اس کی بلاوجہ مخالفت کرنا چھوڑ دیں گے۔ نہائیت موثر عمل ہے۔

حسب منشا رشتے کے لیے

جو کسی جگہ پر شادی کا خواہاں ہو اور رشتہ طے نہ ہوتا ہو تو وہ روزانہ نماز عشاء کی

QureshiRohaniWorld

ادائیگی کے بعد نہائیت توجہ ویکسوئی کے ساتھ تین سو مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کی دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی خواہش پوری ہو جائے گی جب تک کام نہ ہو جائے عمل جاری رکھے اِن شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی آزمودہ عمل ہے۔

کام میں بہتری کے لیے

جس کا اچھا بھلا کام خراب ہونے کا خدشہ ہو تو وہ کام کے دوران بکثرت اس کا ورد کرتا رہے اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کے کام میں بہتری پیدا فرمائے گا اور اسے کسی طرح کا نقصان نہیں ہوگا مگر چاہیے کہ یقین کامل اور خلوص واعتقاد کے ساتھ عمل کرے اس کا ورد کرنے سے اللہ تعالیٰ کی مدد شامل حال ہو جاتی ہے۔

کوئی چوری نہ کر سکے

جس کو اپنی دکان یا فیکٹری میں ملازموں کی طرف سے چیزیں چرائے جانے کا خطرہ ہو تو وہ روزانہ اپنے کاروبار کی جگہ پر بیٹھ کر اکیس مرتبہ **وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ** پڑھ کر چاروں طرف دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے ہاں چوری نہ ہوگی اللہ رب العزت اس کی اشیاء کی حفاظت ونگہبانی فرمائے گا آزمودہ عمل ہے۔

کاروبار خوب چلے

کاروبار میں اضافے اور ترقی کے لیے روزانہ نماز فجر کے بعد اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھتے ہوئے 111 مرتبہ یہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کے کاروبار میں برکت پیدا فرمادے گا اور اس کے رزق حلال میں فراخی ووسعت ہو جائے گی۔

سفر سے بخیریت واپسی

سفر سے بخیر وعافیت واپسی کے لیے روانہ ہونے سے قبل دو رکعت نفل نماز

QureshiRohaniWorld

پڑھے۔پھر اُسی جگہ بیٹھ کر 121 مرتبہ یہ پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا سفر امن وامان اور خیریت سے طے ہوگا۔اور بسلامت واپسی ہوگی نہائیت موثر عمل ہے۔

بچہ راہ راست پر آجائے

جس کا بچہ یا گھر کا کوئی بھی فرد بے راہ روی کا شکار ہو گیا ہو تو اس کو راہ راست پر لانے کے لیے جب وہ سو جائے تو گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ وہ بچہ یا فرد جلد سُدھر جائے گا اور بُری حرکتیں چھوڑ دے گا۔

گھر میں آسیب داخل نہ ہو

جس گھر میں آسیب کا خلل ہو باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے اس کو لکھ کر گھر کے دروازے پر چسپاں کر دے اور روزانہ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد سات سات مرتبہ پڑھ کر گھر کے چاروں گوشوں کی طرف منہ کر کے دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ آسیب گھر میں داخل نہ ہوگا اور گھر میں سکون رہے گا آزمودہ اور کامیاب عمل ہے۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّااِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

جنت میں گھر

سیدنا رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب کسی مسلمان کا بچہ وفات پا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں سے فرماتا ہے کیا تم نے میرے بندے کے بچہ کی جان قبض کر لی؟ فرشتے عرض کرتے ہیں جی ہاں پھر اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتا ہے کیا تم نے اس کے دل کی الفت کو قبض کر لیا؟ تو فرشتے عرض کرتے ہیں جی ہاں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے پھر میرے بندے نے کیا کہا وہ عرض کرتے ہیں کہ اس نے تیری حمد وثناء کی اور **اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ** پڑھا۔ تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ میرے بندے کے لیے جنت میں ایک گھر تعمیر کر دو اور اس کا نام بیت الحمد رکھو۔

بھولی ہوئی بات یاد آ جائے

جس کو دوران گفتگو کوئی بات یا کوئی نام بھول جائے تو وہ ایک لمحہ رُک کر توجہ سے ایک مرتبہ **اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّااِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ** پڑھ لے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے بھولی ہوئی بات فوراً یاد آ جائے گی بارہا مرتبہ کا آزمودہ اور کامیاب عمل ہے۔

رنج وغم سے نجات

رنج وغم کی حالت میں بکثرت پڑھنے سے اللہ تعالیٰ دل سے غم کا بوجھ دُور فرما دیتا ہے اور اسے رنج وغم سے نجات عطا فرماتا ہے۔ رنج وغم کی کیفیت میں اسے پڑھنا مفید ہے اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرماتا ہے۔

QureshiRohaniWorld

گمشدہ چیز مل جائے

جس کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو اور مل نہ رہی ہو تو وہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی چیز اسے واپس مل جائے گی۔ یا اس کے بارے میں اسے پتہ چل جائے گا۔ اس مقصد کے لیے یہ بہت ہی سریع الاثر عمل ہے۔

مصیبت سے خلاصی

کسی بھی اچانک مصیبت میں مبتلا ہونے کی صورت میں ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے چند یوم تک روزانہ پڑھے بفضل باری تعالیٰ اسے مصیبت سے ضرورت نجات مل جائے گی۔ یہ نہائیت آزمودہ اور موثر عمل ہے۔

اللہ تعالیٰ کی طرف سے اجر

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس شخص کو ماضی میں کوئی مصیبت پہنچی تھی پھر اس کو دوبارہ کبھی یاد آ گیا اور اس نے **اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ** پڑھا اگرچہ اس مصیبت کا زمانہ پہلے گزر چکا تھا اس کے باوجود اللہ تعالیٰ اس کے لیے ویسا ہی اجر لکھ دے گا جیسا کہ اس دن لکھا تھا جس دن اس کو مصیبت پہنچی تھی۔

قلبی سکون کے لیے

کسی بھی پریشانی کی وجہ سے اگر قلبی سکون میسر نہ ہو تو بکثرت **اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ** پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو سکون کی دولت حاصل ہوگی وہ اطمینان قلبی محسوس کرے گا بزرگوں کا آزمودہ اور نہائیت مفید و موثر وظیفہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

بے صبری سے نجات

جو ہر کام میں بے صبری کا مظاہرہ کرتا ہو کسی بھی معاملے میں صبر و برداشت سے کام نہ لیتا ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ روزانہ نماز مغرب کے بعد 214 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے صبر و برداشت کرنے کی توفیق حاصل ہو گی۔

ڈپریشن سے خلاصی

جو کسی وجہ سے ڈپریشن کا شکار ہو وہ باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر نہائیت توجہ و یکسوئی سے تین سو مرتبہ **اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ** پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے اسے ڈپریشن سے خلاصی و نجات حاصل ہو گی۔

راستہ مل جائے

اگر کسی علاقے میں جاتے ہوئے راستہ بھول جائے یا راستہ نہ مل رہا ہو تو **اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ** پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ فوری طور پر اسے راستہ مل جائے گا۔ بہت مرتبہ کا آزمودہ اور اس مقصد کے لیے سریع الاثر عمل ہے۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

یَابَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

حاجت روائی کے لیے

ہر طرح کی جائز حاجت روائی کے لیے گیارہ یوم تک روزانہ 111 مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ چند یوم میں حاجت ضرور پوری ہو گی حاجت پوری ہونے پر حسب توفیق صدقہ وخیرات کرے نہائیت سریع الاثر وظیفہ ہے۔

کاروبار میں نقصان نہ ہو

ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کو کاروبار میں نقصان نہ ہو گا اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا اور اس کے کاروبار میں وسعت پیدا ہو گی چاہیے کہ گاہے بگاہے صدقہ وخیرات بھی کرتا رہے۔

کام میں مہارت پیدا ہو

جو کوئی ایسا کام سیکھ رہا ہو جس میں چاہتا ہو کہ اسے جلد مہارت حاصل ہو جائے وہ روزانہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھتے ہوئے اکتالیس مرتبہ یہ پڑھا کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ وہ بہت جلد اپنے کام میں ماہر ہو جائے گا آزمودہ عمل ہے۔

دماغی صلاحیتوں میں اضافہ

جو اپنی دماغی صلاحیتوں میں اضافے کا خواہاں ہو وہ ہر نماز کے بعد پچاس مرتبہ

QureshiRohaniWorld

پڑھنے کا معمول بنالے بفضل باری تعالیٰ اس کا دماغ تخلیقی کاموں میں خوب کام کرے گا اللہ رب العزت اس کی دماغی صلاحیتوں میں اضافہ فرمادے گا اور اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

حافظہ کی مضبوطی

جس کا حافظہ بہت زیادہ کمزور ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو تو روزانہ صبح وشام ایک سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ پانی پی لے چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا حافظہ قوی ہوجائے گا اور یادداشت خوب بہتر ہوجائے گا۔

نئی چیزوں کی کامیاب دریافت

تحقیقی کام کرنے والے افراد یا وہ سائنسدان جو کسی نئی چیز کی دریافت کے لیے تجربات میں مصروف ہوں وہ بکثرت **یَابَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ** پڑھتے رہا کریں اِن شاء اللہ تعالیٰ ان کو اپنے کام میں بہت فائدہ ہوگا اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اُن کو ان کے مقصد میں کامیابی عطا فرمائے گا۔

ملازمت مل جائے

ملازمت کے حصول کے خواہاں کے لیے اس کا وظیفہ نہائیت آزمودہ وموثر ہے ہر نماز کے بعد 121 مرتبہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ بہت جلد اسے روزگار مل جائے گا اور اس کی معاشی پریشانی ختم ہو جائے گی۔

امتحان میں کامیابی

ہر طرح کے امتحان میں کامیابی وکامرانی کے لیے روزانہ نماز مغرب کے بعد 151 مرتبہ پڑھے امتحان اس کے لیے بفضل باری تعالیٰ آسان ہوجائے گا اللہ تعالیٰ اسے کامیابی

QureshiRohaniWorld

عطا فرمائے گا۔ بارہا مرتبہ کا آزمودہ اور سریع الاثر عمل ہے۔ اور اس مقصد کے لیے بہت ہی خوب ہے۔

کام جلد مکمل ہو جائے

جس نے کوئی کام شروع کیا ہو اور چاہتا ہو کہ جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچ جائے تو وہ کام کے دنوں میں نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد 107 مرتبہ پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے کام کی جلد تکمیل ہو جائے گی اور کام کامیاب بھی ہوگا۔

اچھے نتائج کے لیے

جس نے کوئی نئی مصنوعات تیار کی ہوں اور مارکیٹ میں کامیاب کرانے کا خواہاں ہو تو وہ نماز کے بعد پچھتر مرتبہ **یَابَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے اچھے نتائج ملیں گے اور کامیابی حاصل ہوگی۔

کھیتی میں اضافے کے لیے

جس کھیت کی فصل میں کمی واقع ہو گئی ہو یا پھلدار درخت پر پھل کم لگتے ہوں۔ تو باوضو حالت میں نہائیت توجہ و یکسوئی سے بیٹھ کر گیارہ سو مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کرے یہ پانی درخت کی جڑوں اور کھیت کے چاروں کونوں کی طرف چھڑکے سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ کھیتوں میں خوب اضافہ ہو جائے گا آزمودہ اور نہائیت موثر عمل ہیں۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

ناحق قید سے رہائی

جس کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو وہ روزانہ نماز مغرب کے بعد نہائیت توجہ ویکسوئی سے 313 مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے چالیس یوم تک روزانہ بلا ناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے بہت جلد قید سے رہائی حاصل ہوگی نہایت موثر عمل ہے۔

دشمن کی زبان بندی

جو دشمن بدزبانی سے باز نہ آتا ہوگا ہے بگاہے تنگ کرتا ہو تو اکیس یوم تک روزانہ بلا ناغہ نماز عصر کے بعد سے اذان مغرب تک بکثرت پڑھے اور دعا بھی مانگے اس عمل کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہوجائے گی اور وہ اس کے ساتھ بدزبانی نہیں کرے گا آزمودہ عمل ہے۔

پریشانی کا خاتمہ

پریشانی لاحق ہونے کی صورت میں یہ آیت مبارکہ کثرت سے پڑھتا رہے بفضل باری تعالیٰ بہت جلد پریشانی کا خاتمہ ہوجائے گا یہ بہت سے بزرگان دین کا آزمودہ اور پسندفرمودہ وظیفہ ہے اور پریشانی سے نجات حاصل کرنے کے لیے نہایت سریع الاثر ہے۔

خاتمہ باایمان ہوجائے

جو یہ چاہے کہ اس کا خاتمہ باایمان ہو تو وہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ آیت

QureshiRohaniWorld

مبارکہ پڑھ لیا کرے بفضل باری تعالیٰ نزع کے وقت اسے آسانی ہو گی اور وہ ایمان سلامت لے کر اس دار فانی سے جائے گا اس مقصد کے لیے یہ بہت مفید عمل ہے۔

قوت سماعت میں اضافہ

جس کی قوت سماعت بہت کمزور ہو اسے کم سنائی دیتا ہو تو وہ روزانہ نماز فجر اور نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور ہاتھوں کو اپنے چہرے اور کانوں پر خوب اچھی طرح پھیرے چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی قوت سماعت میں اضافہ ہوگا اور اسے ٹھیک طرح سے بآسانی سنائی دے گا یہ عمل بہت سے افراد کا آزمودہ اور نہائیت کامیاب ہے۔

دشمن ناکام ہوں

دشمن کو اس کے مذموم مقصد میں ناکام کرنے کی غرض سے چالیس یوم تک بلاناغہ نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد اُس جگہ پر بیٹھ کر ایک سو مرتبہ **فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ** پڑھے اور پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہو گی اور دشمن کی جلد ناکامی ہو گی وہ اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا بلکہ خود پریشانی میں مبتلا ہو جائے گا۔

انجانے خوف سے خلاصی

جس کو کوئی انجانا خوف ہو جس کے باعث وہ کوئی بھی کام ٹھیک طرح سے سرانجام نہ دے سکتا ہو تو وہ روزانہ نماز فجر کے بعد اور نماز عشاء کے بعد سونے سے قبل گیارہ مرتبہ یہ آیت مبارکہ اس طرح پڑھے کہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے چند یوم تک یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اسے انجانے خوف سے نجات حاصل ہو گی اس کا دل مضبوط ہو جائے گا۔

QureshiRohaniWorld

مشکل سے نجات

ہر طرح کی مشکل میں یہ آیت مبارکہ بکثرت پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس کی طرف توجہ فرمائے گا اور اس کی مشکل بہت جلد آسان ہو جائے گی اس مقصد کے لیے یہ بہت ہی موثر وظیفہ ہے اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے مشکل سے نجات عطا فرما دیتا ہے۔

شوگر کا علاج

شوگر کا عارضہ لاحق ہونے کی صورت میں دن میں کئی مرتبہ جب بھی پانی پیئے تو تین مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کرے اور پھر پی لے یقین کامل کے ساتھ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی شوگر کنٹرول میں رہے گی اور اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمائے گا۔

عزت محفوظ رہے

جس کو کسی کی طرف سے بے عزت کیئے جانے کا خطرہ ہو تو وہ گھر سے نکلتے وقت اول و آخر درود شریف پڑھتے ہوئے سات مرتبہ **فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ** پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی عزت محفوظ رہے گی اور کوئی اسے بے عزت نہ کر سکے گا۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

اَللّٰہُ حَافِظِیْ اَللّٰہُ نَاصِرِیْ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ

مکان کی حفاظت کے لیے

گھر اور دکان کی حفاظت کے لیے باوضو حالت میں یہ کلام مبارکہ لکھ کر گھر اور دکان کی پیشانی پر لگا دیے جائیں تو بفضل باری تعالیٰ حفاظت رہتی ہے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھتا ہے ناگہانی آفت اور زلزلے وغیرہ سے وہ جگہ محفوظ ہو جاتی ہے نہائیت موثر عمل ہے۔

دشمنوں میں گھر جانے پر

اگر کوئی دشمنوں میں گھر گیا ہو اور اسے اپنی جان کا شدید خطرہ محسوس ہو رہا ہو تو ایسے وقت میں بکثرت یہ کلمات پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی پردہ غیب سے حفاظت ہو گی اسے کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے گا دشمنوں میں گھرے ہونے کے باوجود محفوظ رہے گا۔

مال چوری نہ ہو

جو کوئی اپنے مال میں یہ کلمات باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر رکھ دے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس مال کو کوئی چوری نہ کر سکے گا اور نہ ہی یہ مال ضائع ہوگا اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت فرمائے گا اس مقصد کے لیے یہ آزمودہ عمل ہے۔

سفر سے بحفاظت واپسی

سفر سے بخیر وعافیت واپسی کے لیئے روزانہ ہوتے وقت تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور تین مرتبہ یہ کلمات پڑھے جبکہ دوران سفر بھی بکثرت ان کلمات مبارکہ کو پڑھتا

QureshiRohaniWorld

رہے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا سفر اچھا طے ہوگا اور سلامتی وخیریت کے ساتھ واپسی ہوگی۔

روزگار مل جائے

جس کا روزگار اچانک ختم ہوگیا ہو جس کے باعث وہ بہت پریشان ہو تو وہ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اسے روزگار مل جائے گا اور اس کی معاشی پریشانی ختم ہوجائے گی۔

حادثے سے بچاؤ کیلئے

حادثے سے بچاؤ کے لیئے یہ کلمات مبارکہ لکھ کر اپنے گلے میں تعویز کی طرح پہن لے اور یہی کلمات لکھ کر گاڑی میں لٹکا لیئے جائیں تو بفضل باری تعالیٰ حادثے سے بچاؤ رہتا ہے اللہ رب العزت نگہبانی اور حفاظت فرماتا ہے نہائیت موثر عمل ہے۔

ناگہانی مصیبت سے بچاؤ

جو اچانک کسی ناگہانی مصیبت میں مبتلا ہوگیا ہو اور اس مصیبت سے چھٹکارے کے لیے ذہن کام نہ کر رہا ہو تو نہایت عاجزی وانکساری سے باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر 121 مرتبہ **اَللّٰہُ حَافِظِیْ اَللّٰہُ نَاصِرِیْ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ** پڑھے سات یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اسے مصیبت سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

آسیب وشیطان بھاگ جائے

شیطان وآسیب کو بھگانے کے لیے ہر نماز کے بعد اکیاون مرتبہ یہ کلام پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے پھر ہاتھوں کو اپنے پورے بدن پر پھیرے اِن شاء اللہ تعالیٰ شیطان اس پر غلبہ نہ پاسکے گا اور آسیب بھی قریب نہ پھٹکے گا آزمودہ عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

تنہائی کی گھبراہٹ

جو کسی جگہ پر اپنے آپ کو تنہا محسوس کرتا ہو کوئی اس کا غمگسار نہ ہو جس کی وجہ سے اس پر گھبراہٹ اور مایوسی سوار رہتی ہو تو وہ روزانہ نماز فجر اور نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد اکیس مرتبہ پڑھا کرے اس کے علاوہ جب بھی تنہائی کی وجہ سے گھبراہٹ محسوس ہو فوری طور پر سات مرتبہ پڑھ لے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے سکون محسوس ہوگا۔ اور گھبراہٹ ختم ہو جائے گی۔

پردیس میں غیبی مدد

جو پردیس میں ایسی جگہ پر ہو کہ جہاں اس کا شناسا اور جاننے والا کوئی نہ ہو تو وہ یہ کلمات بکثرت پڑھنے کا معمول بنا لے اور یہ وظیفہ اپنا ورد زبان بنائے رکھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی غیب سے اللہ تعالیٰ مدد فرمائے گا اور اس کے تمام کام نہائیت اچھے طریقے سے کامیابی کے ساتھ انجام پائیں گے نہائیت سریع الاثر وظیفہ ہے۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

گردے کی تکلیف

گردے کی تکلیف میں مبتلا مریض کو باوضو حالت سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے دن میں تین مرتبہ صبح دوپہر اور شام کو پلائیں اِن شاء اللہ تعالیٰ مرض سے افاقہ ہوگا چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کریں اِن شاء اللہ تعالیٰ تکلیف میں کمی ہوگی یارب العزت جلد شفا عطا فرمائے گا۔

فالج میں شفا

باوضو حالت میں 111 مرتبہ پڑھ کر روغن زیتون پر دم کرے اور فالج زدہ کو اس تیل کی مالش دن میں دو مرتبہ صبح وشام کرے اس سے بفضل باری تعالیٰ مریض کو صحت یابی ہوگی جب تک مکمل طور پر آرام نہ آجائے مالش روزانہ اسی طرح کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ ضرور شفا حاصل ہوگی۔

قوت مردمی میں اضافہ

باوضو حالت میں ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر ایک کپ گائے کے خالص دُودھ پر دم کر کے نماز مغرب کے بعد پی لیا کرے چند یوم تک متواتر یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ کمزوری کا فوری طور پر خاتمہ ہوگا اور اسے اپنے مقصد میں کامیابی ہوگی نہائیت شفا بخش عمل

QureshiRohaniWorld

ہے اور بار ہا مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

ڈینگی بخار سے نجات

ڈینگی بخار کی صورت میں تین مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں دن میں دو مرتبہ دم کرنے سے بفضل باری تعالیٰ بخار سے مریض کو افاقہ ہوتا ہے بیماری سے کوئی نقصان نہیں ہوتا چند دنوں کے عمل سے مکمل طور پر بخار سے خلاصی ہو جاتی ہے اور آرام آ جاتا ہے یہ بھی بزرگوں کا آزمودہ عمل ہے۔

ذہنی دباؤ سے چھٹکارہ

جو کسی وجہ سے زبردست ذہنی دباؤ کا شکار ہو اور پریشانی میں مبتلا ہو وہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور ہاتھوں کو اپنے چہرے پر پھیرے تین دن تک متواتر ہر نماز کے بعد یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے ذہنی دباؤ میں کمی واقع ہو گیا اور رفتہ رفتہ اس کی طبیعت پرسکون اور دباؤ سے آزاد ہو جائے گی بہت سریع الاثر عمل ہے۔

چشم خلائق میں معزز ہونا

چشم خلائق میں معزز و محترم ہونے کی غرض سے روزانہ نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد 121 مرتبہ پڑھ لیا کرے جہاں بھی جائے گا بفضل باری تعالیٰ لوگوں کی نظروں میں اپنے لیئے عزت و احترام پائے گا ہر کوئی اس کی عزت کرے گا بزرگان دین کا آزمودہ اور کامیاب عمل ہے۔

حاکم مہربانی سے پیش آئے

جو یہ چاہے کہ حاکم یا افسر اس کے ساتھ مہربانی سے پیش آئے اور اس پر توجہ دے تو وہ حاکم کے پاس جاتے ہوئے بکثرت اسے پڑھتا رہے اس کی برکت سے حاکم ان شاء اللہ تعالیٰ اس پر نظر عنایت کرے گا اور اس کی طرف التفات کرتے ہوئے مہربانی کا سلوک

QureshiRohaniWorld

کرے گا۔

بچے کا بلاوجہ رونا

جو بچہ رات کو اچانک اُٹھ کر بلاوجہ روتا ہو تو رات کو جب بچہ سو جائے گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کر دے اِن شاء اللہ تعالیٰ بچہ سکون کی نیند سوئے گا اور اس کا بلاوجہ کا رونا بھی ختم ہو جائے گا نہائیت ہی سریع الاثر عمل ہے۔

احتلام سے محفوظ رہے

جس کو احتلام کا عارضہ لاحق ہو وہ رات کو سونے سے قبل وضو کرے اور اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر کے دائیں کروٹ ہو کر لیٹ جائے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے احتلام کے عارضہ سے چھٹکارہ مل جائے گا مگر چاہیے کہ یقین کامل اور اعتقاد سے عمل کرے بہت موثر عمل ہے۔

خارش میں شفا

جو خارش میں مبتلا وہ صبح دوپہر شام دن میں تین مرتبہ باوضو حالت میں پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی پی لے اس کی برکت سے اس کے خون کی تپش اعتدال پر آ جائے گی اس کی خارش اور کھجلی کی شکائیت رفع ہو جائے گی چند دنوں میں اسے مکمل طور پر آرام آ جائے گا اس مقصد کے لیئے بہت مفید عمل ہے۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَشِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

تبخیر معدہ کا علاج

تبخیر معدہ کی شکائیت کی صورت میں باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھے اور مریض کو پلائے دن میں تین مرتبہ پلایا جائے سات یوم تک روزانہ ہر بار لکھ کر پلائے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ بیماری میں افاقہ ہوگا اللہ رب العزت شفائے کاملہ عطا فرمائے گا مجرب علاج ہے۔

گندے پھوڑے سے نجات

پھوڑا جو کسی بھی طرح ٹھیک نہ ہوتا ہو باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر خالص شہد پر دم کرے اور مرہم کی طرح پھوڑے پر لگائے صبح وشام دن میں دو مرتبہ لگائے چند دنوں کے استعمال سے بفضل باری تعالیٰ ہر طرح کے پھوڑے سے نجات حاصل ہوجائے گی۔

کمزوری کا خاتمہ

ہر طرح کی کمزوری کے خاتمے کے لیئے روزانہ صبح نہار منہ اور رات کو نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد ایک ایک چمچ خالص شہد پر تین مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کرے اور چاٹ لے چالیس یوم تک یہ عمل جاری رکھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے طاقت وقوت حاصل ہو گی اور کمزوری نہ رہے گی۔

QureshiRohaniWorld

اسہال کا عارضہ

اسہال کے مرض سے شفا کے لیے نماز فجر کے بعد نماز عصر کے بعد اور نماز عشاء کے بعد دو دو چمچ خالص شہد پر یہ آیت مبارکہ پانچ پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور شہد کھالے تین یوم تک اس طرح علاج کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ مرض کا خاتمہ ہوگا اور آرام آجائے گا آزمودہ علاج ہے۔

سُرعت انزال کا علاج

روزانہ رات کو بستر پر باوضو حالت میں لیٹے اور اکتالیس مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے مرض سے نجات حاصل ہو گی چند دنوں کے عمل سے بفضل باری تعالیٰ بیماری ختم ہوجائے گی بہت سے افراد کا آزمودہ اور کامیاب عمل ہے۔

پولیو سے شفا

پولیو کے ابتدائی حملے کی صورت میں روزانہ باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر روغن زیتون پر دم کرے اور اس سے جسم کے متاثرہ حصے پر مالش کرے چند دنوں میں ہی افاقہ محسوس ہوگا جب تک مکمل طور پر آرام نہ آجائے روزانہ اسی طرح مالش جاری رکھے بفضل باری تعالیٰ جلد شفا حاصل ہو گی اور مرض سے چھٹکارہ مل جائے گا بلاشبہ قرآن حکیم کی اس آیت مبارکہ میں بے شمار شفائی خواص واثرات موجود ہیں۔

معدہ ٹھیک کام کرے

معدہ کی خرابی کی صورت میں روزانہ صبح نہار منہ ایک گلاس تازہ پانی پر سات مرتبہ یہ آیت مبارکہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ پڑھ کر دم کرے اور پی لے اکیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ معدہ کی خرابی

QureshiRohaniWorld

ختم ہوجائے گی معدہ ٹھیک طرح سے کام کرے گا اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمائے گا۔

دل سے حسد و بغض دور کرنا

اگر کسی کے دل سے حسد و بغض دور کرنا ہو تو سات یوم تک روزانہ اکتالیس مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر اس پر دم کرے اس کے سینے سے حسد و بغض نکل جائے گی اور وہ کوئی بھی چیز دیکھ کر حسد نہ کرے گا اس کا قلب مطمئن ہوجائے گا آزمودہ اور سریع الاثر عمل ہے سات یوم کا عمل ہے۔

سر درد کا فوری علاج

سر درد کے فوری علاج کے لیے مریض کی پیشانی ہاتھ کی انگلیوں سے پکڑ کر تین مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دے کرے اگر ایک مرتبہ میں افاقہ نہ ہو۔تو دوسری اور تیسری مرتبہ اسی طرح دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ ضرور درد ختم ہوجائے گی اور آرام آجائے گا۔

مرض نسیان کیلئے

نسیان کے عارضہ سے نجات کیلئے ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ نسیان ختم ہوجائے گا یادداشت بہتر ہوجائے گی اور حافظہ خوب مضبوط ہوجائے گا یقین کامل اور اعتقاد کے ساتھ عمل کرے تو جلد فائدہ ہوتا ہے۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

ہمت میں اضافہ

جس کی ہمت پست ہوگئی ہو کسی بھی معاملے میں ہمت سے کام نہ لیتا ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ روزانہ نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھ لیا کرے اس وظیفہ کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس میں دن بدن ہمت پیدا ہوتی جائے گی اور کبھی ہمت میں کمی نہ آئے گی بہت سے افراد کا آزمودہ وظیفہ ہے۔

نظر بد نہ لگے

نظر بد سے بچاؤ کے لیے تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے تو بفضل باری تعالیٰ بُری نظر سے محفوظ رہے گا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا جن بچوں کو جلد نظر بد لگ جاتی ہو اُن کو روزانہ دم کرنے سے اِن شاء اللہ تعالیٰ کبھی نظر بد نہ لگے گی نہایت سریع الاثر عمل ہے۔

جسمانی قوت میں اضافہ

جسمانی قوت میں اضافے کے لیے ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور پھر ہاتھوں کو اپنے تمام جسم پر پھیر لے چالیس یوم تک روزانہ بلا ناغہ یہ عمل کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے جسم میں طاقت وقوت بڑھ جائے گی نہایت موثر وظیفہ ہے۔

حادثہ سے بچاؤ

ہر قسم کے حادثے سے محفوظ رہنے کے لیے عرق گلاب وزعفران سے باوضو حالت

QureshiRohaniWorld

میں اس کو لکھ کر تعویز کی طرح گلے میں ڈالے اس کے علاوہ اسے لکھ کر یا پرنٹ کروا کر گاڑی میں لٹکائے اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ حادثے سے بچاؤ رہے گا اللہ تعالیٰ پردہ غیب سے حفاظت فرمائے گا۔

بچہ ضد نہ کرے

جو بچہ بلاوجہ ہر معاملے میں ضد کرتا ہو اور کسی بھی طرح باز نہ آتا ہو تو سات یوم تک روزانہ بلاناغہ سات مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کرے بفضل باری تعالیٰ بچہ فضول ضد کرنا چھوڑ دے گا اس کی یہ عادت ختم ہو جائے گی اور اس میں قناعت کا جذبہ پیدا ہو جائے گا۔

شیطان غلبہ نہ پا سکے

جس کا دل جلد برائی کی طرف مائل ہو جاتا ہو جبکہ وہ بُرائی سے بچنا چاہتا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی سے اکیس مرتبہ **مَاشَآءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ** پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے دل میں برائی کے خلاف نفرت شدید پیدا ہو جائے گی شیطان اس پر غلبہ نہ پا سکے گا نہایت سریع الاثر عمل ہے۔

سستی و کاہلی سے نجات

جس کی طبیعت میں سستی اور کاہلی ہو کسی بھی کام کے کرنے میں دلچسپی پیدا نہ ہوتی ہو تو وہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد پچاس مرتبہ پڑھ لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے سستی و کاہلی سے نجات حاصل ہو گی اور وہ اپنے اندر چستی محسوس کرے گا آزمودہ عمل ہے۔

بچے کا بلاوجہ رونا

جو بچہ اکثر روتا رہتا ہو اور بڑی مشکل سے چپ ہوتا ہو تو بچہ جب سو جائے تو تین مرتبہ یہ پڑھ کر اس پر دم کر دیا جائے چند یوم تک روزانہ یہ عمل کیا جائے اِن شاء اللہ تعالیٰ بچے کا بلاوجہ رونا اور اس کی چڑچڑاہٹ کا خاتمہ ہو جائے گا نہایت موثر عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

پریشانی کا خاتمہ

ہرطرح کی پریشانی سے نجات کیلئے بکثرت پڑھتا رہے بفضل باری تعالیٰ بہت جلد پریشانی کا وقت نکل جائے گا اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا اس کو پریشانی سے چھٹکارہ حاصل ہوگا اور اسے اپنے مقصد میں کامیابی ہوگی پریشانی کے خاتمے کے لیے بہترین عمل ہے۔

نفسیاتی اُلجھن سے نجات

جو بہت جلد نفسیاتی اُلجھن کا شکار ہوجاتا ہو معمولی سی بات کی فکر بھی اپنے اوپر طاری کرلیتا ہو انجانا خوف اس کا مورال کم کردیتا ہو بلاوجہ غصے کی کیفیت میں رہتا ہو تو جب بھی ایسی کیفیت پیدا ہو وہ فوری طور پر کثرت سے **مَاشَاءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ** پڑھنا شروع کردے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے نفسیاتی اُلجھن سے خلاصی حاصل ہوجائے گی اس کا ذہن آسودگی اور اطمینان محسوس کرے گا لاتعداد افراد کا آزمودہ اور کامیاب عمل ہے۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

(۱)سَلٰمٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (۲)سَلَامٌ قَوْلاً مِّن رَّبٍّ رَّحِیْمٍ(۳)سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ(۴)سَلٰمٌ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ(۵)سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھَارُوْنَ(۶)سَلٰمٌ عَلٰی اِلْ یٰسِیْنَ(۷) سَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ اللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَاo

جان کی سلامتی کیلئے

جس کو دشمنوں کی طرف سے جانی نقصان پہنچائے جانے کا خوف ہو وہ روزانہ گھر سے نکلنے سے قبل سات مرتبہ یہ ہفت سلام پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ کوئی اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا اللہ تعالیٰ پردہ غیب سے اس کی حفاظت فرمائے گا اور اس کی جان سلامت رہے گی۔

سانپ بچھو نقصان نہ پہنچائیں

جس جگہ پر سانپ اور بچھوؤں کی کثرت ہو اور اس جگہ پر قیام کرنا ضروری ہو تو رات کو سونے سے قبل اکیس مرتبہ ہفت سلام پڑھ کر اپنے اوپر اور گھر کے چاروں گوشوں کی طرف منہ کر کے دم کرے اس عمل کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ سانپ اور بچھو اسے کسی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

فراخی رزق کے لیئے

رزق حلال میں اضافے اور کاروبار کی ترقی کے لیئے یہ ہفت سلام لکھ کر کاروبار کی

QureshiRohaniWorld

جگہ پر لگا دے بفضل باری تعالیٰ اس کی معاشی پریشانی دور ہو جائے گی اللہ تعالیٰ اس کی روزی فراخ فرمادے گا ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور پھر بارگاہ الٰہی میں فراخی رزق کے لیئے دعا مانگا کرے۔تو ان شاء اللہ تعالیٰ کبھی روق کی تنگی نہ ہو گی۔ آزمودہ عمل ہے۔

سفر سے بخیریت واپسی

دوران سفر ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھے اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ سفر بخیر وخوبی طے ہو گا سفر کی صعوبتوں سے بچا رہے گا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا اور اس کی بخیر وعافیت واپسی ہو گی بزرگان دین کا آزمودہ عمل ہے۔

وبائی امراض سے بچاؤ

اگر کسی جگہ پر کوئی وبائی مرض پھیل گیا ہو۔اور بیماری کے حملے کا خدشہ ہو تو روزانہ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد نہائیت توجہ ویکسوئی سے اکیس مرتبہ ہفت سلام پڑھے بفضل باری تعالیٰ اس پر وبائی مرض حملہ آور نہ ہو گا وہ بیماری سے محفوظ رہے گا اگر پہلے ہی اس پر بیماری کا حملہ ہو چکا ہے تو گھر کا کوئی دوسرا فرد باوضو حالت میں اکیس مرتبہ پڑھ کر صبح وشام دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بیماری سے نجات حاصل ہو گی اور شفایابی ہو جائے گی۔

گمشدہ واپس آجائے

اگر کسی کا کوئی عزیز یا گھر کا فرد گم ہو گیا ہو تو یقین کامل اور مکمل اعتقاد کے ساتھ باوضو حالت میں عصر کی نماز کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر سات سو مرتبہ ہفت سلام پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ گمشدہ کی بخیریت جلد واپسی ہو جائے گی آزمودہ عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

امتحان میں کامیابی

امتحان میں کامیابی کے حصول کیلئے روزانہ نماز فجر کے بعد چودہ مرتبہ ہفت سلام پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی طالب علموں اور دیگر ایسے افراد جو امتحان دے رہے ہوں اُن کے لیئے یہ ایک کامیاب وظیفہ ہے۔

ہائی بلڈ پریشر کیلئے

ہائی بلڈ پریشر ہونے کی صورت میں ہر نماز کے بعد تین مرتبہ ہفت سلام پڑھ لیا کرے اس کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ بلڈ پریشر نارمل رہے گا بلڈ پریشر کی زیادتی سے کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے گا اور طبیعت بالکل ٹھیک رہے گی بہت مرتبہ کا آزمودہ وظیفہ ہے۔

جلدی امراض میں جلد شفا

جلد کی خرابی یا جلد کے دیگر امراض میں جلد شفایابی کے لیئے باوضو حالت میں صبح و شام سات سات مرتبہ ہفت سلام پڑھ کر مریض پر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بیماری جلد ختم ہوجائے گی۔ جسم کی مردہ اور کمزور جلد بالکل ٹھیک ہوجائے گی۔ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ عطا فرمائے گا۔

خاوند طلاق نہ دے

جس عورت کا خاوند اسے طلاق دینے کا خواہاں ہو جبکہ عورت طلاق نہ چاہتی ہو تو وہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سات سلام پڑھ کر دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا خاوند راہ راست پر آجائے گا اور اسے طلاق دینے کا ارادہ ترک کردے گا نہائیت موثر عمل ہے۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوَعَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

زخم سے ہونیوالی درد

کسی بھی زخم سے ہونے والی درد کی صورت میں باوضو حالت میں تین مرتبہ پڑھ کر درد کے مقام پر دن میں دومرتبہ صبح وشام دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ درد میں افاقہ ہوگا اور درد کافور ہوجائے گی اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے زخم بھی ٹھیک فرمادے گا آزمودہ اور مجرب علاج ہے۔

امراض چشم کیلئے

آنکھوں کی تکلیف یا آشوب چشم کے عارضہ میں مبتلا مریض نماز فجر کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اوراس پانی سے آنکھیں دھوئے نماز عشاء کے بعد بھی یہی عمل کرے۔بفضل باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی آرام آجائے گا۔اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ عطا فرمائے گانہائیت سریع الاثر علاج ہے۔

گردے کی تکلیف

جس کو گردے کی تکلیف لاحق ہو وہ ہرنماز کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور ہاتھوں کوگردوں کے مقام پر اچھی طرح پھیر لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے تکلیف میں افاقہ ہوگا درد کی شدت میں کمی ہوگی اور یقین کامل رکھے اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمادے گا۔

QureshiRohaniWorld

نیا کاروبار خوب چلے

جس نے کسی نئے کاروبار کا آغاز کیا ہو وہ چالیس روز تک روزانہ صبح کاروبار کی جگہ پر بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی دن بدن فراخ ہو جائے گی۔ کاروبار خوب چلے گا مگر چاہیے کہ یقین کامل رکھے۔ اور حسب توفیق صدقہ وخیرات بھی کرتا رہے۔

ملازمت میں ترقی

عہدے و مرتبہ میں ترقی کے لیے ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھے مگر توجہ و یکسوئی سے پڑھے تو جلد اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اسے اپنی منشاء کے مطابق عہدے میں ترقی مل جائے گی بہت مرتبہ کا آزمودہ اور نہائیت سریع الاثر عمل ہے۔

دنیا و آخرت کا غم نہ رہے

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح وشام سات مرتبہ **حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمْ** پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کے دنیا اور آخرت کے ہر غم کے لیئے کافی ہو جائے گا۔ (روح المعانی پ 11 ص 53)

بے چینی کا خاتمہ

جو کسی وجہ سے بے چین رہتا ہو اس کا قلب مطمئن نہ ہوتا ہو تو وہ گیارہ یوم تک روزانہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی بے چینی ختم ہو جائے گی اللہ تعالیٰ اسے سکون قلبی کی دولت عطا فرمائے گا اور اس کی پریشانی کا بھی خاتمہ ہو جائے گا۔

QureshiRohaniWorld

گمشدہ مال مل جائے

جس کا مال گم ہوگیا ہو یا کوئی اُٹھا کر لے گیا ہو تو چالیس یوم تک روزانہ نماز عصر کی ادائیگی کے بعد نہائیت توجہ و یکسوئی سے تین سو مرتبہ یہ پڑھے اول و آخر درود ابراہیمی پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ جلد اس کا مال اسے واپس مل جائے گا یا اللہ تعالیٰ اُس کے متبادل اس کا نقصان پورا فرمادے گا آزمودہ اور موثر عمل ہے۔

حاسد نقصان نہ پہنچا سکے

اگر کوئی حاسد نقصان پہنچانے کے درپے ہو تو نماز مغرب کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر ایک سو مرتبہ پڑھ لے اکیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے پڑھنے کے بعد اپنے سینے پر دم کرے بفضل باری تعالیٰ حاسد کے شر سے محفوظ رہے گا اور حاسد کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا سریع الاثر عمل ہے۔

کامیابی کا حصول

کسی بھی کام میں کامیابی حاصل کرنے کی غرض سے کام کے دوران بکثرت **حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْم** پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کی مدد فرمائے گا اور اسے ضرور کامیابی حاصل ہوگی موثر عمل ہے۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

خواص شش کلمات

کلمہ طیبہ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

ایمان کی سلامتی کیلئے

ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ مرتے دم ایمان سلامت رہے گا۔

خوف محسوس نہ ہو

جس کو خوف محسوس ہوتا ہو وہ با آواز بلند گیارہ مرتبہ کلمہ طیبہ خوف کے وقت پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس سے خوف دور جائے گا۔

شر شیطان سے بچاؤ

سونے کے بعد بیدار ہوتے ہوئے تین مرتبہ پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ شر شیطان سے محفوظ رہے گا۔

جہنم سے نجات

جو بکثرت کلمہ طیبہ پڑھا کرے بفضل باری تعالیٰ جہنم سے نجات حاصل کرے گا۔

ایمان کی تازگی

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ (ایمان کی تازگی کیلئے) **لَآاِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ**

QureshiRohaniWorld

کثرت سے کہتے رہا کرو۔(مسند احمد۔طبرانی)

☆☆☆

دوسرا کلمہ شہادت اَشْهَدُاَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُاَنَّ مَحَمَّدًاعَبْدُهٗ وَ رَسُوْ لُهٗ

گناہوں کی معافی

ایک بوڑھے شخص نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم !ایک ایسا شخص جس نے بہت بدعہدی، بدکاری کی اور اپنی جائز، ناجائز ہر خواہش پوری کی اور اس کے گناہ اتنے زیادہ ہیں کہ اگر تمام زمین والوں میں تقسیم کر دیے جائیں تو وہ سب کو ہلاک کر دیں تو کیا اس کے لیئے توبہ کی گنجائش ہے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا تم مسلمان ہو چکے ہو اُس نے عرض کیا جی ہاں میں کلمہ شہادت **اَشْهَدُاَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُاَنَّ مَحَمَّدًاعَبْدُهٗ وَ رَسُوْ لُهٗ** کا اقرار کرتا ہوں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تک اس کلمہ کے اقرار پر ہو گے اللہ تعالیٰ تمہاری تمام بدعہدیاں اور بدکاریاں معاف فرماتا رہے گا اور تمہاری برائیوں کو نیکیوں سے بدلتا رہے گا اس بوڑھے نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری تمام بدکاریوں اور بد عہدیاں معاف؟حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ہاں تمہاری تمام بدعہدیاں او ربدکاریاں معاف ہیں۔یہ سن کر وہ بوڑھا، **اَللّٰهُ اَكْبَرُلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ** کہتا ہوا۔(خوش خوش)واپس چلا گیا۔(تفسیر ابن کثیرؒ)

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

تیسرا کلمہ تمجید سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

اللہ تعالیٰ کو محبوب کلمات

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے چار کلمے اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب ہیں **سُبْحَانَ اللّٰہِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ**، ان میں سے جس کو چاہو پہلے پڑھو۔ (مسلم شریف)

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو محبوب کلمات

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مجھے **سُبْحَانَ اللّٰہِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، اَللّٰہُ اَکْبَر** کہنا ہر اس چیز سے زیادہ محبوب ہے جس پر سورج طلوع ہوتا ہے (مسلم شریف)

گناہوں کا خاتمہ

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے **سُبْحَانَ اللّٰہِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، اَللّٰہُ اَکْبَر، لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ** کہا کرو یہ باقیات صالحات ہیں اور یہ گناہوں کو اس طرح مٹا دیتے ہیں جس طرح درخت سے پتے جھڑتے ہیں اور یہ کلمات جنت کے خزانوں میں سے ہیں۔ (طبرانی، مجمع الزوائد)

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

چوتھا کلمہ توحید لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِی وَ یُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

بیماری سے شفا

بیماری کی حالت میں ہر نماز کے بعد بکثرت پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔

آسمان کے دروازوں کا کھل جانا

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو بندہ **لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ** ○ اس طرح کہے کہ اس کے اندر اخلاص ہو اور دل زبان سے کہے ہوئے کلمات کی تصدیق کرتا ہو تو اس کے لیئے آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور اس کے کہنے والے کو اللہ تعالیٰ نظر رحمت سے دیکھتا ہے اور جس بندہ پر اللہ تعالیٰ کی نظر رحمت پڑ جائے تو وہ اس کا مستحق ہے کہ اللہ تعالیٰ سے جو مانگے اللہ تعالیٰ اسے عطا فرمائے۔ **(عمل الیوم واللیلۃ)**

سب سے بہتر کلمات

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ سب سے بہتر دُعا عرفہ کے دن کی دعا ہے۔ اور سب سے بہتر کلمات جو میں نے اور مجھ سے پہلے انبیاء علیہم السلام نے کہے یہ ہیں

QureshiRohaniWorld

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ، وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ (ترمذی شریف)

☆☆☆

پانچوں کلمہ استغفار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ عَمَدًا اَوْ خَطَاً سِرًّا اَوْ عَلَانِیَۃً وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ لَآ اَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُیُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ○

کبھی رزق کی تنگی نہ ہو

ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ کبھی رزق کی، تنگی نہ ہوگی۔

ہر مشکل میں آسانی

مشکل میں مبتلا ہو جانے پر بکثرت پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ مشکل آسان ہو جائے گی۔

QureshiRohaniWorld

غم سے نجات

روزانہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اکیس اکیس مرتبہ پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ غم سے نجات حاصل ہوگی سکون قلبی میسر ہوگا۔

گناہوں کی پردہ پوشی

جس نے کوئی ایسا گناہ کیا ہو کہ جس کی پردہ پوشی چاہتا ہو تو ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے عیوب پر اللہ تعالیٰ پردہ ڈالے رکھے گا اور عیاں نہ کرے گا۔ آزمودہ عمل ہے۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

چھٹا کلمہ ردّ کفر اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَیْاً وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْمَعَاصِیْ كُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ وَاٰمَنْتُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ (صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلم)

خاتمہ بالایمان

ہرنماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے مرتے وقت اِن شاء اللہ تعالیٰ خاتمہ بالایمان ہوگا۔

شرک سے بیزاری

روزانہ نماز مغرب کے بعد سات مرتبہ پڑھا کرے اِن شاءاللہ تعالیٰ شرک کرنے سے بچا رہے گا۔

سکون قلبی کیلئے

روزانہ ہرنماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ قلبی طور پر مطمئن اور پرسکون رہے گا۔

QureshiRohaniWorld

رضائے الٰہی کیلئے

اللہ تعالیٰ کی رضاوخوشنودی کے حصول کیلئے روزانہ نماز عشاء کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھے۔

شیطان غلبہ نہ پاسکے

روزانہ رات کوسونے سے قبل تین مرتبہ پڑھ لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ شیطان اس پر غلبہ نہ پاسکے گا۔

☆☆☆

QureshiRohaniWorld

نفلی نمازوں کے فوائد

قربت الٰہی کا حصول

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تہجد ضرور پڑھا کرو وہ تم سے پہلے کے نیک لوگوں کا طریقہ رہا ہے اس سے تمہیں اپنے پروردگار کا قرب حاصل ہوگا گناہ معاف ہوں گے اور گناہوں سے بچے رہو گے۔ (مستدرک حکم)

سستی اور بوجھل پن سے نجات

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تم میں سے جب کوئی سوتا ہے تو شیطان اس کی گدی پر تین گرہیں لگا دیتا ہے ہر گرہ پر یہ پھونک دیتا ہے ابھی رات پڑی ہے سوتا رہ اگر انسان بیدار ہو کر اللہ تعالیٰ کا نام لے لیتا ہے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے اگر وضو کر لیتا ہے تو دوسری گرہ بھی کھل جاتی ہے پھر اگر تہجد پڑھ لیتا ہے تو تمام گرہیں کھل جاتی ہیں چنانچہ صبح کو چست ہشاش بشاش ہوتا ہے اسے بہت بڑی خیر مل چکی ہوتی ہے۔ اگر تہجد نہیں پڑھتا تو ست رہتا ہے۔ طبیعت بوجھل ہوتی ہے۔ اور بہت بڑی خیر سے محروم ہو جاتا ہے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

جہنم کی آگ سے بچاؤ

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص فجر کی نماز پڑھ کر سورج نکلنے تک اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول رہتا ہے پھر دو یا چار رکعت (نماز اشراق) پڑھتا ہے تو اس کی کھال کو (بھی) جہنم کی آگ نہیں چھوئے گی۔ (بیہقی)

QureshiRohaniWorld

گناہوں کی معافی

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص نماز فجر سے فارغ ہو کر اسی جگہ بیٹھا رہتا ہے خیر کے علاوہ کوئی بات نہیں کرتا پھر دو رکعت اشراق کی نماز پڑھتا ہے اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اگر چہ وہ سمندر کی جھاگ سے زیادہ ہی ہوں۔ (ابوداؤد)

جسم کی سلامتی کا شکرانہ

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تم میں سے ہر شخص کے ذمے اس کے جسم کے ایک ایک جوڑ کی سلامتی کے شکرانے میں روزانہ صبح کو ایک صدقہ ہوتا ہے ہر بار **سُبْحَانَ اللّٰہِ** کہنا صدقہ ہے۔ ہر بار الحمد للہ کہنا صدقہ ہے ہر بار **لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ** کہنا صدقہ ہے۔ ہر بار اللہ اکبر کہنا صدقہ ہے۔ بھلائی کا حکم کرنا صدقہ ہے برائی سے روکنا صدقہ ہے۔ اور ہر جوڑ کے شکر کی ادائیگی کے لیے چاشت کے وقت دو رکعتیں پڑھنا کافی ہو جاتی ہیں۔ (مسلم شریف)

بارہ سال کی عبادت کا ثواب

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص مغرب کی نماز کے بعد چھ رکعتیں (نماز اوابین) اس طرح پڑھتا ہے کہ ان کے درمیان کوئی فضول بات نہیں کرتا تو اسے بارہ برس کی عبادت کے برابر ثواب ملتا ہے۔ (ترمذی شریف)

تجارت میں فائدہ

ایک شخص نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! میں تجارت کے لیے بحرین جانا چاہتا ہوں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا (روانگی سے قبل) دو رکعت نفل پڑھ لینا۔ (طبرانی۔ مجمع الزوائد)

QureshiRohaniWorld

برائی سے بچاؤ

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب تم گھر میں داخل ہو تو دو رکعت نماز پڑھ لیا کرو یہ دو رکعتیں تمہیں گھر میں داخل ہونے کے بعد کی برائی سے بچالیں گی اسی طرح گھر سے نکلنے سے پہلے دو رکعت پڑھ لیا کرو یہ دو رکعتیں تمہیں گھر سے باہر نکلنے کے بعد کی بُرائی سے بچالیں گی۔ (بزار، مجمع الزوائد)

ہر طرح کے گناہوں کی معافی

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا عباس! میرے چچا! کیا میں آپ کو ایک عطیہ نہ کروں؟ کیا ایک ہدیہ نہ کروں؟ کیا ایک تحفہ پیش نہ کروں؟ کیا میں آپ کو ایسا عمل نہ بتاؤں کہ جب آپ اس کو کریں گے تو آپ کو دس فائدے حاصل ہوں گے یعنی اللہ تعالیٰ آپ کے اگلے، پچھلے، پرانے، نئے، غلطی سے کیئے ہوئے جان بوجھ کر کیئے ہوئے چھوٹے بڑے چھپ کر کیئے ہوئے کھلم کھلا کیئے ہوئے گناہ سب ہی معاف فرمادیں گے وہ عمل یہ ہے کہ آپ چار رکعت (صلوٰۃ التسبیح) پڑھیں اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ اور دوسری کوئی سورت پڑھیں جب آپ پہلی رکعت میں قراءت سے فارغ ہوجائیں تو قیام ہی کی حالت میں رکوع سے پہلے **سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَر** پندرہ مرتبہ کہیں پھر رکوع کریں اور رکوع میں بھی یہی کلمات دس مرتبہ کہیں پھر رکوع سے اُٹھ کر قومہ میں بھی یہی کلمات دس مرتبہ کہیں سجدے میں جاکر دس مرتبہ یہ کلمات کہیں سجدے سے اُٹھ کر جلسہ میں یہی کلمات دس مرتبہ کہیں پھر دوسرے سجدے میں بھی یہی کلمات دس مرتبہ کہیں پھر دوسرے سجدے کے بعد بھی کھڑے ہونے سے پہلے بیٹھے بیٹھے یہی کلمات دس مرتبہ کہیں چاروں رکعت اسی طرح پڑھیں اور اس ترتیب سے ہر رکعت میں پچھتر مرتبہ کہیں اگر آپ سے ہو سکے تو روزانہ یہ نماز ایک مرتبہ پڑھا کریں اگر روزانہ نہ پڑھ سکیں تو ہر جمعہ کے دن میں پڑھ لیا کریں اگر ہر جمعہ کو بھی نہ پڑھ سکیں تو مہینہ میں ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں اگر آپ یہ بھی نہ کرسکیں تو سال میں ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو زندگی میں ایک مرتبہ ہی پڑھ لیں۔ (ابوداؤد شریف)

QureshiRohaniWorld

وظائف، عملیات وتعویزات

امراض قلب کا شافی علاج

عارضہ قلب میں مبتلا مریضوں کے لیے یہ نہایت موثر اور مفید وظیفہ ہے کہ ہر فرض نماز کے بعد اپنے قلب پر ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر گیارہ مرتبہ **یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ** پڑھے پھر ایک مرتبہ یہ کہے **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ**۔ (اے زندہ! اے قائم رہنے والے، نہیں ہے کوئی معبود مگر تو میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے دل کو زندہ کر دے) اس کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ مرض میں افاقہ ہوگا اور دن بدن طبیعت بہتر ہوتی جائے گی۔ بہت ہی آزمودہ اور سریع الاثر عمل ہے یقین کامل سے عمل کریں۔

امتحان میں کامیابی

ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ **یَا اَللّٰهُ، یَا قَادِرُ، یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا لَطِیْفُ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ** پڑھے اول و آخر درود ابراہیمی پڑھے پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے جب تک رزلٹ نہ نکلے روزانہ بلا ناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

مشکل آسان ہو جائے

جو کوئی اچانک کسی مشکل کا شکار ہو گیا ہو وہ بکثرت **اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ** پڑھتا رہے بفضل باری تعالیٰ مشکل آسان ہو جائے گی آزمودہ وظیفہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

ملازمت کا حصول

بیروزگاری کی صورت میں کسی بھی ملازمت کے حصول کے لیئے چالیس یوم تک روزانہ نماز عشاء کے بعد توجہ و یکسوئی سے پانچ سو مرتبہ **یَا اَللّٰہُ یَا لَطِیْفُ یَا فَتَّاحُ، یَا بَاسِطُ یَا رَزَّاقُ یَا غَنِیُّ یا مُغْنِیْ یَا مُعْطِیْ یَا مُنْعِمُ** پڑھے اول و آخر درود شریف پڑھے۔ پھر دعا مانگے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کو ملازمت مل جائے گی۔

دشمن تنگ نہ کرے

جس کو دشمن تنگ کرنے کے درپے ہو۔ تو وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ یہ پڑھا کرے۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْم۔

اول و آخر درود شریف پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور اسے نقصان نہ ہوگا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

نظر بد سے بچاؤ

جو بچہ اکثر نظر بد کا شکار ہو جاتا ہو تو روزانہ سات مرتبہ **مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ** پڑھ کر اس پر دم کر دیا جائے تو بفضل باری تعالیٰ اسے نظر بد نہ لگے گی اس مقصد کے لیئے یہ بہت ہی پُر اثر اور مفید عمل ہے۔

ڈینگی وائرس سے بچاؤ

اس بیماری کے حملے سے بچاؤ کے لیئے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یہ پڑھ لیا کرے۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَآمَّۃٍ ○

ترجمہ میں ہر طرح کے شیطان اور موذی جانور سے اللہ کے کلمات کی

QureshiRohaniWorld

پناہ میں آتا ہوں۔(مشکوۃ، کتاب الدعوات)

اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ بیماری سے بچا رہے گا۔اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے گا۔

جادو کے اثرات کا خاتمہ

باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر 99 مرتبہ **فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ** پڑھے پھر عرق گلاب وزعفران سے اس آیت مبارکہ کا نقش آتشی چال سے مربع شکل میں اس طرح بنائے۔

۷۸۶

۱۷۲	۱۷۵	۱۷۸	۱۶۵
۱۷۷	۱۶۶	۱۷۱	۱۷۶
۱۶۷	۱۸۰	۱۷۳	۱۷۰
۱۷۴	۱۶۹	۱۶۸	۱۷۹

یہ نقش جادوزدہ کے گلے میں ڈل دے پھر بارہ عدد نقش مثلث آتشی چال سے اس طرح بنائے۔

۷۸۶

۲۳۱	۲۲۶	۲۳۳
۲۳۲	۲۳۰	۲۲۸
۲۲۷	۲۳۴	۲۲۹

یہ ایک نقش جادوزدہ کے دائیں بازو پر باندھے جبکہ باقی گیارہ نقش روزانہ نماز مغرب کے بعد ایک نقش پانی میں گھول کر پلائے اِن شاء اللہ تعالیٰ گیارہ روز کے اندر اندر جادو کے اثرات کا خاتمہ ہو جائے گا۔اور مریض کو آرام آجائے گا نہائیت تیر بہدف عمل

QureshiRohaniWorld

جان و مال کی حفاظت کیلئے

جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہنے کے لیئے یہ وظیفہ ایک بہترین حصار ہے ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھ لیا کرے **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَغِثْنِیْ وَلَاتَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّاَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ كُلَّهٗ**۔ اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ جانی و مالی نقصان سے بچا رہے گا۔

درد سے نجات

جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہونے کی صورت میں درد والی جگہ پر دایاں ہاتھ رکھ کر چالیس مرتبہ **لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ** پڑھ کر دم کرے دن میں تین مرتبہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ درد میں آرام آ جائے گا۔

شوگر کا علاج

ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ **یَا اَللّٰهُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاسَلَامُ یَاشَافِیْ** پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ مرض میں افاقہ ہوگا اور شوگر کنٹرول میں رہے گی بہت سے افراد کا آزمودہ اور نہائیت موثر علاج ہے۔

جادو کی فوری کاٹ

جادو سے فوری نجات کے لیئے باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر 99 مرتبہ سورۃ ابراہیم کی آیت نمبر 47 **اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ ذُوانْتِقَامٍ** پڑھے اور پھر اس آیت کا آتشی چال سے یہ مربع نقش عرق گلاب و زعفران سے تیار کرے۔

QureshiRohaniWorld

۷۸۶

۳۷۳	۳۷۶	۳۷۹	۳۶۶
۳۷۸	۳۶۷	۳۷۲	۳۷۷
۳۶۸	۳۸۱	۳۷۴	۳۷۱
۳۷۵	۳۷۰	۳۶۹	۳۸۰

اس نقش کو مریض کے گلے میں پہنائے اس کے ساتھ ہی تیرہ عدد نقش آتشی چال سے مثلث شکل میں اس طرح سے بنائے۔

۷۸۶

۴۸۹	۴۸۴	۴۹۲
۴۹۱	۴۸۸	۴۸۶
۴۸۵	۴۹۳	۴۸۷

یہ دو نقش سیاہ کپڑے کے ٹکڑے میں لپیٹ کر تعویز کی طرح مریض کے دائیں بازو پر باندھے جبکہ باقی گیارہ نقش روزانہ ایک عدد پانی میں گھول کر مریض کو پلائے اِن شاء اللہ تعالیٰ جادو کا عمل باطل ہو جائے گا اور مریض بالکل تندرست ہو جائے گا۔ نہائیت موثر عمل ہے۔

کبھی نہ کامی نہ ہو

جو کوئی ہر نماز کے بعد پچاس مرتبہ **لَآاِلٰہَ اِلَّاھُوَ** پڑھنے کا معمول بنا لے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے کبھی ناکامی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا اس کا ہر مقصد بالضرور پورا ہوگا نہائیت مفید عمل ہے۔

روزگار کا حصول

جو ذریعہ روزگار نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہو تو اس کے لیئے یہ عمل بہت ہی

QureshiRohaniWorld

فائندہ مند ہے نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں 111 مرتبہ یہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمْ یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَاب یَامُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَیَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَیَاخَالِقَ الْاَبْصَارِ وَیَادَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ ارْشُدْنِیْ وَیَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْكَ یَارَبِّ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ۔

اول وآخرت سات سات مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے ضرور کوئی نہ کوئی ذریعہ روزگاہ حاصل ہوگا اور اس کی معاشی پریشانی ختم ہوجائے گی۔

زلزلے میں جانی نقصان نہ ہو

جس علاقے میں زلزلوں کا خطرہ رہتا ہو تو رات کو سونے سے پہلے باوضو حالت میں اکیس مرتبہ یہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمْ ○ اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ كَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا۔

اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھے اور دائیں کروٹ ہو کر سو جائے اِن شاء اللہ تعالیٰ زلزلے اور ہر طرح کی آسمانی آفات سے محفوظ رہے گا آزمودہ اور موثر عمل ہے۔

سحر سے خلاصی

سحر سے خلاصی کے لیئے باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد چینی کی پلیٹ پر عرق

QureshiRohaniWorld

گلاب وزعفران سے یہ آیت مبارکہ لکھے۔

وَاتَّبَعُوْا مَاتَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ۔ (سورۃ بقرہ آیت 102)

نماز چاشت کے وقت پانی سے دھوکر مریض کو پلائے پھر گلاب کا ایک پھول لے کر اس پر گیارہ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کرے اور یہ پھول مریض کے سارے بدن پر ملے اس کے بعد ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر سحر زدہ کے گلے میں پہنائے نقش پاک یہ ہے۔

۷۸۶

۳۶۱	۳۵۵	۳۶۳
۳۶۲	۳۶۰	۳۵۷
۳۵۶	۳۶۴	۳۵۹

سات یوم تک روزانہ بلا ناغہ چینی کی نئی پلیٹ کر آیت مبارکہ لکھ کر پلائے اور گلاب کے پھول پر دم کر کے سحر زدہ کے جسم پر ملے اِن شاء اللہ تعالیٰ سحر سے چھٹکارہ مل جائے گا آزمودہ عمل ہے۔

دشمن کی زبان بندی کیلئے

جو دشمن زبان درازی کرتا ہو اس کے شر سے محفوظ رہنے کے بعد چالیس یوم تک روزانہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ یہ پڑھے۔

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ○

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَايَنْطِقُوْنَ○

اس کے بعد بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی آزمودہ عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

فراخی رزق کیلئے

رزق حلال میں اضافے کے لیئے ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ **وَاللّٰہُ خَیْرُ الرّٰزِقِیْن** پڑھے اور یہ نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر کاروبار والی جگہ پر آویزاں کرے۔

نقش پاک یہ ہے۔



دشمن نقصان نہ پہنچا سکے

روزانہ گھر سے نکلتے ہوئے توجہ کے ساتھ ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم لیا کرے اور ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے باوضو حالت میں لکھ کر اپنے گلے میں پہنے رکھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کے نقصان سے محفوظ رہے گا نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

بحق یا جبرائیل یا بدوح

بسم اللہ الرحمن الرحیم بحق یا جبرائیل یا بدوح

بسم اللہ الرحمن الرحیم بحق یا جبرائیل یا بدوح

۴۴۲۵	۴۴۲۸	۴۴۳۲	۴۴۱۸
۴۴۳۱	۴۴۱۹	۴۴۲۴	۴۴۲۹
۴۴۲۰	۴۴۳۴	۴۴۲۶	۴۴۲۳
۴۴۲۷	۴۴۲۲	۴۴۲۱	۴۴۳۳

ڈراؤنے خواب نہ آئیں

جوڈراؤنے خواب دیکھتا ہوخواب میں ڈرجاتا ہو یا گھر میں سوتے ہوئے خوف محسوس ہوتا ہوتو ذیل میں دیا ہوا سورۃ فلق کا نقش باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالے اِن شاء اللہ تعالیٰ خوف ختم ہوجائے گا اور ڈراؤنے خواب نہیں آئیں گے نقش پاک یہ ہے کہ جو کہ تجربہ شدہ اور کامیاب ہے۔

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۲	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

حمل محفوظ رہے

جس عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہوتو کانسی کی پلیٹ پر عرق گلاب زعفران سے یہ نقش لکھ کر عورت کو اُس وقت پلائے جب حمل قرار پا جائے عورت روزانہ رات کو سونے سے قبل گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ لیا کرے اور حسب توفیق ہر جمعرات کو صدقہ وخیرات کرے حمل اِن شاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔

QureshiRohaniWorld

نقش یہ ہے۔

۹۲	۹۶	۲	۸
۷	۰	۹۵	۹۵
۳۶	۹۳	۹	۱
۴	۶۶	۹۱	۹

ہر کوئی عزت کرے

ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں پہنے اور روزانہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ سورۃ کوثر پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی جہاں بھی جائے گا ہر کوئی عزت واحترام سے پیش آئے گا نقش پاک یہ ہے۔



پریشانی کا خاتمہ

ہر طرح کی پریشانی سے نجات کے لیئے سات یوم تک بلاناغہ نماز فجر کی ادائیگی

QureshiRohaniWorld

کے بعد توجہ ویکسوئی سے اکتالیس مرتبہ **فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ وَاَنْتَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ** پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ پریشانی دور ہو جائے گی۔

کاروبار خوب چلے

یہ نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر کاروبار کی جگہ پر آویزاں کرے۔

	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	۵	۵۷	۲	۷
اللہ	۶	۳	۵۴	۳
اللہ	۵۶	۵۱	۸	۱
اللہ	۴	۵	۵۴	۵۵
	۱۱۱۴	۱۱۱۴	۱۱۱۴	۱۱۱۴

اس کے علاوہ ہر نماز فجر کے بعد روزانہ اکتالیس مرتبہ الحمدللہ پڑھ کر دعا مانگا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ رزق حلال کی فراوانی ہوگی اور کاروبار خوب چلے گا نہایت موثر و آزمودہ عمل ہے اور اس مقصد کے لیئے بہت ہی خوب ہے۔

ناف درد میں آرام

باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالے کہ تعویز ناف پر آئے تعویز ناف پر باندھا بھی جاسکتا ہے اِن شاء اللہ تعالیٰ آرام آ جائے گا۔

نہایت موثر اور آزمودہ نقش پاک ہے۔

QureshiRohaniWorld

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

واللہ	غالب	علی	امرہ
غالب	علی	امرہ	ولکن
علی	امرہ	ولکن	اکثرالناس
امرہ	ولکن	اکثرالناس	لایعلمون

بُری عادات چھڑوانا

بُری عادت کو چھڑوانے کی غرض سے باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک اس طرح سے لکھے۔

۷۸۷

۱۶	وا	۲۲	و
۲۱	۱۰	۱۰۵	۲۰
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

وقهم السیات ومن تقِ السیات یومَئذٍ فقدرحمته و ذٰلك هوالفوزالعظیم اهدنا الصراط المستقیم یا هادی یاهادی یاهادی۔

لکھنے کے بعد اُس کے گلے میں پہنادے جس کی بُری عادت چھڑوانا مقصود ہے اس نقش پاک کے اثرات سے اِن شاءاللہ تعالیٰ اسے بُری عادات سے چھٹکارا حاصل ہوگا اور وہ راہ راست پر آجائے گا۔

ظاہری وباطنی کامیابی

ہرطرح کی ظاہری وباطنی کامیابی کے لیئے روزانہ نمازعشاء کے بعد سورۂ مزمل

QureshiRohaniWorld

اس طرح پڑھے کہ اول وآخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور گیارہ مرتبہ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمْ** کہے پھر اس کے بعد **یٰاَیُّھَاالْمُزَّمِّلُ صلی اللّٰہُ عَلَیْہِ وسلم** تین مرتبہ کہیں۔اور جب اس آیت **رَبُّ المشرق والمغرب لااله الاهوفانخذه وَکِیلا** پر پہنچے تو اسے تین مرتبہ تلاوت کریں۔پھر ''یاوکیل'' یک صد بار پڑھے۔اور جب **انا ارسلنا الیکم رسولا شاهداعلیکم کماارسلناالی فرعون رسولا** پر آئے تو اسے تین مرتبہ پڑھیں۔اور جب ''ان اللہ غفور رحیم'' پر آئیں تو یااللہ یک صد بار'یاغفور' یک صد بار، یارحیم دوصد بار پڑھیں۔اس طرح سے روزانہ 3 بار یا 11 بار رکھیں۔

کشائش رزق ظاہری وباطنی دینی دنیاوی مقاصد میں کامیابی کشف قبور اور زیارت حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم اور جمع بزرگاں موثر ہے۔

یہ عمل جادو، سحر وغیرہ سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔

ادائیگی قرض کے لیے

قرض کی ادائیگی کے لیے درج ذیل دعا پڑھی جائے اگر قرض پہاڑ کے برابر کیوں نہ ہو ادا ہو جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

طہارت وپاکیزگی کے ساتھ نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان 101 مرتبہ پڑھیں اول آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھیں۔انشاء اللہ قرض ادا ہونے کے اسباب غیب سے پیدا ہو جائیں گے۔اگر نماز صبح میں نہ پڑھا جا سکے تو بعد نماز عشاء پڑھ لیں لیکن روزانہ ایک ہی وقت رکھیں انشاء اللہ کرم ہو جائے گا اور قرض کے بوجھ سے جلد نجات مل جائے گی۔

مشکل آسان ہو جائے

ایسی مشکل جو کسی بھی طرح آسان نہ ہوتی ہو تو نماز فجر یا نماز عشاء کی ادائیگی کے

QureshiRohaniWorld

بعد باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ یہ پڑھے، (اول وآخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے)

بسم الله الرحمن الرحيم

لاحول ولاقوة الا باللّٰه العلى العظيم بسم اللّٰه الرحمن الرحيم بسم اللّٰه الملك الحق المبين من البعدالى المولى الجليل المبين المغفرة وانت الغفار برحمتك ياارحم الراحمينo

اس کے بعد ستر مرتبہ یہ پڑھے۔

الهى بحرمة كن فيكون فتبارك اللّٰه احسن الخالقينo

سات یوم تک روزانہ بلاناغہ پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ کامیابی وکامرانی حاصل ہوگی اور مشکل آسان ہوجائے گی۔

قرض کی ادائیگی اور وصولی کا آزمودہ عمل

یہ نقش اگر کسی پر آپ کی رقم ہو اور وہ دینا نہیں چاہتا یا آپ پر کسی کا قرض ہے اور اس کے نکلنے کی کوئی صورت پیدا نہ ہوتی ہو آمدنی اتنی نہیں کہ اس میں سے بچا کر دیا جاسکے تو درج ذیل نقش اپنے پاس رکھے اور فجر کی نماز کے بعد **حسبنا اللّٰه ونعم الوكيل** 450 بار اور بعد نماز عشاء کسی مقرر وقت پر 300 بار **لاالـه الاانت سبحانك انى كنت من الظلمين** ۔اس طرح تنہا کمرے یا مسجد کے گوشہ میں جہاں کسی کے آنے کا امکان نہ ہو باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر پڑھیں۔ایک پیالہ پانی کا اپنے سامنے رکھے ہر چند لمحہ بعد انگلیاں بھگو کر ہاتھ اور منہ پر ملے۔اول آخر درود شریف 11 مرتبہ ہر روز بعد ختم عمل صبح شام اس نقش پر دم کرے۔ جب تک یہ نقش پاس رہے گا قرض کے غم سے محفوظ رہے گا اور جب کوئی ضرورت پیش آگے گی اللہ تعالیٰ اس کا حل پیدا فرمادے گا۔

نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

لا الہ الا ۲۱۳ ۱۱۵	انت سبحانک ۲۲۷ ۱۲۸	انی کنت ۲۲۴ ۱۲۵	من الظلمین ۲۲۱ ۱۲۲
من الظلمین ۲۲۵ ۱۲۶	انی کنت ۲۲۰ ۱۲۱	انت سبحانک ۲۱۴ ۱۱۶	لا الہ الا ۲۲۶ ۱۲۷
انت سبحانک ۲۱۹ ۱۲۰	لا الہ الا ۲۲۲ ۱۲۳	من الظلمین ۲۲۹ ۱۳۰	انی کنت ۲۱۵ ۱۱۷
انی کنت ۳۳۸ ۱۲۹	من الظلمین ۲۱۶ ۱۱۸	لا الہ الا ۲۱۸ ۱۱۹	انت سبحانک ۲۲۳ ۱۲۴

اَلْجِیْمَ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ اَلْجِیْم یَاجَامِعُ کُلِّ شَیْءٍ عَنْ صِفَاتِہٖ یَاجَامِعُ۔

حاجت روائی کیلئے درود تنجینا

دینی ودنیاوی ہرحاجت کے لیئے درود تنجینا نہائیت سریع الاثر اور بزرگوں کا آزمودہ وظیفہ ہے۔

طریقہ 1

ہرروز بوقت نماز عشاء کھڑے ہوکر پڑھے اور دو نفل برائے قضائے حاجت ادا کرے اگر حاجت دینی ہوتو قبلہ رُخ اور اگر حاجت دنیاوی مثلاً حصول دولت یا ادائے قرض حصول ملازمت ترقی کے لیے جنوب کی طرف منہ کر کے کھڑا ہواور اگر دشمن کو مغلوب کرنا ہو یا مقدمے سے برات مقصود ہو کسی روٹھے ہوئے کو مائل کرنا ہواور اپنی محبت میں دیوانہ کرنا ہو تو جانب شمال رخ کر کے کھڑے ہو کر پہلے دن دس بار دوسرے دن 20 بار تیسرے دن 30 بار غرض جب تک حاجت پوری نہ ہو دس بار روزانہ بڑھاتے جائیں مایوسی اور ناکامی

QureshiRohaniWorld

کا خیال بھی نہ آنے پائے۔درودشریف کے فیوض وبرکات کی بارش میں خود کو نہاتا تصور کرے۔

طریقہ 2

ایام بیض میں تین روزے رکھے اور شب میں بعد نماز عشادونفل پڑھ کر دست بستہ بیٹھ کر دریائے محبت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں ڈوب کر نہایت خضوع وخشوع کے ساتھ ایک ہزار بار پڑھے اگر پہلے ہی روز کام ہوجائے تب بھی تین روز پڑھنا ہی چاہیے اور ہر روز روزہ بھی رکھے۔حاجت کے پوراہوجانے کے بعد ادائے شکرونعمت کی نیت سے پڑھے اس کا ثواب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پاک کوبخشے اگر ہرنماز کے بعد سو بار پڑھتا ہےتو اس کی ہرضرورت دینی ودینوی کی بجاآوری سیدکونین صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ کرم پر ہے۔

درودتنجینا یہ ہے۔

یہ عمل بعد نماز مغرب تا نماز فجر تک کسی بھی وقت کر سکتا ہے مگر نماز فجر کی ادائیگی سے پہلے پہلے کرے باوضو ہو کر پہلے گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں پھر اکیس مرتبہ یا اللہ یا ستار پڑھے اور پھر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اس کے بعد دو رکعت نفل بہ نیت استخارہ پڑھیں جب ایاک نعبد وایاک نستعین پر آئیں تو 500 بار پڑھیں دوسری رکعت میں بھی ایسا ہی کریں اور ساتھ سورۃ اخلاص ملائیں اور دو رکعت مکمل کریں۔

اگر جسم یا چہرہ داہنے طرف گھومے تو کامیابی کی طرف اشارہ ہے اور بائیں طرف ناکامی ہے۔ اگر جسم کسی سمت میں نہ گھومے تو چند روز کے بعد یہ عمل دوبارہ کرے۔

اختلاج قلب کیلئے

اختلاج قلب کا عارضہ لاحق ہونے سے گھبراہٹ اور پریشانی سی رہتی ہے جبکہ وسوسہ بے خوابی ناگہانی خوف و ہراس موت کا خوف ڈراؤنے خواب بدگمانی وغیرہ میں گھرا رہتا ہے۔ ایسی صورت میں ذیل کا نقش باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے اِن شاء اللہ تعالیٰ طبیعت ٹھیک رہے گی آزمودہ اور سریع الاثر نقش ہے۔ نقش پاک یہ ہے۔

بسم اللہ	الرحمٰن الرحیم	لاحول	ولاقوۃ	الا باللہ	العلی العظیم	یا اللہ	یارحمٰن یا رحیم
الرحمٰن الرحیم	لاحول	ولاقوۃ	الا باللہ	العلی العظیم	یا اللہ	یارحمٰن یا رحیم	دل مارا کن

QureshiRohaniWorld

لاحول	ولاقوۃ	الاباللہ	العلی العظیم	یااللہ	یارحمٰن یارحیم	دل مارا کن	مستقیم
ولاقوۃ	الاباللہ	العلی العظیم	یااللہ	یارحمٰن یا رحیم	دل مارا کن	مستقیم	بحق ایاک نعبد
الاباللہ	العلی العظیم	یااللہ	یارحمٰن یا رحیم	دل مارا کن	مستقیم	بحق ایاک نعبد	وایاک
العلی العظیم	یااللہ	یارحمٰن یا رحیم	دل مارا کن	مستقیم	بحق ایاک نعبد	وایاک	نستعین
یااللہ	یارحمٰن یا رحیم	دل مارا کن	مستقیم	بحق ایاک نعبد	وایاک	نستعین	یاھادی
یارحمٰن یا رحیم	دل مارا کن	مستقیم	بحق ایاک نعبد	وایاک	نستعین	یاھادی	یاولی الایادی

اللھم اشف امراض قلب فلاں بن فلاں بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم الابذکر اللہ تطمئن القلوب لاحول ولاقوۃ الاباللہ العلی العظیم یااللہ یارحمن یا رحیم دل مارا کن مستقیم بحق ایاك نعبد وایاك نستعین یاھادی یاولی الایادی۔

QureshiRohaniWorld

جنون اور دفع رجعت کیلئے

مرض جنون مرگی اور پاگل کے لیے یہ نقش بے نظیر ہے بلا اجازت پڑھائی کرنے کے باعث رجعت کے لیے بھی مفید ہے باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر گلے میں پہنے۔

۷۸۶

۳۵۰۱	۳۵۰۴	۳۵۰۷	۳۴۹۳
۳۵۰۶	۳۴۹۴	۳۵۰۰	۳۵۰۵
۳۴۹۵	۳۵۰۹	۳۵۰۲	۳۴۹۹
۳۵۰۳	۳۴۹۸	۳۴۹۶	۳۵۰۸

ولو القیت سری فوق میت
لقام بقدرۃ المولیٰ تعالیٰ

دمہ کا مجرب علاج

چالیس یوم تک روزانہ باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب وزعفران سے درج ذیل نقش پاک لکھ کر پلائے اور مریض ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ اللہ الصمد اور ایک سو مرتبہ کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلا اللّٰہ محمد رسول اللہ پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ مرض میں افاقہ ہوگا اور آرام آجائے گا آزمودہ تجربہ شدہ عمل ہے نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۱۰۱۹ ۷۱۶ ۱۶۵۱

۸	۵۷۹	۵۸۲	۱
۵۸۱	۲	۷	۵۸۰
۳	۵۸۴	۵۷۷	۶
۵۷۸	۵	۴	۵۸۳

ا ب ع ع ع بحرمة لااله الاالله محمد رسول
الله صلی الله تعالیٰ علیه وصحبه وسلم

ناف ٹھیک کرنا

درج ذیل نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر ناف پر باندھے اِن شاء اللہ تعالیٰ ناف درست حالت پر آ جائے گی اور تکلیف بھی رفع ہو جائے گی بارہا مرتبہ کا آزمودہ عمل ہے۔

۷۸۶

۳۸۱۶	۳۸۱۹	۳۸۲۲	۳۸۰۹
۳۸۲۱	۳۸۱۰	۳۸۱۵	۳۸۲۰
۳۸۱۱	۳۸۲۴	۳۸۱۷	۳۸۱۴
۳۸۱۸	۳۸۱۳	۳۸۱۲	۳۸۲۳

QureshiRohaniWorld

ولو القیت سری فوق ممیت لقام بقدرۃ المولیٰ تعالیٰ

فراخی رزق کیلئے

جوکوئی روزانہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ **لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ** پڑھنے کا معمول بنالے تو بفضل باری تعالیٰ اس کی روزی فراخ ہوجائے گی اسے کبھی رزق کی تنگی نہ ہوگی آزمودہ اور سریع الاثر وظیفہ ہے۔

ڈینگی وباء سے بچاؤ

روزانہ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد تین تین مرتبہ یہ پڑھا کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کی وباء اور موذی جانور کے حملے سے بچا رہے گا۔

قرض سے خلاصی

جوروزانہ نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ **اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ** پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ کبھی مقروض نہ ہوگا اگر پہلے سے قرض لے رکھا ہے تو پروردگار عالم پردۂ غیب سے مدد فرمائے گا اور اس کے قرض کی ادائیگی کا سبب مہیا فرمائے گا۔

اہل وعیال تابعداری کریں

جس کے بیوی بچے نافرمان ہوں تو وہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ **وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَایُبْصِرُوْنَ** پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے اہل وعیال اس کی تابعداری کریں گے آزمودہ عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

ڈینگی وبا سے بچاؤ کا ایک اور آزمودہ عمل

روزانہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد یہ کلمات پڑھ کر اپنے اوپر اور اہل وعیال کی طرف دم کرے اور ان کو لکھ کر گھر کے دروازے پر چسپاں کر دے اِن شاء اللہ تعالیٰ ڈینگی بخار اور ہر طرح کی وباء سے محفوظ رہے گا آزمودہ عمل ہے۔

لِیْ خَمْسَۃٌ اُطْفِیْ بِھَا حَرَّ الْوَبَآءِ الْحَاطِمَۃِ اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاھُمَا وَالفَاطِمَۃُ۔

قلبی سکون کے لیئے

دل کی تسلی اور قلبی سکون کے لیئے ہر نماز کے بعد **حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیل** پڑھنا بہت ہی مفید ہے اس بارے میں حضرت عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو اشخاص کے مابین فیصلہ فرمایا۔ جس کے خلاف فیصلہ ہوا تھا جب وہ واپس جانے لگا تو اس نے **حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیل** کہا۔ یہ سن کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ مناسب تدبیر نہ کرنے پر ملامت کرتا ہے لہٰذا ہمیشہ اپنے معاملات میں سمجھداری سے کام لیا کرو پھر اس کے بعد بھی اگر حالات ناموافق ہو جائیں تو **حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل** پڑھو۔ (ابوداؤد شریف)

نزع کے وقت آسانی

جو یہ چاہے کہ اسے نزع کے وقت آسانی رہے تو وہ ہر نماز کے بعد بکثرت کلمہ طیبہ **لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ** پڑھنے کا معمول بنالے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ میں ایک ایسا کلمہ جانتا ہوں جسے ایسا شخص پڑھے جس کی موت کا وقت قریب ہو تو اس کی روح جسم سے نکلتے وقت اس کلمہ کی بدولت ضرور راحت پائے گی اور وہ کلمہ اس کے لیے قیامت کے دن نور ہوگا۔ (وہ کلمہ **لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ** ہے) (ابویعلی۔ مجمع الزوائد)

QureshiRohaniWorld

جہنم کی آگ سے محفوظ رہے

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب تم مغرب کی نماز سے فارغ ہو جاؤ تو سات مرتبہ یہ دُعا پڑھ لیا کرو **اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّار**۔ جب تم اس دُعا کو پڑھ لو گے اور پھر اسی رات تمہاری موت آ جائے تو دوزخ سے محفوظ رہو گے اور اگر اس دُعا کو فجر کی نماز کے بعد (بھی) سات مرتبہ پڑھ لو اور اسی دن تمہاری موت آ جائے تو دوزخ سے محفوظ رہو گے۔ (ابوداود شریف)

اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص فرض نماز کے بعد ''آیت الکرسی'' پڑھ لیتا ہے وہ دوسری نماز تک اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہتا ہے۔ (طبرانی، مجمع الزوائد)

گناہوں کی معافی

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص ہر نماز کے بعد 33 مرتبہ **سُبْحَانَ اللّٰہِ** 33 مرتبہ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** 33 مرتبہ **اَللّٰہُ اَکْبَر** پڑھے یہ کل 99 مرتبہ ہوا اور سو کی گنتی پوری کرتے ہوئے ایک مرتبہ **لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَـہٗ لَـہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ** پڑھے تو اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ (مسلم شریف)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمودہ وظیفہ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں (حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے) حکم دیا گیا تھا کہ ہم ہر نماز کے بعد 33 مرتبہ **سُبْحَانَ اللّٰہِ** 33 مرتبہ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** 34 مرتبہ **اَللّٰہُ اَکْبَرْ** پڑھیں ایک انصاری صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

QureshiRohaniWorld

خواب میں دیکھا کہ کوئی صاحب کہتے ہیں کیا تم کو رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ہے ہر نماز کے بعد 33 مرتبہ **سُبْحَانَ اللّٰہ** 33 مرتبہ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** 34 مرتبہ **اَللّٰہُ اَکْبَرُ** پڑھو؟ انہوں نے کہا ہاں ان صاحب نے کہا ہر کلمہ کو 25 مرتبہ کرلو اور ان کلمات کے ساتھ (25 مرتبہ) **لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ** کا اضافہ کرلو۔ صبح کو (انہوں نے) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر خواب بیان کیا آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایسا ہی کرلو یعنی اس کی اجازت فرمادی۔ (ترمذی شریف)

کبھی محرومی نہیں ہوتی

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ نماز کے بعد پڑھے جانے والے چند کلمات ایسے ہیں جن کا پڑھنے والا کبھی محروم نہیں ہوتا وہ کلمات ہر فرض نماز کے بعد 33 مرتبہ **سُبْحَانَ اللّٰہ** 33 مرتبہ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** اور 34 مرتبہ **اَللّٰہُ اَکْبَرُ** ہیں۔ (مسلم شریف)

اچھے اخلاق کیلئے

جو یہ چاہے کہ اس کے اخلاق واطوار اچھے ہوجائیں لوگ اس کے گرویدہ ہو جائیں تو وہ ہر نماز کے بعد یہ پڑھا کرے **اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ خَطَایَایَ وَذُنُوْبِیْ کُلَّھَا اَللّٰھُمَّ انْعِشْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَاھْدِنِیْ بِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ لَایَھْدِیْ لِصَالِحِھَا وَ لَا یَصْرِفُ سَیِّئَھَا اِلَّا اَنْتَ۔**

حضرت ابوایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے جب بھی تمہارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی۔ انہیں نماز سے فارغ ہو کر یہی دعا مانگتے ہوئے سُنا۔ (طبرانی۔ مجمع الزوائد)

شیطان گھر سے بھاگ جائے

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ سورۂ بقرہ میں ایک آیت ہے جو

QureshiRohaniWorld

قرآن حکیم کی تمام آیتوں کی سردار ہے وہ آیت جیسے ہی گھر میں پڑھی جائے اور وہاں شیطان ہوتو فوراً نکل جاتا ہے وہ آیت الکرسی ہے۔(مستدرک حاکم)

فتنہ سے بچاؤ کے لیے

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جو شخص جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھ لے وہ آٹھ دن تک یعنی اگلے جمعہ تک ہر فتنہ سے محفوظ رہے گا اور اگر اس دوران دجال نکل آئے تو یہ اس کے فتنہ سے بھی محفوظ رہے گا۔ (تفسیر ابن کثیرؒ)

کوئی چیز نقصان نہ پہنچائے

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو بھی مسلمان بستر پر جا کر قرآن حکیم کی کوئی سی بھی سورت پڑھ لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کے لیئے ایک فرشتہ مقرر فرما دیتا ہے پھر جب بھی وہ بیدار ہو اس کے بیدار ہونے تک کوئی تکلیف دہ چیز اس کے قریب بھی نہیں آتی۔(ترمذی شریف)

فقر وفاقہ سے بچاؤ

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس شخص نے ہر رات سورۂ واقعہ پڑھی اس پر فقر نہیں آئے گا۔(بیہقی)

عذاب قبر سے بچاؤ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روائیت ہے کہ کسی صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک قبر پر خیمہ لگایا ان کو علم نہیں تھا کہ وہاں قبر ہے اچانک اس جگہ کسی کو سورۂ **تَبٰرَكَ الَّذِیْ** پڑھتے ہوئے سُنا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آ کر عرض کی کہ میں نے ایک جگہ خیمہ لگایا تھا مجھے معلوم نہ تھا کہ وہاں قبر ہے اچانک میں نے اس جگہ کسی کو سورۂ **تَبٰرَكَ الَّذِیْ** آخر تک پڑھتے ہوئے۔سنا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ سورت

QureshiRohaniWorld

اللہ تعالیٰ کے عذاب سے روکنے والی ہے۔اور قبر کے عذاب سے نجات دلانے والی ہے۔ (ترمذی شریف)

زہریلا جانور نقصان نہ پہنچا سکے

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس نے شام کے وقت تین مرتبہ یہ کلمات کہے **اَعُوْذُبِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ** تو اس رات اس کو کسی قسم کا زہر نقصان نہ پہنچا سکے گا حضرت سہیل رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ہمارے گھر والوں نے اس دعا کو یاد کر رکھا تھا اور وہ روزانہ رات کو پڑھ لیا کرتے تھے۔ایک رات ایک بچی کو کسی زہریلے جانور نے ڈس لیا تو اسے اس کی تکلیف بالکل محسوس نہیں ہوئی۔(ترمذی شریف)

کبھی اچانک مصیبت نہ پہنچے

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا جو شخص شام کو تین مرتبہ یہ کلمات پڑھے تو صبح ہونے تک اور صبح کو تین مرتبہ پڑھے۔تو شام ہونے تک اسے کوئی اچانک مصیبت نہیں پہنچے گی۔ (وہ کلمات یہ ہیں)

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (ابوداؤد شریف)

غم سے محفوظ رہے

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص صبح و شام سات مرتبہ **حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ** سچے دل سے کہے تو اللہ تعالیٰ اس کی تمام غموں سے حفاظت فرمائے گا۔(ابوداؤد شریف)

QureshiRohaniWorld

مربع نقش کی زکوٰۃ کا طریقہ

زکوٰۃ اصغر کا طریقہ

مربع نقوش کی زکوٰۃ چاروں عنصروں آتشی 2۔آبی 3۔بادی 4۔خاکی چالوں میں 34،34 نقش روزانہ مقررہ وقت پر 34 دن مسلسل بلاناغہ لکھیں اور علیحدہ علیحدہ نقش کاٹ کر آٹے کی گولیاں بنا کر دریا یا نہر میں یا جہاں پر مچھلیاں ہوں ڈالیں بعد 34 دنوں کے چاروں عنصروں آتشی آبی بادی اور خاکی ایک ایک نقش روزانہ لکھتے رہیں تا کہ زکوٰۃ قائم رہے۔

نوٹ

زکوٰۃ اصغر کا عامل کسی کو نقش لکھنے کی اجازت نہیں دے سکتا وگرنہ اس کی اپنی زکوٰۃ منتقل ہو جاتی ہے۔

زکوٰۃ اکبر کا طریقہ

مربع آتشی نقش چالیس دنوں میں سوالاکھ نقش لکھ کر آٹے کی علیحدہ علیحدہ گولیاں بنا کر دریا نہر یا جہاں پہ مچھلیاں وغیرہ ہوں ڈالیں اگر 40 دنوں میں تعداد پوری نہ ہو سکے تو پہلے ہی 120 دنوں کی یا ایک سال کی نسبت کر کے ایک سال کے اندر اندر سوالاکھ نقش لکھ کر آٹے کی گولیاں بنائیں اور ڈالیں اس زکوۃ کا حامل صاحب اجازت وارشاد ہو جاتا ہے جتنے آدمیوں کو چاہیے اجازت دے سکتا ہے۔

QureshiRohaniWorld

نقوش کی چاروں چالیں

آتشی چال

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

بادی چال

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

خاکی چال

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

QureshiRohaniWorld

آبی چال

۷۸۶

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

مثلث نقوش کی زکوٰۃ کا طریقہ

طریقہ اکسیر

سوالاکھ نقش آتشی چال میں 40 دن یا 120 دن یا ایک سال کے اندر اندر نیتکر کے لکھیں اور علیحدہ علیحدہ کاٹ کر دریا یا پانی میں آٹے کی گولیوں میں بہا دیں دوران عمل کوئی ناغہ نہ ہونا چاہیے زکوٰۃ اکسیر کا عامل صاحب اجازت ہوتا ہے جتنے آدمی کو چاہے اجازت دے سکتا ہے۔

زکوٰۃ اصغر کا طریقہ

60 دن کی نسبت کر کے روزانہ 15،15 نقش چاروں عنصروں کی چالوں آتشی بادی آبی اور خاکی بال لکھیں اور روزانہ آٹے کی گولیاں بنا کر دریا یا پانی میں بہا دیں۔

مثلث نقوش کی چاروں چالیں

آتشی چال

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

QureshiRohaniWorld

بادی چال

۷۸۶

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

خاکی چال

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

آبی چال

۷۸۶

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

.....☆☆☆.....

QureshiRohaniWorld

متفرق آزمودہ عملیات وتعویزات

خاوند بدزبانی نہ کرے

جس عورت کا خاوند بدزبانی کرتا ہو گالی گلوچ سے کام لیتا ہو تو یہ نقش پیر کے روز نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں لکھ کر کسی ویرانے میں درخت کے اوپر بند ہوئے اِن شاء اللہ تعالیٰ خاوند بدزبانی کرنا چھوڑ دے گا اس مقصد کے لیئے نہایت آزمودہ نقش ہے۔

۷۸۶

۳۴۳	۳۵۰	۲	۷
۶	۳	۳۴۷	۳۴۶
۳۴۹	۳۴۴	۸	۱
۴	۵	۳۴۵	۳۴۸

بھاگا ہوا واپس آجائے

عورت یا مرد گھر سے خفا ہو کر کہیں چلا گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ کہاں پر ہے تو یہ نقش پاک لکھ کر گھر میں لٹکا دے اِن شاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا جلد واپس آجائے گا اور اس کے بارے میں پتہ چل جائے گا کہ کہاں پر ہے نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld



۲۲۱	۲۲۴	۲۲۷	۲۱۳
۲۲۶	۲۱۴	۲۲۵	۲۲۵
۲۱۵	۲۲۹	۲۲۲	۲۱۹
۲۲۳	۲۱۸	۲۱۶	۲۲۸

فلاں بن فلاں واپس شود

میاں بیوی میں محبت کیلئے

میاں بیوی سے محبت نہ کرتا ہو یا بیوی اپنے خاوند کو ناپسند کرتی ہو جس کی وجہ سے گھر میں کشیدگی پائی جاتی ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر بازو پر باندھے اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ زوجین میں محبت شدیدہ پیدا ہو جائے گی نہائیت موثر و آزمودہ نقش ہے۔

والَّذِین	اللّٰہ	کحب	یحبونھم
اٰمنوا	والذین	اللّٰہ	کحب
اشدحبا	اٰمنو	والذین	اللّٰہ
لِلّٰہ	اشدحبا	اٰمنو	والذین

مقدمہ میں کامیابی

مقدمہ میں کامیابی وفتح کے لئے یہ نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اور ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ **وَ اللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ** پڑھے اول و آخر درود ابراہیمی پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مقدمے کا فیصلہ اس کے حق میں ہو جائے گا نقش پاک جو کہ سورۂ فتح کا ہے یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

۷۸۶

۴۷۲۰۶	۴۷۲۱۰	۴۷۲۱۳	۴۷۲۹۹
۴۷۲۱۲	۴۷۲۰۰	۴۷۲۰۵	۴۷۲۲۱۱
۴۷۲۰۱	۴۷۲۱۵	۴۷۲۰۸	۴۷۲۰۴
۴۷۲۰۹	۴۷۲۰۳	۴۷۲۰۲	۴۷۲۱۴

ہائی بلڈ پریشر کا آزمودہ علاج

جس کا بلڈ پریشر اکثر ہائی رہتا ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر دائیں بازو پر باندھے اور باندھتے وقت دوسرا شخص باوضو حالت میں مریض کے ماتھے پر انگشت شہادت سے حٰمٓ لکھے اِن شاء اللہ تعالیٰ بلڈ پریشر نارمل رہے گا۔



جلد ملازمت مل جائے

نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں ذیل کا نقش پاک لکھ کر فریم کرائے اور پھر روزانہ فجر کی نماز پڑھ کر اول وآخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھتے ہوئے اس نقش کو سامنے رکھے ستر مرتبہ **حسبنا اللہ وَنعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر** پڑھے ستر مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے چالیس یوم تک یہ عمل بلاناغہ کرے پڑھنے کے بعد دُعا

QureshiRohaniWorld

مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ملازمت حاصل ہو جائے گی اور روزگار کا ذریعہ مل جائے گا نہائیت آزمودہ عمل ہے۔

کامیابی کے بعد حسب توفیق صدقہ وخیرات کرے اور شیرینی تقسیم کرے نقش پاک یہ ہے۔

۸۷۶

حسبنا ۶۷	اللہ ۶۶	ونعم ۱۴۷	الوکیل ۹۷
۱۶۰	۹۶	۱۲۲	۶۵
۹۵	۱۶۴	۶۸	۱۲۳
نعم ۶۷	المولیٰ ۱۴۴	ونعم ۹۴	النصیر ۱۶۵

رزق میں اضافہ

رزق میں اضافہ کے لیئے سورۂ احزاب کا نقش لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے جبکہ ایک نقش پاک لکھ کر کاروبار کی جگہ پر چسپاں کرے لکھنے سے پہلے باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ سورۂ احزاب نہائیت توجہ ویکسوئی سے پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی جلد فراخ ہو جائے گی نہائیت موثر نقش ہے۔

۷۸۶

۸۸۸۰۷	۸۸۸۲۱	۸۸۸۱۷	۸۸۸۱۴
۸۸۸۱۸	۸۸۸۱۳	۸۸۸۰۸	۸۸۸۲۰
۸۸۸۱۲	۸۸۸۱۵	۸۸۸۲۳	۸۸۸۰۹
۸۸۸۲۲	۸۸۸۱۰	۸۸۸۱۱	۸۸۸۱۶

پڑھائی میں دل لگے

جس بچے کا پڑھائی میں دل نہ لگتا ہو اور وہ پڑھنے سے جان چراتا ہو تو باوضو

QureshiRohaniWorld

حالت میں یہ نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا رجحان پڑھائی کی طرف ہوجائے گا تعلیم وزیادتی علم کے لیئے یہ نقش بہت ہی خوب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ع	ا	ل	م
م	ل	ا	ع
ا	ع	م	ل
ل	م	ع	ا

بسم اللہ الرحمن رب اشرح لی

صدری ویسرلی امری رب زدنی علما

انجانے خوف کا خاتمہ

ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالے اور ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ **یَاحَافِظُ یَاحَفِیظُ** پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے دل سے انجانا خوف ختم ہوجائے گا اللہ تعالیٰ اس کا قلب مطمئن رکھے گا اور اسے کسی قسم کا خوف محسوس نہ ہوگا نہائیت آزمودہ عمل ہے نقش پاک یہ ہے۔

۹	۱۷	۲۸	۳۳	۴۱	۴۹	۱
۲۶	۳۴	۴۲	۴۳	۲	۱۰	۱۸
۳۶	۴۴	۳	۱۱	۱۹	۲۷	۳۵
۴	۱۲	۲۰	۲۸	۲۹	۳۷	۴۵
۲۱	۲۲	۳۰	۳۸	۴۶	۵	۱۳
۳۱	۳۹	۴۷	۶	۱۴	۱۵	۲۳
۴۸	۷	۸	۱۶	۲۴	۳۲	۴۰

QureshiRohaniWorld

افلاس سے نجات

مفلسی اور افلاس کے خاتمے کے لیئے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے اِن شاء اللہ تعالیٰ جلد اس کی روزی میں اضافہ ہوگا یہ نقش سورۂ نور کا ہے۔ جو اس مقصد کے لیے نہائیت سریع الاثر ہے۔ مگر چاہیے، کہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ **وَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن** بھی پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد جلد پورا ہوگا۔

۷۸۶

۱۶۱۴	۱۶۱۷	۱۶۲۰	۱۶۰۶
۱۶۱۹	۱۶۰۷	۱۶۱۳	۱۶۱۸
۱۶۰۸	۱۶۲۲	۱۶۱۵	۱۶۱۲
۱۶۱۶	۱۶۱۱	۱۶۰۹	۱۶۲۱

خاوند بیوی پر توجہ دے

جس عورت کا خاوند اپنی بیوی پر توجہ نہ دیتا ہو اس کی طرف التفات نہ کرتا ہو تو باوضو حالت میں ذیل کا نقش عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر عورت بازو پر باندھے اور ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ **یَا وَدُوْدُ** پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے خاوند کی توجہ حاصل ہوگی اور خاوند اس کا گرویدہ ہو جائے گا نقش پاک یہ ہے۔

قُلْنَا یَانَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۸	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

QureshiRohaniWorld

الٰہی بحق اسماء متبرکہ خود چہاروہ معصوم

۱۱۱۹۰۵۱۱ افلاں بے اذن زوجہ خود جائے نہ رود

حیض کی زیادتی

حیض کی زیادتی کی صورت میں عرق گلاب وزعفران سے چینی کی پلیٹ پر یہ نقش پاک لکھ کر صبح دوپہر اور شام کو پلائے اِن شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں آرام آجائے گا اس مقصد کے لیے نہائیت مجرب اور سریع الاثر نقش ہے۔



آسیب بھاگ جائے

جس کو آسیب تنگ کرتا ہو وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں لکھ کر اپنے بازو پر باندھے پھر حسب توفیق صدقہ وخیرات کرے اور ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ آسیب کبھی اس کے نزدیک نہیں آئے گا اور نہ ہی اس کو تنگ کرے گا آزمودہ عمل ہے نقش پاک یہ ہے۔

لَآاِلٰهَ	اِلَّااللّٰهُ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ	اللّٰهِ
يَااَللّٰهُ	يَارَحْمٰنُ	يَارَحِيْمُ	يَاسَتَّارُ	يَاغَفَّارُ
يَاكَرِيْمُ	يَاوَهَّابُ	يَابَدُوْحُ	يَاغَفُوْرُ	يَاشَكُوْرُ

دشمن پریشان ہوجائے

جو دشمن نقصان پہنچانے کے درپے رہتا ہو کسی بھی طرح باز نہ آتا ہو تو یہ نقش پاک

QureshiRohaniWorld

جو کہ سورۃ انبیاء کا ہے باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اور ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ **یاقھارُ یاجَبار** پڑھ کر دعا مانگا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا دشمن بہت جلد پریشانی اور مصیبت میں مبتلا ہو جائے گا اور اسے نقصان پہنچانے سے قاصر ہوگا نقش پاک یہ ہے۔

۷۸۶

۹۵۵۵۶	۹۵۵۵۹	۹۵۵۶۲	۹۵۵۴۸
۹۵۵۶۱	۹۵۵۵۹	۹۵۵۵۵	۹۵۵۶۰
۹۵۵۵۰	۹۵۵۶۴	۹۵۵۵۷	۹۵۵۵۴
۹۵۵۵۸	۹۵۵۵۳	۹۵۵۵۱	۹۵۵۶۳

بچہ جلدی چلے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کا شیر خوار بچہ جلدی چلنا سیکھ جائے تو اس ضمن میں ''مجربات دیربی'' میں حضرت خواجہ احمد دیربی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں کہ یہ نقش پاک باوضو حالت میں ہرن کی جھلی پر لکھ کر خوشبو کا بخور دے اور بچے کے گلے میں تعویز کی طرح ڈال دے اِن شاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد چلنا شروع کر دے گا آزمودہ وموثر عمل ہے۔ نقش یہ ہے۔

ن	ی	ت	م
۵۰	۱۰	۴۰۰	۴۰
۴۰	۵۰	۱۰	۴۰۰
۴۰۰	۴۰	۵۰	۱۰
۱۰	۴۰۰	۴۰	۵۰

بچہ دُودھ پیا کرے

جو بچہ دُودھ بہت کم پیتا ہو یا اس سے منہ موڑ لیتا ہو تو باوضو حالت میں عرق گلاب

QureshiRohaniWorld

وزعفران سے یہ نقش پاک لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے اور روزانہ ایک عدد نقش چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائے گیارہ یوم تک بلاناغہ پلائے اِن شاء اللہ تعالیٰ بچہ رغبت سے دُودھ پینا شروع کر دے گا اور تنگ نہیں کرے گا نقش پاک یہ ہے۔

ع	ع ھ	و	۲	لم۲
ع الو	۔	۳	۸	۱۲۱
۱۲	۷	عطالو	۷	۸

تفکرات سے نجات

جو ہر وقت تفکرات میں گھرا رہتا ہو مختلف قسم کی سوچیں اور فکر اس پر غالب رہتے ہوں تو وہ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ یاہادی انت الھادی پڑھا کرے اور ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں پہن لے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا دل تفکرات سے پاک ہو جائے گا اور وہ سکون محسوس کرے گا نقش پاک یہ ہے۔

۷۸۶

ف	ر	ا	ع
ع	ا	ر	ف
ر	ف	ع	ا
ا	ع	ف	ر

جان ومال کی حفاظت کیلئے

جان ومال کی حفاظت، رزق میں اضافے، نقصان سے بچاؤ غرقابی وآگ وغیرہ سے محفوظ رہنے کے لیئے باوضو حالت میں یہ نقش حروف نورانی لکھ کر گھر، دکان اور گاڑی وغیرہ میں لگائے اِن شاء اللہ تعالیٰ جان ومال کی حفاظت ہوگی اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَامُجیب الدعوات

الرا	کھیعص	حمعسق	یسٓ محمد
اللّٰہ باری	المص	الم مانع	من عدل
طس ملك	طه اکرام	اللّٰہ سلام	طسم معید
حم محصی	ق صمد	ن حنان	نعم المولی

ق والقرآن المجید

قیدی کی جلد رہائی

قیدی کی جلد رہائی کے لیئے چند افراد باوضو حالت میں ایک مجلس میں بیٹھ کر چالیس ہزار مرتبہ آیت کریمہ **لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ** پڑھیں اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگیں پھر ایک شخص ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھے اور قیدی کے گلے میں پہنایا جائے اگر قیدی کے گلے میں پہنانا ممکن نہ ہو تو اسے فریم کروا کر قیدی کے گھر میں آویزاں کر دیا جائے یہ عمل بروز اتوار عروج ماہ قمری میں عصر کے وقت کیا جائے اِن شاء اللہ تعالیٰ جلد قیدی کی رہائی عمل میں آجائے گی نقش پاک یہ ہے۔

۹۹ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ	۸۹۲ سبحانك	۵۳۱ انی کنت	۶۵۲ من الظمین
۵۳۳	۱۱۵۱	۱۰۰	۵۹۱
۱۱۵۰	۵۲۹	۵۹۴	۱۰۱
۵۹۳	۱۰۲	۱۱۴۹	۵۳۰

QureshiRohaniWorld

اسقاط حمل سے بچاؤ

جس حاملہ کا حمل قائم نہ رہتا ہو تو جب حمل قرار پا جائے ذیل میں دیے ہوئے دونوں نقش عرق گلاب، مشک وزعفران سے لکھ کر دے تا کہ حاملہ اپنی ناف پر باندھے اِن شاء اللہ تعالیٰ وہ اسقاط حمل سے محفوظ رہے گی نہائیت موثر اور آزمودہ نقوش ہیں۔

۷۸۶

یوانس بوس	بحرمته یملیخا	آذرفطیونس
کشفوطط	بتیونس	برجین
کشافطیونس	وکلبهم قطمیر	مکسلمینا

۷۸۶

ق	ا	ب	ض
ض	ب	ا	ق
ا	ق	ض	ب
ب	ض	ق	ا

الٰہی بہ برکت ان نقشوں مکرمہ کے اس حاملہ کے حمل کو جمیع آفات سے محفوظ فرما اور بچہ صحیح سالم عطا کر بحق یا اللہ یا بدوح۔

سستی اور تھکاوٹ نہ ہو

جو ہر وقت تھکاوٹ اور سستی محسوس کرتا ہو وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے سُرخ رنگ کے کاغذ پر لکھ کر اپنے گلے میں پہن لے اور ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ دُرود ابراہیمی پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس پر سستی اور تھکاوٹ کا غلبہ نہ ہوگا آزمودہ ہے۔

QureshiRohaniWorld



تنگدستی کا خاتمہ

ذیل میں دیا ہوا نقش پاک چاندی کی انگوٹھی یا عقیق پر کندہ کرا کر ہاتھ میں پہن لیا جائے اور روزانہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اکیس مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھا کرے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ تنگدستی سے نجات حاصل ہوگی اللہ تعالیٰ اسے خوشحالی عطا فرمائے گا نقش پاک یہ ہے۔

۷۸۶

یا حق	۸	۳	۴ یا حق
یا حق	۱	۵	۹ یا حق
یا حق	۶	۷	۲ یا حق

الصبر لااله الااللّٰه محمد رسول اللّٰه

ماہواری میں خرابی

ماہواری میں خرابی یا اس بارے میں ہر طرح کی شکائیت کو رفع کرنے کی غرض سے یہ نقش پاک چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر روزانہ صبح وشام پانی سے دھو کر پلایا جائے سات یوم یا اکیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کیا جائے اِن شاء اللہ تعالیٰ جلد شفا حاصل ہوگی۔

موثر نقش ہے۔

QureshiRohaniWorld

د	م	ح	م
م	د	م	ح
ح	م	د	م
م	ح	م	د

میاں بیوی میں ناچاقی

میاں بیوی میں ناچاقی یا آئے روز کے جھگڑے کے خاتمے کے لیئے جمعہ کے روز نماز فجر کی ادائیگی کے بعد عرق گلاب وزعفران سے سورۂ جمعہ کا نقش لکھ کر اس گھر کی دیوار پر لگا دے دونوں میں سے کوئی ایک اپنے پاس رکھے تو بفضل باری تعالیٰ میاں بیوی کے مابین ناچاقی ختم ہوجائے گی۔ نقش پاک یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵۳۸۱	۱۵۳۸۴	۱۵۳۸۷	۱۵۳۷۳
۱۵۳۸۶	۱۵۳۷۴	۱۵۳۸۰	۱۵۳۸۵
۱۵۳۷۵	۱۵۳۸۹	۱۵۳۸۲	۱۵۳۷۹
۱۵۳۸۳	۱۵۳۷۸	۱۵۳۷۶	۱۵۳۸۸

لڑکی کی جلد شادی کے کیلئے

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک اپنے گلے میں ڈالے اور ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگا کرے گا ہے بگا ہے صدقہ وخیرات بھی کرے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کا رشتہ طے ہوجائے گا اور شادی بھی ہوجائے گی۔

آزمودہ عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

ص	ط	ع	ر	ك
ك	ص	ط	ح	ف
ق	ك	ص	ط	ع
ح	ف	ی	ص	ع
ط	ف	ی	ع	ع

کسی کوراہ راست پرلانا

7عدد پاک مٹی کے ڈھیلے لیں اورقبرستان میں جاکر ہرایک ڈھیلے پرالگ الگ سورۃ یسٰین پڑھیں اورکسی پرانی قبر کے ساتھ ان 7ڈھیلوں کودفن کردیں اور دفن کرتے وقت یہ خیال کریں کہ فلاں بن فلاں کی تمام بُری عادات وغیرہ بھی اسی طرح ان ڈھیلوں کے ساتھ دفن کررہاہوں۔

نوٹ یہ عمل 7جمعرات تک لگاتارکریں ناغہ نہ کریں ناغے کی صورت میں دوبارہ عمل کرناہوگا۔یہ عمل جمعرات کے دن کرناہوگا۔

عمل کا آغاز کرنے سے قبل اور بعد میں حسب توفیق صدقہ وخیرات کریں۔

حصار کرنا

ہرطرح کی رجعت سے بچاؤ کے لیئے حصارکرنا مفید ہوتا ہے اس مقصد کے لیئے اول وآخر تین تین مرتبہ درودابراہیمی پڑھے اس کے بعد نہائیت توجہ ویکسوئی سے الحمدشریف آیۃ الکرسی چاروں قل شریف 3،3 مرتبہ یاحافظ یاحفیظ یاناصر یانصیر یارقیب یاوکیل وبحق یا اللہ یارحیم وبحق کھیعص وحمعسق وبحق یااللہ یاکریم وبحق الٓمٓ حٰمٓ عٓسٓ طٰسٓ حٰمٓ قٓ نٓ 3 مرتبہ پڑھ کراپنے ہاتھوں پر دم کرکے پورے جسم پر پھیرلیں بعد دائیں بائیں آگے پیچھے اوپر نیچے شہادت کی انگلی پر دم کرکے یا خنجر پر دم کرکے مصلی کے چاروں طرف حصار کرلیں اور ہر چھ سمت دم کردیں بعد اپنے وظیفہ کو پڑھیں یانقوش لکھیں دوران وظیفہ یا نقوش لکھتے وقت ہمیشہ پہلے رجال الغیب کی طرف منہ کرکے تین مرتبہ درودشریف بعد سلام رجال الغیب مکمل

QureshiRohaniWorld

تین مرتبہ پڑھیں اب رجال الغیب کی طرف پشت کر کے بیٹھ جائیں اور یہ تصور کریں کہ رجال الغیب میری پشت پناہ پر ہیں پھر اپنا عمل شروع کریں ایسا کرنے سے کبھی بھی انشاءاللہ رجعت نہیں ہو گی۔اسی طریقہ سے اپنا اور اہل خانہ مکان دکان ہر جگہ ہر عزیز کا حصار کیا جا سکتا ہے۔

وضع حمل میں آسانی

ذیل میں دیا ہوا نقش پاک وضع حمل میں آسانی کے لیئے بہت ہی موثر و آزمودہ ہے اس کے متعلق حضرت خواجہ احمد دیربی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں کہ یہ نقش وضع حمل میں آسانی کے لیے مجرب ہے اسے عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر عورت کے گلے میں پہنائے تو بچے کی ولادت جلد اور آسانی سے ہو گی۔ (بحوالہ مجربات دیربی۔) نقش پاک یہ ہے۔



مرض نسیان کیلئے

مرض نسیان سے خلاصی کے لیئے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک جو کہ بسم اللہ اور سورۃ فاتحہ مع آمین کا ہے سات یوم تک روزانہ نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر پی لے جبکہ ایک نقش گلے میں پہنے ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا حافظ مضبوط ہو جائے گا آزمودہ عمل ہے

نقش یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

۷۸۶

۸	۱۱۸ع	۱۲۱ع	۱
ع۱۲ع	۲	ر	۱۱۹ع
۳	۱۴۳ع	۱۶ع	۶
۱۱۷ع	ع	۴	۱۲۲ع

قوت امساک میں اضافہ

اس مقصد کے لیے ذیل میں دیاہوانقش پاک باوضوحالت میں عرق گلاب وزعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کرنماز فجر کی ادائیگی سے قبل پانی سے دھوکر پی لے پھر رات کونماز عشاء کی ادائیگی کے بعداسی طرح لکھےاور پی لے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے ان شاءاللہ تعالیٰ امساک کی قوت زیادہ ہوجائے گی یہ عمل بہت سے لوگوں کا آزمودہ اورانتہائی کامیاب ہے بفضل باری تعالیٰ اس میں کبھی ناکامی نہیں ہوگی مگر یقین اور صحیح اعتقاد کے ساتھ عمل کرے تو جلد فائدہ ہوتا ہے نقش پاک یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۱	۲۲۴	۲۲۷	۶۵۴
۶۶۶	۶۵۵	۶۶۰	۶۶۵
۶۵۶	۶۶۹	۶۶۲	۶۵۹
۶۶۳	۶۵۸	۶۵۷	۶۶۸

وسوسوں سے نجات

باوضوحالت میں عرق گلاب وزعفران سے ذیل میں دیاہوانقش لکھ کر اپنے گلے میں پہنے اور ہرنماز کے بعد سات مرتبہ اعوذباللہ من الشیطن الرجیم پڑھےاور سات مرتبہ سورۃ والناس مع بسم اللہ الرحمٰن پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے۔اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے شیطانی

QureshiRohaniWorld

وسوسوں سے نجات مل جائے گی۔ نقش پاک یہ ہے۔

۷۸۶

۳۸	۴۲	۴۵	۳۱
۴۴	۳۲	۳۷	۴۳
۳۳	۴۷	۴۰	۳۶
۴۱	۳۵	۳۴	۴۶

رزق کی بندش کھولنا

جس کا کاروبار جادوٹونے کے زور پر بند کر دیا گیا ہو اور اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار ٹھپ ہو گیا ہو تو چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد طلوع آفتاب سے قبل گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر 111 مرتبہ **یَاغَنِیُّ** پڑھے۔ اس کے بعد 111 مرتبہ یہ پڑھے۔

اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَالْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔

پھر 111 مرتبہ **یَامُنْعِمُ** پڑھے اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور طلوع آفتاب کے وقت بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ رزق کی بندش کھل جائے گی اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے وافر مقدار میں رزق حلال عطا فرمائے گا اور کبھی رزق کی تنگی نہ ہوگی بہت مرتبہ کا آزمودہ اور کامیاب عمل ہے۔

روپے پیسے کی فراوانی کیلئے

رزق حلال کے حصول روپے پیسے کی فراوانی اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے غیبی امداد حاصل کرنے کی غرض سے ذیل میں دیا ہوا عمل بہت سے بزرگوں کا آزمودہ اور فرمودہ ہے اس کا حامل کبھی تنگدست نہیں رہتا اس کی ہر ضرورت پوری ہو جاتی ہے عمل میں کامیابی کے لیئے یقین کامل خلوص اور اعتقاد کا ہونا لازم ہے اول وآخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور اکتالیس مرتبہ اس عزیمت کو صبح اول وقت میں پڑھے۔

QureshiRohaniWorld

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

یَابُدُّوْحُ مُھَیَّالَنَابِالْفُتُوْحِ وَمَنَافِعِ الْخَیْرَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْاٰفَاتِ وَالْجِھَاتِ وَ سَخِّرْلِیْ اَمْرَکُلِّ مَخْلُوْقٍ وَاَخْتَلَفِ الْاَلْوَانِ وَالْاَکْوَانَ وَابْعَثِ الْاَرْزَاقَ مِنْ کُلِّ مَرْزُوْقٍ وَمَخْلُوْقٍ وَمَفْتُوْحٍ وَبِحَقِّ مُحَمَّدِ الْمَمْدُوْحِ صَاحِبِ الْفَرَدِوَالْمَفْتُوْحِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

اس کے بعد 41 نقش معہ عددی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے علیحدہ علیحدہ تحریر کریں پھر ہر ایک نقش کو مقراض سے تراش کر گولیاں بنادیں پھر علیحدہ علیحدہ ہر گولی پر آرد گندم لپیٹے اور دریا میں ڈالے بلاناغہ 41 روز تک۔

۷۸۶

۶	۱۱	۳
۴	۷	۹
۱۰	۲	۸

نوٹ

جب زکوۃ 41 روزہ سے فارغ ہو جائے تو پھر وقت عشاء اس عزیمت شریف کو تین بار پڑھا کریں اور ہر روز 20 نقش تحریر کریں اور جمع رکھتا جائے جب یہ نقش زیادہ جمع ہو جاویں اور کاتب نقوش کو ضرورت خرچ شادی وغیرہ کی ہو تب دریا پر جا کر نقوش دھوئے بفضل باری تعالیٰ ضرور کام ہو جائے گا اللہ تعالیٰ غیب سے مدد و اسباب مہیا فرمائے گا۔

مرگی کا علاج

مرگی کے مرض سے چھٹکارے کے لیئے چاندی کی لوح پر ذیل میں دیا ہوا نقش

QureshiRohaniWorld

کندہ کروائیں اس کے ساتھ ہی اس لوح یعنی تختی کے ایک طرف **یَامُذِلُّ**۔

کُلُّ جبارٍ عندبقھر سلطانِہٖ یامذلُّ اور دوسری طرف یاقھارانت الذی لایطاق انتقامہ یاقھار قمر درعقرب میں چاندی کی تختی پر کندہ کرائیں۔ مرگی کا مرض خواہ کتنا ہی پرانا ہو بفضل باری تعالیٰ ختم ہو جائے گا۔

ل	ذ	م	ال
۳۹	۳۲	۲۹	۷۰۱
۳۳	۴۲	۲۹۸	۲۸
۶۹۹	۲۷	۳۴	۴۱

سر درد کا شافی علاج

یہ نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر مریض کے سر پر باندھے تو اسے افاقہ ہوگا اور سر درد میں آرام آجائے گا نقش پاک یہ ہے۔

ك	ھ	ی	ع	ص
ع	ص	ك	ھ	ی
ھ	ك	ی	ع	ص
ص	ك	ھ	ی	ع
ی	ع	ص	ك	ھ

QureshiRohaniWorld

وسوسوں سے نجات

جو ہر وقت وسوسوں میں پڑا رہتا ہو جس کی وجہ سے پریشانی اور الجھن محسوس ہوتی ہو ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ پڑھنے کا معمول بنالے۔

رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔

اِن شاءاللہ تعالیٰ اسے وساوس سے نجات حاصل ہوگی مجرب آزمودہ وظیفہ ہے۔

شیطانی وسوسہ دور کرنے کا نبوی وظیفہ

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ شیطانی وسوسے کے وقت تین مرتبہ **اٰمَنْتُ بِاللّٰه** کہہ لیا کرو اور **قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ ه اَللّٰهُ الصَّمَدُ ه لَمْ يَلِدْ ه وَلَمْ يُوْلَدْ ه وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ** پڑھ لیا کرو پھر بائیں طرف تین مرتبہ تھوک کر **اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ** پڑھ لیا کرو شیطانی وسولہ دور ہو جائے گا۔ (مسلم شریف)

جہنم سے آزادی کا پروانہ

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ۔

جب تم مغرب کی نماز سے فارغ ہو جاؤ تو سات مرتبہ **اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّار** کہو اسی رات تمہاری وفات ہوگئی تو تمہارے لیئے جہنم سے آزادی کا ایک پروانہ لکھ دیا جائے گا اسی طرح فجر کی نماز سے فارغ ہو کر سات مرتبہ یہ کلمات کہو اسی دن اگر تمہاری وفات ہوگئی تو تمہارے لیئے جہنم سے آزادی کا ایک پروانہ لکھ دیا جائے گا۔ (کنز العمال)

فائدہ مند سفر کیلئے

حضرت جبیر بن معظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ وہ کہتے ہیں رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھ سے ارشاد فرمایا اے جبیر! کیا تم چاہتے ہو کہ جب تم سفر پر نکلو تو

QureshiRohaniWorld

اپنے ساتھیوں میں زیادہ خوشحال اورزیادہ فائدہ حاصل کرنے والے بنو میں نے کہا ہاں ضرور میرے ماں باپ آپ پر قربان رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

جب سفر پر نکلو تو یہ پانچ سورتیں پڑھ لیا کرو **قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس** ہر سورت کو **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم** سے شروع کرو اور اپنی قراءت کو **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم** پر ختم کرو۔

حضرت جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں مالدار یعنی زیادہ مال رکھنے والا تھا لیکن جن کے ساتھ بھی سفر پر نکلتا تو سب سے شکستہ حال اور کم سرمایہ والا ہوتا لیکن جب سے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے یہ دُعا سکھائی اور میں نے اسے پڑھا تو میں سب سے اچھا خوشحال اور کثیر فائدہ والا ہوتا یہاں تک کہ میں اپنے اس سفر سے واپس ہو جاتا۔

(مجمع الزوائد، کتاب الاذکار باب 42 رقم الحدیث 17112)

چشم خلائق میں معزز ہونا

ذیل میں دیا ہوا نقش پاک جو کہ سورۂ فاطر کا ہے باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں پہنے تو چشم خلائق میں معزز ہوگا جہاں بھی جائے گا ہر کوئی عزت سے پیش آئے گا اگر حاکم کے پاس جائے تو وہ مہربانی کرے گا آزمودہ نقش ہے۔

۷۸۶

٦٦٩٣	٦٦٩٦	٦٦٩٩	٦٦٨٥
٦٦٩٨	٦٦٨٦	٦٦٩٢	٦٦٩٧
٦٦٨٧	٦٦٠١	٦٦٩٤	٦٦٩١
٦٦٩٥	٦٦٩٠	٦٦٨٨	٦٦٠٠

ملازمت میں ترقی

جو اپنی ملازمت میں ترقی کا خواہاں ہو تو وہ روزانہ نماز فجر کے بعد سورۃ رحمٰن پڑھا

QureshiRohaniWorld

کرے اور بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے علاوہ ازیں ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے چالیس روز تک بلاناغہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد سورۃ الرحمٰن پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کو ملازمت میں ترقی مل جائے گی اس کی روزی میں خیروبرکت پیدا ہوجائے گی اور اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی نقش پاک یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۷۴۱	۲۵۷۴۴	۲۵۷۴۷	۲۵۷۳۴
۲۵۷۴۶	۲۵۷۳۵	۲۵۷۴۰	۲۵۷۴۵
۲۵۷۳۶	۲۵۷۴۹	۲۵۷۴۲	۲۵۷۳۹
۲۵۷۴۳	۲۵۷۳۸	۲۵۷۳۷	۲۵۷۴۸

بچہ بُری عادت چھوڑ دے

بچے کی بُری عادت چھڑوانے کی غرض سے باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک لکھ کر بچے کے گلے میں پہنا دے اور چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر بچے کو پلائے اِن شاء اللہ تعالیٰ بچے کی بُری عادت چھوٹ جائیں گی نہایت سریع الاثر نقش ہے۔

۷۸۶

۱۱۷۲۳۹	۱۱۷۲۴۴	۱۱۷۲۴۱
۱۱۷۲۴۰	۱۱۷۲۲۰	۱۱۷۲۳۶
۱۱۷۲۳۵	۱۱۷۲۴۲	۱۱۷۲۳۷

مسان سے حفاظت

مسان اور آسیب وغیرہ سے بچے کو محفوظ رکھنے کے لیے سرخ رنگ کے کاغذ پر عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش لکھ کر بچے کے گلے میں پہنا دے اِن شاء اللہ تعالیٰ بچے کی مسان سے حفاظت ہوگی اس مقصد کے لیئے یہ نقش بہت ہی مفید وموثر ہیں۔

QureshiRohaniWorld

۷۸۶

ض	ب	ا	ق
ق	ا	ب	ض
ب	ض	ق	ا
ا	ق	ض	ب

۷۸۶

ك	ی	س	ف
۵۹	۸۱	۱۹	۱۱
۸۲	۶۲	۸	۱۸
۹	۱۷	۸۳	۶۱

بچی کی جلد شادی کیلئے

جس بچی کا رشتہ کہیں طے نہ ہوتا ہو اور کوئی نہ کوئی رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک کنگھی پر کندہ کرا کے بچی کو دے کہ وہ اس کنگھی کو روزانہ استعمال کرے اس سے اپنے بال سنوارے اور ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ** پڑھا کرے اس عمل کی برکت سے بفضل باری تعالیٰ اس کا رشتہ بہت جلد طے ہو جائے گا اور جلد ہی شادی ہو جائے گی یہ عمل بچیوں کی جلد شادی کے حوالے سے بارہا مرتبہ کا آزمودہ اور نہائیت سریع الاثر ہے۔

نقش پاک یہ ہے۔



QureshiRohaniWorld

قبر میں وحشت نہ ہو

ایک روائیت میں آتا ہے کہ جوکوئی روزانہ (توجہ ویکسوئی سے باوضو حالت میں) 300 مرتبہ۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ

پڑھا کرے تو یہ کلمات اس کے لیے فقروفاقہ سے حفاظت کا باعث اور قبر کی وحشت وتنہائی میں انسیت کا سبب ہوں گے اوران کلمات کو پڑھانے والا غنا حاصل کرلے گا اور (روزمحشر) ان کلمات کی برکت سے وہ جنت کے دروازے پر دستک دے گا۔

مال میں کمی نہ ہو

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جوشخص یہ چاہے کہ اس کا مال بڑھ جائے (اس میں کمی نہ ہوتو) وہ یوں کہا کرے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

(بحوالہ زادالسعید)

ابدال کا درجہ حاصل ہونا

حضرت امام غزالی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ''احیاء العلوم'' میں تحریر فرماتے ہیں کہ جوکوئی روزانہ تین مرتبہ (ہرنماز کے بعد) یہ دُعا پڑھا کرے اس کے لیے ابدال کا درجہ لکھ دیا جاتا ہے اولیائے کرام میں ابدال کا درجہ بہت بڑا ہوتا ہے دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

QureshiRohaniWorld

اَللّٰھُمَّ تَجَاوَزْ عَنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

(مظاہر حق ج 4 ص 59)

سفر میں محفوظ رہے

ابن النجار رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی تاریخ میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کیا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص سفر کا ارادہ کرے تو اپنے گھر کے دروازے کے دونوں بازو پکڑ کر گیارہ مرتبہ (سورۂ اخلاص) قل ھو اللہ احد پڑھے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ سفر سے واپسی تک اللہ تعالیٰ اس کی نگہبانی فرمائے گا (الدر المنثور 1،6/675)

شیطان قریب نہ آئے

رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص دن میں دس مرتبہ شیطان سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگے یعنی **اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ** پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیئے ایک فرشتہ مقرر فرما دیتا ہے جو اس سے شیطان کو دور کرتا رہتا ہے (ابوداؤد شریف)

حادثے سے محفوظ رہنے کا وظیفہ

حضرت طلق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ آپ کا مکان جل گیا آپ نے فرمایا کہ نہیں جلا پھر دوسرے شخص نے آ کر اطلاع دی کہ آپ کا مکان جل گیا تو آپ نے اس مرتبہ بھی فرمایا کہ نہیں جلا پھر ایک تیسرے شخص نے آ کر اطلاع دی اور یہی بتایا کہ آپ کا مکان جل گیا مگر آپ نے فرمایا کہ نہیں جلا اس کے بعد ایک اور شخص آیا اور اس نے کہا اے ابوالدرداء (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)! آگ کے شرارے بہت بلند ہوئے لیکن جب آگ آپ کے مکان تک پہنچی تو بجھ گئی۔

QureshiRohaniWorld

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا مجھے معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا (کہ میرے مکان کو آگ لگ جائے) کیونکہ میں نے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی۔ میں نے یہ کلمات صبح کے وقت پڑھ لیئے تھے لہٰذا مجھے یقین تھا کہ میرے مکان کو آگ نہیں لگ سکتی وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْم مَاشَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَالَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِی الْعَظِیْمُ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔ (کنز العمال)

گناہوں کا خاتمہ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ۔

اَلْحَمْدُ وَھُوَعَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ پڑھا تو اس کے اس عمل سے کوئی اور عمل سبقت نہیں لے جاسکتا اور نہ ہی اس کے پڑھنے کے ساتھ کوئی گناہ باقی رہ سکتا ہے (ابوداؤد شریف)

جنت میں لے جانے والا عمل

روضۃ الاحباب میں حضرت امام اسماعیل بن ابراہیم مدنی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے

QureshiRohaniWorld

مروی ہے کہ میں نے امام شافعی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کو ان کے انتقال کے بعد خواب میں دیکھا تو پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ سے کیا معاملہ فرمایا انہوں نے کہا کہ مجھے بخش دیا اور حکم دیا کہ مجھے تعظیم واحترام کے ساتھ جنت میں لے جائیں اور یہ سب برکت ایک درود کی ہے جس کو میں پڑھا کرتا تھا میں نے پوچھا وہ کون سا درود ہے؟ فرمایا کہ یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ۔ (زادالسعیہ)

دائمی نزلہ کا شافی علاج

جوکوئی دائمی نزلے کا شکار رہتا ہو تو وہ فجر اور مغرب کی فرض نماز ادا کرنے کے فوری بعد تین مرتبہ **سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ** پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور ہاتھ چہرے اور سر پر پھیرے۔ یہ عمل روزانہ بلاناغہ اُس وقت تک کرے جب تک کہ مکمل طور پر آرام نہ آجائے اِن شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا اور جلد شفا حاصل ہوگی آزمودہ اور کامیاب علاج ہے۔

روز محشر نجات

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ روز محشر ایک شخص اُٹھایا جائے گا جس نے کوئی گناہ ایسا نہ چھوڑا ہوگا جس کا ارتکاب نہ کیا ہو مگر وہ اللہ تعالیٰ کو یکتا مانتا تھا اور پورے قرآن حکیم میں سے صرف ایک ہی سورت پڑھا کرتا تھا اس کے متعلق دوزخ میں لے جانے کا حکم ہو جائے گا تو اس کے پیٹ میں سے شعلہ کی طرح کی ایک چیز اُڑ کر باہر نکل آئے گی اور کہنے لگے گی اے اللہ میں اُن چیزوں میں سے ہوں جنہیں تو نے اپنے نبی پر نازل فرمایا ہے اور تیرا یہ بندہ مجھے پڑھا کرتا تھا اسی طرح برابر اس کی سفارش کرتی رہے گی حتیٰ کہ اس کو جنت میں داخل کرا کر رہے گی اور یہ چیز نجات دلانے والی سورت تبارک الذی بیدہ الملک ہوگی۔ (دیلمی)

QureshiRohaniWorld

تکلیف سے نجات

حضرت محمد بن کعب سے روائیت ہے کہ ایک سریہ رُوم کی طرف روانہ ہوا ان میں سے ایک شخص گر گیا اور اس کی ہڈی ٹوٹ گئی پس صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اس بات پر قادر نہ ہو سکے کہ اس کو اُٹھا کر جائیں انہوں نے اس کا گھوڑا پاس باندھ دیا اور کچھ کھانے پینے کی چیزیں اور سامان بھی پاس رکھ دیا اور آگے بڑھ گئے ایک مرد غیبی آیا اور پوچھا کہ تمہیں کیا ہو گیا ہے کہا کہ میری ران کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے اور میرے ساتھیوں نے مجھے چھوڑ دیا ہے اس مرد غیبی نے کہا کہ اپنا ہاتھ وہاں رکھو جہاں تکلیف محسوس کر رہے ہو اور پڑھو۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

چنانچہ انہوں نے اپنا دایاں ہاتھ (تکلیف والی جگہ پر) رکھا اور یہ آیت پڑھی اور صحت یاب ہو گئے پھر اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر اپنے ساتھیوں میں جا پہنچے۔ (روح المعانی)

فراخی رزق کا آزمودہ عمل

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو اپنے گھر پہنچتے وقت **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ** اور **قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ** پڑھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے محتاجی دور فرما دیتا ہے۔ اور اس گھر کی خیر و برکت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کا فیض ہمسائیوں کو بھی پہنچتا ہے۔ (در منثور جلد 6 ص 413)

مراد پوری ہو جائے

ہر طرح کی جائز دلی مراد کے حصول کے لیئے یہ نقش پاک عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں پہنے اور ہر نماز کے بعد نقش میں لکھی ہوئی آیت مبارکہ تین سو مرتبہ پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی مراد پوری ہو جائے گی آزمودہ نقش ہے۔

QureshiRohaniWorld

۸۷۶

۷۹۷ امرنارشداً	۱۹۲ وھئی لنامن	۷۰۲ من لدنک رحمۃ	۷۰۵ ربنااتنا
۷۴۱	۷۰۶	۱۹۶	۱۹۴
۷۸۷	۸۴۴	۱۹۱	۲۹۵
۱۹۲	۱۹۷	۷۰۸	۸۴۳

دوسرے کے دل میں محبت پیدا کرنا

دوسرے کے دل میں اپنی ایسی محبت شدیدہ پیدا کرنا کہ مطلوب اس کی محبت میں بیقرار ہو جائے تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر کسی پھلدار درخت پر لٹکائے کہ ہوا سے ہلتا رہے نقش کے نیچے طالب ومطلوب کے نام بھی لکھے اور ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ **یاوَدُودُ** پڑھ کر دعا مانگے جائز مقصد کے لیئے یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی کامیابی حاصل ہوگی نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

طالب ومطلوب فلاں بن فلاں

دکان خوب چلے

جوکوئی نئی دکان یا کاروبار شروع کررہا ہو وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک جو کہ سورۃ مومنون کا ہے اسے لکھ کر کاروبار کی جگہ پر آویزاں کرے اور روزانہ نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد تین مرتبہ سورۃ مومنون پڑھ کر دعا مانگے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے کاروبار اور دکان میں

QureshiRohaniWorld

خوب خیر و برکت پیدا ہوگی نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۷۹۲۸	۸۷۹۳۱	۸۷۹۳۴	۸۷۹۲۱
۸۷۹۳۳	۸۷۹۲۲	۸۷۹۲۷	۸۷۹۳۲
۸۷۹۲۳	۸۷۹۳۶	۸۷۹۳۹	۸۷۹۲۶
۸۷۹۳۰	۸۷۹۲۵	۸۷۹۲۴	۸۷۹۳۵

اولاد نرینہ کے لیئے

جوکوئی یہ چاہے کہ اس کے ہاں بیٹے کی ولادت ہو تو اس کے لیے حضرت خواجہ احمد دیربی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ "مجربات" دیربی میں لکھتے ہیں کہ اُس شخص کی بیوی کو جب حمل کا تیسرا ماہ شروع ہو جائے تو وہ اپنی بیوی کو چت لٹا کر باوضو حالت میں اس کی ناف پر ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ خَلَقْتَ خَلْقاً فِیْ بَطْنِ ھٰذِہِ الْمَرْاَۃِ فَکِرَّنْہُ ذَکَرًا وَاسَمِّیْہِ اَحْمَدَاَوْ مُحَمَّدًا بِحَقِّ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاِنَّکَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوبِ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ۔

پڑھتے ہوئے ناف پر ہاتھ پھیرتا رہے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے ہاں بیٹے کی ولادت ہوگی آزمودہ اور سریع الاثر عمل ہے۔

مشکل اور رکاوٹ کا خاتمہ

اگر کسی کو اپنے کسی کام کے دوران کوئی رکاوٹ یا مشکل پیش آ رہی ہو تو وہ سورۃ مزمل کا یہ نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں پہن لے اور نماز مغرب کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی

QureshiRohaniWorld

پڑھے اِن شاء اللہ تعالیٰ رکاوٹ اور مشکل کا خاتمہ ہو جائے گا نقش پاک یہ ہے۔

۷۸۶

۸۵۹۹۰	۸۵۹۹۳	۸۵۹۹۶	۸۵۹۸۲
۸۵۹۹۵	۸۵۹۸۳	۸۵۹۸۹	۸۵۹۹۴
۸۵۹۸۴	۸۵۹۹۸	۸۵۹۹۱	۸۵۹۷۷
۸۵۹۹۱	۸۵۹۸۷	۸۵۹۸۵	۸۵۹۹۷

عزت دولت اور شہرت کا حصول

اس مقصد کے لیئے اول رزق حرام سے پرہیز کرے حلال کمائے اور حلال کھائے اور اس عمل کو شرف قمر میں شروع کرے شرف قمر ہر ماہ میں تقریباً اڑھائی دن رہتا ہے اس عمل کا آغاز دن یا رات میں ساعت قمر میں کیا جائے تو مطلوبہ نتائج حاصل ہوتے ہیں باوضو حالت میں سات مرتبہ درود تاج پڑھے پھر عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک لکھ کر اپنے سامنے رکھے۔

اجب یا جبرائیل بحق



پھر نہایت توجہ ویکسوئی سے سات سو چھیاسی مرتبہ **اَجِبْ یَا جبرائیل یاھموا کیل** یارویائیل یااسرافیل یاطاطائیل یادوردیائیل یاھموا کیل یاتنکفیل یاحولائیل یا سرکتیائیل بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اور نقش پر اور اپنے آپ پر دم کرے اس نقش کو

QureshiRohaniWorld

اپنے گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے پھر روزانہ انیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم باموکل پڑھ کر نقش پر دم کرلیا کرے اور ایک گلاس پانی پر بھی دم کر کے پی لیا کرے جو پانی باقی بچ جائے اسے اپنے ہاتھوں اور چہرے پر ملے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اسے اپنے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ملے گی بزرگان دین کا آزمودہ عمل ہے۔

بچی کے رشتے کے لیئے

جس شخص کی بچی یا کسی عزیزہ یا شناسا کی بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو کوئی رشتہ نہ آتا ہو تو اس کے لیے یہ عمل کرنا نہائیت موثر ومفید ہے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ نماز فجر اور نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد تین مرتبہ سورۂ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ جب آیت مبارکہ **رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا** پر پہنچے تو تین مرتبہ اس آیت مبارکہ کی تکرار کرے اور عرق گلاب وزعفران کے ساتھ پہلے سے لکھا ہوا یہ نقش پاک اپنے سامنے رکھ کر چارسو پچاس مرتبہ **حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ** پڑھ کر سورۂ مزمل مکمل کرے پھر اپنا سر سجدے میں رکھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہوگی اور بہت جلد پریشانی کا خاتمہ ہوگا بچی کا رشتہ اچھی جگہ پر طے ہو جائے گی اور شادی بھی ہو جائے گی نقش پاک یہ ہے۔

۱۱۲	۱۱۵	۱۱۸	۱۰۵
۱۱۷	۱۰۶	۱۱۱	۱۱۶
۱۰۷	۱۲۰	۱۱۳	۱۱۰
۱۱۴	۱۰۹	۱۰۸	۱۱۹

ڈینگی بخار سے نجات

ڈینگی بخار سے نجات وشفا کے لیئے باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے ذیل کا نقش پاک لکھ کر مریض کے بازو پر باندھے اور تین دن تک روزانہ صبح دوپہر شام تین تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرے بفضل باری تعالیٰ بخار اُتر جائے گا اور شفا حاصل ہوگی

QureshiRohaniWorld

مجرب وآزمودہ علاج ہے۔ نقش پاک یہ ہے۔



پٹھوں کی تکلیف

پٹھوں اور جوڑوں کے درد کی صورت میں چالیس یوم تک روزانہ باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے چینی کی پلیٹ پر یہ نقش پاک لکھ کر پانی سے دھو کر پی لیا کرے۔

۷۸۶

۲۸۹	۲۹۲	۱۳۷	۱۳۱
رَحِیْم	مِن ربّ	قَوْلاً	سَلٰمٌ
۱۳۶	۱۳۲	۲۸۸	۲۹۳
۱۳۳	۱۳۹	۲۹۰	۲۸۷
۲۹۱	۲۸۶	۱۳۴	۱۳۸

علاوہ ازیں ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ **سلامٌ قَوْلاً مِنْ رَبٍّ رَحِیْم** پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے پورے بدن پر ہاتھوں کو پھیرے اِن شاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا پٹھوں اور جوڑوں کی تکلیف سے نجات حاصل ہوگی آزمودہ اور نہائیت سریع الاثر عمل ہے۔

کبھی رزق میں کمی نہ ہو

رزق حلال میں فراخی وزیادتی کے لیئے ہر جمعہ کو نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر نہائیت توجہ ویکسوی سے ستر مرتبہ یہ پڑھے۔

QureshiRohaniWorld

اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ یَاحَمِیْدُ یَامُبْدِئُ یَامُعِیْدُ یَارَحِیْمُ یَاوَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحلاَلِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِیَتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنَ سِوَاكَ۔

ان شاء اللہ تعالیٰ وہ کسی کا محتاج نہ ہوگا اور اس کے ہاں کبھی رزق کی کمی و تنگی نہ ہو گی رزق حلال میں اضافے اور وسعت کے لیئے یہ آزمودہ اور نہائیت موثر عمل ہے۔

جادو کے اثرات کا خاتمہ

جس پر جادو ٹونے کا وار کر دیا گیا ہو تو باوضو حالت میں اُس پر معوذتین پڑھ کر دم کرے اور عرق گلاب و زعفران سے یہ نقش پاک لکھ کر اس کے گلے میں ڈالے۔

۷۸۶

۳۶۹۱	۳۶۸۴	۳۶۹۴	۳۶۸۹
۳۶۸۶	۳۶۹۷	۳۴۸۳	۳۶۹۳
۳۶۸۵	۳۶۹۰	۳۶۸۸	۳۶۹۵
۳۶۹۶	۳۶۸۱	۳۶۹۳	۳۶۸۷

علاوہ ازیں سحر زدہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ معوذتین پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس پر سے جادوئی اثرات ختم ہو جائیں گے آزمودہ عمل ہے۔

جان کی حفاظت کیلئے

جس کو اپنی جان کا خطرہ ہو دشمن اسے نقصان پہنچانا چاہتا ہو تو وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لے یا بازو پر باندھ لے۔

QureshiRohaniWorld

۷۸۶

۵	ی۱۵	ل۳۵	ع۷۵
۳۱	۶۹	۱	۹
۶۸	۲۸	۱۳	۲
۱۱	۳	۶۷	۲۹

اس کے علاوہ جب بھی گھر سے باہر نکلے تو اکیس مرتبہ آیت الکرسی اول و آخر درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ جانی نقصان سے محفوظ رہے گا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا اور دشمنوں کے شر سے بچا رہے گا بہت ہی موثر عمل ہے۔

نظر بد سے بچاؤ

جس کو اکثر نظر بد لگ جاتی ہو تو یہ نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دے اِن شاء اللہ تعالیٰ نظر بد کے اثرات کا خاتمہ ہوگا اور اسے نظر بد سے کسی قسم کا نقصان نہ ہوگا نہائیت مجرب و آزمودہ نقش پاک ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

QureshiRohaniWorld

جلد ملازمت مل جائے

جو بیروزگار ہو ملازمت کے حصول کے لیئے کوشاں ہو تو یہ نقش پاک مشک وزعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے۔

۷۸۶

۳۲۱	۳۲۴	۳۲۸	۳۱۴
۳۲۷	۳۱۵	۳۲۰	۳۲۵
۳۱۶	۳۳۰	۳۲۲	۳۱۹
۳۲۳	۳۱۸	۳۱۷	۳۲۹

اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ

اس کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ اسے ملازمت مل جائے گی روزی کا ذریعہ حاصل ہوگا نہائیت سریع الاثر اور آزمودہ عمل ہے بیروزگاری کے خاتمے کے لیئے مفید ہے۔

آسیب بھاگ جائے

جس پر آسیب کا اثر ہو تو عامل باوضو حالت میں تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور پھر اکیس مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر آسیب زدہ کے دائیں کان میں دم کرے اس کے بعد انیس مرتبہ پڑھ کر بائیں کان میں دم کرے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا۔

اِن شاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا گیارہ یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے آسیب دوبارہ اس طرف کا رُخ نہ کرے گا یقین کامل اور اعتقاد خالص کے ساتھ یہ عمل

QureshiRohaniWorld

کرے آزمودہ ہے۔

غائب کی واپسی کیلئے

غائب شخص کی واپسی کے لیئے باوضوحالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک لکھے۔

م ج	ق ا	س م	ط ع
ط ع	س م	ق م	م ج
ق ا	م ج	ط ع	س م
س م	ط غ	م ج	ق ا

لکھنے کے بعد نیچے غائب شخص اور اس کی والدہ کا نام لکھے جس جگہ قرآن حکیم رکھتے ہیں۔اُس جگہ پر قرآن حکیم کے نیچے رکھے اِن شاء اللہ تعالیٰ غائب کی بہت جلد واپسی ہو جائے گی۔اگر مال چوری ہوا ہو۔تو نقش کے نیچے چوری شدہ مال کی درست تفصیل لکھے بفضل باری تعالیٰ ضرور چوری شدہ مال واپس مل جائے گا۔بہت سے لوگوں کا آزمودہ عمل ہے۔

چشم خلائق میں معزز ہونا

چشم خلائق میں معزز ومحترم ہونے کی غرض سے یا کسی عہدے ومنصب کے حصول کے لیئے باوضوحالت میں مشک وزعفران خالص سے ساعت زہرہ میں یہ نقش پاک لکھے۔

۷۸۶

فسیکفیکھم	اللّٰہ وھو	السمیع	العلیم
العلیم	السمیع	اللّٰہ وھو	فسیکفیکھم
اللّٰہ وھو	فسیکفیکھم	العلیم	السمیع
السمیع	العلیم	فسیکفیکھم	اللّٰہ وھو

QureshiBokhariWorld

یہ نقش پاک اپنی پگڑی یا ٹوپی میں رکھے اور ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے **فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ** ۝ بفضل باری تعالیٰ اس کی دعا قبول ہوگی اور اس کو مطلوبہ مقصد میں ضروری کامیابی ہو جائے گی نہائیت سریع الاثر عمل ہے۔

سر درد سے نجات

شدید سر درد کی صورت میں دوسرا شخص باوضو حالت میں یہ کلمات لکھ کر تعویز کی طرح چند منٹ کے لیئے سر پر باندھ دے اور ان کلمات کو پڑھ کر دم کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى يَانُوْرُ النُّوْرِ يَاخَالِقَ النُّوْرِ يَامُنَوِّرَ النُّوْرَ يَانُوْرَ كُلِّ نُوْرٍ يَانُوْرَ لَيْسَ مِثْلَهٗ نُوْرٌ يَانُوْرًا قَبْلَ كُلِّ نُوْرٍ يَانُوْرًا بَعْدَ كُلِّ نُوْرٍ فِي النُّوْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام خَالِصاً مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ يَامُجِيْرُ يَامُجِيْرُ۔

یہی کلمات پانی پر بھی دم کر کے مریض کو پلائے تین دن تک یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گی اور آرام آ جائے گا سر درد کا شافی علاج ہے۔

کاروبار میں نقصان نہ ہو

کاروبار میں نقصان سے محفوظ رہنے کے لیئے یہ نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر کاروبار کی جگہ پر دیوار کے ساتھ فریم کروا کر کے لٹکا دے اور ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ **يَاغَنِيُّ يَامُغْنِيُ يَارَزَّاقُ يَافَتَّاحُ يَاسَلَامُ يَاحَفِيظُ** پڑھ لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ کاروبار میں خوب ترقی ہو گی اور نقصان نہ ہو گا نہائیت مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

نقش پاک یہ ہے۔



پاؤں درد کا شافی علاج

پاؤں یا پاؤں کی ایڑھی میں مستقل درد ہونے کی صورت میں سات یوم تک روزانہ بلاناغہ ہر نماز کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ **اَللّٰہُ الْبَاقِیْ ھُوَالْحَکِیْمَۃُ** پڑھ کر دم کرے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ درد رفع ہو جائے گی۔

دل کی گھبراہٹ کا خاتمہ

جس کا دل ہر وقت گھبراتا رہتا ہو اور بے چینی محسوس ہوتی ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے جبکہ یہی نقش چینی کی پلیٹ پر روزانہ لکھ کر پانی سے دھو کر پلائے سات یوم تک پلائے اِن شاء اللہ تعالیٰ دل کی گھبراہٹ اور بے چینی دور ہو جائے گی نہائیت مجرب و آزمودہ عمل ہے نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

یا شافی انت الشافی یا کافی انت الکافی

۷۰	۸۰	۸۱	۶۷
۷۵	۷۳	۷۲	۷۸
۷۱	۷۷	۷۶	۷۴
۸۲	۶۸	۶۹	۷۹

یا شافی انت الشافی — یا کافی انت الکافی

جنات گھر میں داخل نہ ہوسکیں

جس گھر میں جنات کا خلل ہو اور آنا جانا لگا رہتا ہو تو باوضو حالت میں یہ نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھے۔

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْض

۲۱۲۹	۲۱۷۲	۲۱۷۵	۲۱۶۱
۲۱۷۳	۲۱۶۲	۲۱۶۸	۲۱۷۳
۲۱۶۴	۲۱۷۷	۲۱۷۰	۲۱۶۷
۲۱۷۱	۲۱۶۶	۲۱۶۴	۲۱۷۶

اس نقش کو گھر کے دروازے پر چسپاں کردے اور گھر میں کھڑے ہو کر روزانہ نماز مغرب کے بعد بلند آواز سے تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر چاروں طرف دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ جنات وآسیب گھر میں داخل نہ ہوں گے اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے حفاظت فرمائے گا۔نہائیت موثر وآزمودہ عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

یادداشت کی تیزی

جس کی یادداشت بہت ہی کمزور ہو وہ ہر نماز کے بعد نہائیت توجہ و یکسوئی سے تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور پھر تین مرتبہ یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ نَجِّنَامِنْ ظُلُمَاتِ الْوَھْمُ وَالرِّ ضَابِنُور الفَھْمِ وَ
افْتَحْ عَلَیْنَا اَبْوابَ وَفَضْلِكَ وَنَشْرِ عَلَیْنَاخَزَائِنَ
عَلَّمَكَ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْ حَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

پڑھنے کے بعد اپنے سینے پر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ دن بدن اس کی یادداشت مضبوط ہوتی جائے گی بہت مفید اور سریع الاثر وظیفہ ہے۔

مقدمہ میں کامیابی

مقدمہ میں کامیابی اور دشمن پر فتح وغلبہ حاصل کرنے کی غرض سے یہ نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے یا گلے میں پہنے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۲۵۹۹۴	۱۲۵۹۹۸	۱۲۶۰۰۱	۱۲۵۹۸۷
۱۲۶۰۰۰	۱۲۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۳	۱۲۵۹۹۹
۱۲۵۹۸۹	۱۲۶۰۰۳	۱۲۵۹۹۶	۱۲۵۹۹۲
۱۲۵۹۹۷	۱۲۵۹۹۱	۱۲۵۹۹۰	۱۲۶۰۰۲

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ

علاوہ ازیں ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ **نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ** پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد کامیابی ہوگی اور مطلوبہ مقصد پورا ہو جائے گا آزمودہ عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

مشکل آسان ہوجائے

ایسی مشکل جس کا کوئی حل نہ نکلتا ہواس کی وجہ سے شدید پریشانی ہوتو نماز فجر کی ادائیگی کے بعداُسی جگہ پر بیٹھ کر 121 مرتبہ **لَآاِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ سُبْحَانَ اللّٰہ قَاضِیُ الْحَاجَاتِ** پڑھے اس کے بعد خلوت میں جا کرعرق گلاب وزعفران سے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھ کر اپنے گلے میں پہنے اور ہر نماز کے بعد پچاس مرتبہ **لَآاِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ سُبْحَانَ اللّٰہِ قَاضِیُ الْحَاجَاتْ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے ۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی مشکل آسان ہوجائے گی۔اوراس کی حاجت پوری ہوجائے گی نقش پاک یہ ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

۴۱۷	۴۲۱	۴۲۴	۴۱۰
۴۲۳	۴۱۱	۴۱۶	۴۲۲
۴۱۲	۴۲۶	۴۱۹	۴۱۵
۴۲۰	۴۱۴	۴۱۳	۴۲۵

یا قاضی الحاجات ۔ سبحان اللہ ۔

لَآاِلٰہ اِلاَّ اللّٰہُ

تسہیل ولادت کیلئے

جس عورت کو دوران زچگی بہت تکلیف محسوس ہوتی ہوتو اس کے لیئے یہ نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے پیپل کے پتے پر لکھ کر پانی سے دھو کہ حاملہ کو زچگی سے قبل پلائے بفضل باری تعالیٰ بچے کی ولادت کے وقت اسے آسانی ہوگی دردزہ کی تکلیف محسوس نہ ہوگی بہت مرتبہ کا آزمودہ اور کامیاب عمل ہے۔

نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld



فراخی رزق کیلئے

رزق حلال میں اضافے اور کاروبار میں ترقی وفراخی کے لیئے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر فریم کرائے اور کاروبار کی جگہ پر دیوار کے ساتھ لگا دے اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ۔ **اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس کی روزی فراہ ہو جائے گی رزق حلال میں برکت پیدا ہوگی کاروبار خوب ترقی کرے گا اور کبھی رزق کی تنگی وکمی نہ ہوگی یہ عمل رزق حلال میں اضافے اور کاروبار کی ترقی کے لیئے بہت ہی موثر اور بار مرتبہ کا آزمودہ ہے نقش پاک یہ ہے۔

اللّٰہُ لَطِیْفٌ	بِعِبَادِہٖ	یَرْزُقُ	مَنْ یَّشَآءُ
مَنْ یَّشَآءُ	یَرْزُقُ	بِعِبَادِہٖ	اللّٰہُ لَطِیْفٌ
بِعِبَادِہٖ	اَللّٰہُ لَطِیْفُ	مَنْ یَّشَاءُ	یَرْزُقُ
یَرْزُقُ	مَنْ یَشَاءُ	اَللّٰہُ لَطِیْفٌ	بِعِبَادِہٖ

QureshiRohaniWorld

اولاد تابعداری کرے

جس کی اولاد نافرمان ہو سرکشی کرتی ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر پانی یا دُودھ میں گھول کر بغیر اولاد کو بتائے اکتالیس یوم تک روزانہ لکھ کر پلائے اِن شاء اللہ تعالیٰ اولاد تابعداری کرے گی آزمودہ اور نہائیت موثر عمل ہے نقش پاک یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸	۱۱	۲۶۳۸۴	۱
۲۶۳۸۳	۲	۷	۱۲
۳	۲۶۳۸۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۲۶۳۸۵

آسیب تنگ نہ کرے

جس کو آسیب یا جنات بہت زیادہ تنگ کرتے ہوں اُس کو عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر یہ نقش پاک گلے میں پہننے کے لیئے دے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



QureshiRohaniWorld

علاوہ ازیں جس کو آسیب تنگ کرتا ہو وہ اس نقش کو پہننے کے بعد ہر نماز کی ادائیگی سے فارغ ہو کر تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے آسیب دفع ہوگا۔اور کبھی دوبارہ قریب نہیں آئے گا بہت ہی سریع الاثر عمل ہے۔

ڈینگی بخار میں شفا

ڈینگی بخار سے نجات وشفا کے لیئے باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ 111 مرتبہ **یَاسَلَامُ** اول وآخر سات سات مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی مریض کو دن میں کئی بار پلائے اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ بیماری میں افاقہ ہوگا اور چند دنوں میں مکمل طور پر آرام آجائے گا۔مجرب عمل ہے۔

ناف کا ٹلنا

ناف ٹل جانے کی صورت میں باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کی کمر میں اس طرح باندھے کہ تعویز ناف کے اوپر آجائے اس کی برکت سے بفضل باری تعالیٰ ناف اپنی جگہ پر آجائے گی اور آرام محسوس ہوگا مجرب وآزمودہ نقش پاک ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِذَاجَآءَ	نَصْرُاللّٰهِ	وَالْفَتْحُ	وَرَاَیْتَ
النَّاسَ	یَدْخُلُوْنَ	فِیْ	دِیْنِ
اللّٰهِ	اَفْوَاجاً	فَسَبِّحْ	بِحَمْدِ
رَبِّكَ	وَاسْتَغْفِرْهُ	اِنَّهٗ	كَانَ
تَوَّاباً	یَاغَفُوْرُ	یَاشَافِیْ	یَاكَافِیْ

QureshiRohaniWorld

سینے کی سوزش کا شافی علاج

سینے کی سوزش کے شافی علاج کے ضمن میں حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ گولڑہ شریف والے فرماتے ہیں کہ مریض ہر نماز کے بعد تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد سینے کی سوزش ختم ہو جائے گی اور آرام آ جائے گا۔

بیوی سلوک سے رہے

جس کی بیوی اپنے خاوند کی نافرمانی کرتی ہو گھر میں ہر وقت جھگڑتی رہتی ہو محبت اور سلوک سے نہ رہتی ہو تو ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ باوضو حالت میں نہائیت توجہ یکسوئی سے تین مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرے اور بیوی کو کھلا دے تین جمعرات تک یعنی ہر جمعرات کو یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بیوی مطیع و فرمانبردار ہو جائے گی آزمودہ عمل ہے آیت مبارکہ یہ ہے۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِىْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ و
يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔

آنکھوں سے پانی بہنا

آنکھوں سے پانی بہنے کی صورت میں نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر گیارہ سو مرتبہ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اس کے بعد عرق گلاب و زعفران سے یہ نقش پاک لکھے۔

QureshiRohaniWorld

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۷۱	۸۱	۸۲	۶۸
۷۶	۷۴	۷۳	۷۹
۷۲	۷۸	۷۷	۷۵
۸۳	۶۹	۷۰	۸۰

اِنَّ اللّٰہَ بِمَاتَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ

اس نقش کو اپنے بازو پر باندھے اس کے بعد ایک نقش چینی کی پلیٹ پر لکھے اور تازہ پانی سے دھو کر آنکھوں پر چھینٹے مارے اور آنکھیں دھوئے سات یوم تک روزانہ اسی طرح لکھ کر آنکھیں دھوئے اور ہر نماز کے بعد سات مرتبہ **اِنَّ اللّٰہَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ** پڑھ کر ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کرے اور آنکھوں پر پھیرے اِن شاء اللہ تعالیٰ آنکھوں سے بلاوجہ پانی بہنے کی شکائیت رفع ہو جائے گی اور دیگر امراض چشم میں بھی فائدہ ہوگا بہت سے افراد کا آزمودہ اور کامیاب عمل ہے۔

بیرون ملک سفر کیلئے

جو کوئی بیرون ملک جانے کا خواہش مند ہو اور اس کے لیئے کوشاں بھی ہو مگر کام نہ ہوتا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد نہائیت توجہ و یکسوئی سے **121** مرتبہ یہ پڑھے۔

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ○

اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے اسے بہت جلد اپنے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی اور بیرون ملک جانے کے لیئے اس کا کام حسب منشا ہو جائے نہائیت سریع الاثر عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

زنا کی عادت چھڑانا

اگر کسی عورت کا خاوند زنا سے باز نہ آتا ہو اپنی بیوی کی طرف توجہ نہ دیتا ہو اور غلط کاری کی طرف رغبت رکھتا ہو تو اس کی زنا کاری کی عادت چھڑانے کی غرض سے باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے یہ تعویز لکھ کر عورت اپنے پاس رکھے۔

عقدت سمعه وبصره وذكره وقلبه وعقله لايقوم الافى الحلال بحق هذاالاسماء الجليل السميع والبصيروالللطيف والحفيظ والرقيب والشهيد والقوى والولى والمحصى والحى والقيوم والهادى والقدير ١١١١٦ ١٥٥٤ ١٧١٧١٧ ح ٧ ع ٢٦٨

احفظوا ياخدام هذه الاسماء بعقد ذكر (.....

.....یہاں پر خاوند کا اور اس کی ماں کا نام لکھے)

عن الحرام والزناء

اس کی برکت سے بفضل باری تعالیٰ خاوند راہ راست پر آجائے گا وہ زنا کاری سے نفرت کرنے لگے گا اور اس کی یہ بُری عادت چھوٹ جائے گی ناجائز محبت کے لیئے تنگ کرنے والوں سے چھٹکارے کے لیئے بھی یہ تعویز پاس رکھنا بہت مفید اور مؤثر ہے۔

بدہضمی نہ ہو

جس کا ہاضمہ درست نہ ہوا کثر بدہضمی رہتی ہو تو وہ کھانے سے قبل یہ پڑھ کر اپنے پیٹ پر اور کھانے پر دم کرلیا کرے اس کی برکت سے اِن شاءاللہ تعالیٰ بدہضمی کی کیفیت ختم ہوجائے گی کھانا ٹھیک طرح سے ہضم ہوگا آزمودہ ہے۔

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○

QureshiRohaniWorld

اِنَّا كَذَالِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِيْنَ○

دشمن نقصان نہ پہنچا سکے

جس کو دشمن نقصان پہنچانے کے درپے ہو۔وہ ہر نماز کے بعد پچاس مرتبہ یہ پڑھا کرے۔

وَاحْفَظْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْحٰفِظِيْنَ○

پڑھنے کے بعد بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ کوئی اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا اس مقصد کے لیئے نہائیت موثر وظیفہ ہے۔

عقل وفہم میں اضافہ

جو یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اسے عقل ودانش عطا فرمائے اس کی عقل وفہم میں اضافہ فرمادے تو وہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ ذیل میں دیے ہوئے دعائیہ کلمات پڑھا کرے اس عمل کی برکت سے بفضل باری تعالیٰ اس کی عقل وفہم میں خوب اضافہ ہوگا۔اللہ تعالیٰ اسے سمجھ وشعور عطا فرمائے گا۔اور اس کی عقل پہلے سے بڑھ جائے گی۔آزمودہ اور کامیاب عمل ہے۔

يَآاللّٰهُ يَانُوْرُ يَآاللّٰهُ يَانُوْرُ يَاحَقُّ يَامُبِيْنُ اكْسِنِیْ مِنْ نُوْرِكَ وَعَلِّمْنِیْ مِنْ عِلْمِكَ وَ فَهِّمْنِیْ مِنْ عِنْدِكَ○

میاں بیوی میں ناچاقی

میاں بیوی میں ناچاقی کے خاتمے کے لیئے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر عورت یا خاوند میں سے دونوں میں ایک کو دے کہ وہ اسے اپنے بازو پر باندھے یا گلے میں پہنے۔

QureshiRohaniWorld

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۳۷۳	۳۷۶	۳۷۹	۳۶۵
۳۷۸	۳۶۶	۳۷۲	۳۷۷
۳۶۷	۳۸۱	۳۸۴	۳۷۱
۳۷۵	۳۷۰	۳۶۸	۳۸۰

یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ○

الحب فلاں بن فلاں علٰی حُب فلاں بن فلاں

علاوہ ازیں ہر نماز کے بعد پچاس مرتبہ **یَاوَدُوْد** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے ان شاء اللہ تعالیٰ دوسرے کے دل اس کی محبت شدید پیدا ہو جائے گی اور ناچاقی کا جلد خاتمہ ہو جائے گا۔ میاں بیوی کے مابین محبت پیدا کرنے کے لیئے یہ لاجواب وسریع الاثر عمل ہے۔

دشمن پر غلبہ کے لیئے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کا دشمن مغلوب رہے تو وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک زرد رنگ کے کپڑے کے ٹکڑے پر کنگرف کے سُرخ رنگ سے باوضو حالت میں لکھے۔

اَلْقَادِرُ	اَلْمُقْتَدِرُ	اَلْقَوِیُّ	اَلْقَائِمُ
اَلْقَائِمُ	اَلْقَوِیُّ	اَلْمُقْتَدِرُ	اَلْقَادِرُ
اَلْمُقْتَدِرُ	اَلْقَادِرُ	اَلْقَائِمُ	اَلْقَوِیُّ
اَلْقَوِیُّ	اَلْقَائِمُ	اَلْقَادِرُ	اَلْمُقْتَدِرُ

اس نقش کو اپنے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا دشمن پر غلبہ ہوگا دشمن پر اس کا رعب و دبدبہ طاری رہے گا آزمودہ نقش ہے۔

QureshiRohaniWorld

کاروبار خوب چلے

جس کا اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار ٹھپ ہوگیا ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر کاروبار کی جگہ پر فریم کروا کے لگا دے اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ کاروبار میں تیزی آجائے گی اور مندے کا رجحان ختم ہو جائے گا بہت مرتبہ کا آزمودہ عمل ہے نقش کے نیچے لکھے ہوئے کلمات بھی ضرور لکھے اِن شاء اللہ تعالیٰ مقصد میں جلد کامیابی ہوگی نقش یہ ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

ذالك فضل اللّٰه يؤتيه من يشاء واللّٰه

۳۰۸۰	۳۰۸۴	۳۰۸۷	۳۰۷۳
۳۰۸۶	۳۰۷۴	۳۰۷۹	۳۰۸۵
۳۰۷۵	۳۰۸۹	۳۰۸۲	۳۰۷۸
۳۰۸۳	۳۰۷۷	۳۰۷۶	۳۰۸۸

يَاوَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَاوَالآخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَحْضُرُوْنَ اللّٰهُ شَافِيْ اَللّٰهُ كَافِيْ بِرَحْمَتِكَ يَاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

ملازمت میں ترقی

جس کی دوران ملازمت ترقی نہ ہوتی ہو جبکہ اس کا حق بنتا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد

QureshiRohaniWorld

نہائیت توجہ ویکسوئی سے اکتالیس مرتبہ یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ الْمُحْسِنُ الْمُنْعِمُ الْمُفْضِلُ الْقَادِرُ الْقَاھِرُ الْمُقْتَدِرُ الْقَائِمُ الْقُدُّوْسُ الْمُقَدَّسُ فِیْ نُوْرِ الْقُدْسِ تَرَدَّیْتَ بِالْعِزِّ وَالْعُلَآءِ۔

پڑھنے کے بعد اپنے مقصد کے لیئے بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے چالیس یوم تک روزانہ ہر نماز کے بعد یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اسے ترقی حاصل ہو جائے گی اور اسے اپنے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی آزمودہ عمل ہے۔

ادائیگی قرض کیلئے

جو قرض ادا کرنے کی سکت نہ رکھتا ہو قرض خواہ اسے تنگ کرتے ہوں تو وہ ہر نماز بعد نہائیت توجہ ویکسوئی سے سات مرتبہ یہ پڑھا کرے۔

اَللّٰھُمَّ خَالِقَ الْاَصْبَاحِ وَجَاعِلَ اللَّیْلِ سَکَناً وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَاناً اَقْضِ عَنِّیِ الدَّیْنَ وَاَغْنِنِیْ مِنَ الْفَقْرِ وَمَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَقُوَّتِیْ فِیْ سَبِیْلِكَ○

اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد پردہ غیب سے قرض کی ادائیگی کے اسباب مہیا ہو جائیں گے اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے قرض ادا ہو جائے گا بارہا مرتبہ کا زمودہ عمل ہے۔

داڑھ درد سے فوری نجات

داڑھ درد ہونے کی صورت میں جس طرف درد ہو اُس طرف کے رخسار پر اپنا ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنْہُ سُوْٓءَ مَایَجِدُوَ مَخْشَہٗ بِدَعْوَۃِ نَبِیِّكَ الْمَکِیْنِ الْمُبَارَكَ○

QureshiRohaniWorld

بفضل باری تعالیٰ نوری طور پر درد میں افاقہ ہوگا ہر نماز کے بعد اسی طرح عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ مکمل طور پر آرام آجائے گا بزرگان دین کا آزمودہ عمل ہے۔

جنات کو گھر سے نکالنا

جس گھر میں جنات کا بسیرا ہو اُن کو نکالنے کی غرض سے سات یوم تک روزانہ باوضو حالت میں دس مرتبہ یہ پڑھے۔

سَنَرَایُوْلَزَرْعِيْ زُوْشَامُنُوْعَاعَالِماً طَيُوْشُوْمَاسَلِيْخاً
مَلِيْخاً مَلُخُوْماً وَيَاقَيُّوْماً بِحَقْ كهيٰعٓصٓ بِحَقِ
حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ○

پڑھنے کے بعد گھر میں ہر طرف دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ گھر سے جنات کا بسیرا ختم ہو جائے گا نہائیت سریع الاثر عمل ہے۔

گلے کا ورم

جس کے گلے میں ورم ہو جائے بولتے اور کھاتے وقت تکلیف محسوس ہوتی ہو تو پیر یا جمعہ کے دن نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے ایک سفید کپڑے کے ٹکڑے پر یہ لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○لِيَ اللّٰهُ لِيَ اللّٰهُ هُوَ يَرْفَعُ فِي اللَّوْحِ

اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا گلے کی سوجن اور ورم دور ہو جائے گا۔

بینائی میں اضافہ

جس کی بینائی دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہو وہ ہر نماز کے بعد یہ دعائیہ کلمات پڑھا کرے۔

يَاقَرِيْبُ يَامُجِيْبُ يَاسَمِيْعَ الدُّعَآءِ يَالَطِيْفاً لِّمَا يَشَآءُ

QureshiRohaniWorld

اُرْدُدْ عَلَیَّ بَصَرِیْ○

ان دعائیہ کلمات کے بارے میں جناب لیث بن سعد بیان فرماتے ہیں کہ میں نے عقبہ بن نافع کو دیکھا کہ وہ نابینا تھے پھر ایک روز میں نے ان کو دیکھا تو ان کی بینائی واپس آ چکی تھی۔ میں نے ان سے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری بینائی کس طرح ٹھیک فرما دی تو انہوں نے کہا کہ میں نے خواب میں کسی شخص کو دیکھا اور اس نے مجھے کہا کہ تم یہ دُعا کیا کرو چنانچہ میں نے اس دعا کو پڑھا تو اللہ تعالیٰ نے میری آنکھوں کی بینائی واپس فرما دی۔

اولاد زندہ رہے

جس عورت کا بچہ پیدا ہونے کے بعد زندہ نہ رہتا ہو تو وہ حمل قرار پا جانے کے بعد باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے ایک سفید کاغذ پر ایک سو ساٹھ مرتبہ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم** لکھے اور تعویز کی طرح اپنے گلے میں پہن لے بفضل باری تعالیٰ اس کی اولاد سلامت رہے گی علامہ دیربی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کا تجربہ کیا گیا اور درست پایا گیا۔

ٹانگوں میں درد

ٹانگوں میں درد ہونے کی صورت میں ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یہ دعائیہ کلمات پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھ ٹانگوں پر پھیرے۔

یَااَجْوَدُ مَنْ اَعْطٰی یَاخَیْرَ مَنْ سُئِلَ یَااَرْحَمَ مَنِ اسْتُرْحِمَ اِرْحَمْ ضُعْفِیْ وَقِلَّةَ حِیْلَتِیْ وَاعْفِنِیْ مِنْ مَّرَضِیْ○

اِن شاء اللہ تعالیٰ درد میں آرام آ جائے گا اور سکون محسوس ہوگا اس ضمن میں مروی ہے کہ کسی نے حضرت امام جعفر صادق رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سے اپنے زانو میں درد کی شکائیت کی تو آپ نے فرمایا کہ نماز کے بعد یہ دُعا کر لیا کرو۔

QureshiRohaniWorld

دردشقیقہ سے نجات

دردشقیقہ سے نجات کے لیئے باوضوحالت میں عرق گلاب وزعفران سے سفید کپڑے کی ایک پٹی پر پانچ مرتبہ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیْم** تین مرتبہ **یَافَتَّاحُ** تین مرتبہ **یَاوَھَّابُ** تین مرتبہ **یَاکَرِیْمُ** اور تین مرتبہ **یَارَحِیْمُ** لکھ کر سر پر باندھ لے اِن شاء اللہ تعالیٰ فوی طور پر افاقہ ہوگا اور بہت جلد مکمل طور پر آرام آجائے گا مجرب وآزمودہ عمل ہے۔

فکروغم سے خلاصی

جس کا دل فکروغم کے باعث بیٹھا جاتا ہو کسی بھی کام میں دل نہ لگتا ہو تو وہ سات یوم تک روزانہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ یہ کلمات پڑھ لیا کرے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَوْفَ الْعَالِمِیْنَ بِکَ وَعِلْمَ الْخَائِفِیْنَ مِنْکَ وَیَقِیْنَ الْمُتَوَکِّلِیْنَ عَلَیْکَ۔

اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ دل سے فکروغم کا بوجھ ہٹ جائے گا اور فرحت حاصل ہوگی۔

تذبذب کا خاتمہ

اگر کوئی کسی معاملے میں تذبذب کا شکار ہو کسی بارے میں کوئی فیصلہ نہ کر پا رہا ہو اسے اپنے کام وفعل کا انجام معلوم نہ ہوتا ہو اندیشے میں مبتلا ہو تو اس ضمن میں امام یافعی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ وہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ ہو کر سیدھے پہلو لیٹ جائے اور سات مرتبہ سورۃ الیل، سات مرتبہ سورۃ الضحیٰ اور سات مرتبہ سورۃ الم نشراح پڑھ کر سات مرتبہ یہ دعا کرے **اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِّیْ اَمْرِیْ فَرَجاً وَّ مَخْرَجاً** بفضل باری تعالیٰ پہلی شب یا دوسری یا تیسری رات کو خواب میں پردہ غیب سے اس کو خبر مل جائے گی اور اس کا تذبذب ختم ہو جائے گا۔

QureshiRohaniWorld

خاوند کی محبت حاصل کرنا

جس عورت کا خاوند اسے ناپسند کرتا ہو اس کے ساتھ محبت سے پیش نہ آتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں 786 مرتبہ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ** پڑھ کر پانی کے ایک گلاس پر دم کرے اور خاوند کو پلا دے چند یوم تک اسی طرح کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ خاوند کے دل میں اس کی محبت شدیدہ پیدا ہو جائے گی بہت مرتبہ کا آزمودہ عمل ہے اس کے بارے میں علامہ دیربی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں کہ مطلوب کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے کے لیئے بہت ہی خوب عمل ہے۔

ہر مرض سے شفا

امام شافعی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ خاندان بنی اُمیہ کے کسی شخص کو چاندی کا ایک صندوق ملا جو مقفل تھا اور اس کے اوپر تحریر تھا "**شِفَآءٌ مِّنْ کُلِّ دَآءٍ**" یعنی ہر مرض سے شفا جب اس کو کھولا گیا تو اس کے اندر سے یہ کلمات لکھے ہوئے ملے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اُسْکُنْ اَیُّھَاالْوَجْعُ سَکَنْتُکَ بِالَّذِیْ یُمْسِکُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِہٖ اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَؤُفٌ رَحِیْمٌo

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِoوَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِاُسْکُنْ اَیُّھَاالْوَجْعُ سَکَنْتُکَ بِالَّذِیْ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَاoوَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًاo

اس میں امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان کلمات کو حاصل کر کے میں پھر کسی طبیب کا محتاج نہیں ہوا اللہ تعالیٰ کے حکم اور فضل سے کیونکہ وہی شافی مطلق ہے۔

QureshiRohaniWorld

بواسیر سے نجات

بواسیر کے عارضہ سے نجات کے لیئے پیر یا جمعہ کے روز باوضو حالت میں ایک سفید کپڑے پر عرق گلاب وزعفران سے یہ لکھے **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ یَارَحِیْمِ کُلِّ صَرِیخٍ وَّ مَکْرُوْبٍ یَارَحِیْمُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ** لکھنے کے بعد کمر میں باندھ لے اِن شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں شفا حاصل ہوگی۔

دشمن کو مرعوب کرنا

جو دشمن کا سامنا کرنے سے گھبراتا ہو اور خوف محسوس کرتا ہو تو اسے چاہیے کہ جب بھی دشمن کے سامنے جائے تین مرتبہ یہ پڑھ لیا کرے **یَاسُبُّوْحُ یَاقُدُّوْسُ یَاغَفُوْرُ یَاوَدُوْدُ** اس عمل کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن مرعوب ومقہور ہو جائے گا۔ آزمودہ عمل ہے۔

مال واولاد کا نقصان نہ ہو

جو کوئی روزانہ نہائیت توجہ ویکسوئی سے پچیس مرتبہ یہ پڑھ لیا کرے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَااِلٰہَ اِلَّاھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الَّذِیْ لَایَمُوْتُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔

ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے مال اور اولاد محفوظ رہیں گے کوئی نقصان نہ ہوگا اللہ رب العزت اپنی حفظ وامان میں رکھے گا مجرب وموثر عمل ہے۔

پیٹ درد کا فوری علاج

جس کے پیٹ میں درد ہو اور آرام نہ آتا ہو وہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یہ پڑھے،

وَکَانَ فِی الْمَدِیْنَۃِ تِسْعَۃُ رَھْطٍ یُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ وَلَا

QureshiRohaniWorld

یُصْلِحُوْنَ پڑھنے کے بعد پیٹ پر اور ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھوں کو پیٹ پر پھیرے اِن شاء اللہ تعالیٰ پیٹ درد سے آرام آجائے گا۔

مصیبت سے نجات

ہر طرح کی مصیبت اور مشکل سے نجات کے لیئے روزانہ باوضو حالت میں ایک ہزار مرتبہ یہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْقَدِيمِ الَّذِىْ لَمْ يَزِلْ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الَّذِىْ لَمْ يَجْهَلْ سُبْحَانَ الْجَوادِ الَّذِىْ لَمْ يَبْخَلْ سُبْحَانَ الْحَكِيْمِ الَّذِىْ لَمْ يَعْجَلْ بِرَحْمَتِكَ يَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

ان شاء اللہ تعالیٰ چند روز میں ہی مصیبت سے نجات حاصل ہوگی اور پریشانی ختم ہوجائے گی۔

حاکم مہربان ہوجائے

حاکم یا افسر کو مہربان و مسخر کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک چاندی کی لوح پر کندہ کرے۔

۱۸۵	۱۹۲	۱۹۸	۲۰۴	۱۷۹
۱۹۹	۲۰۰	۱۸۰	۱۸۶	۱۹۳
۱۸۱	۱۸۷	۱۹۴	۱۹۵	۲۰۱
۱۸۹	۱۹۶	۲۰۰	۱۰۲	۱۸۸
۲۰۳	۱۸۳	۱۸۴	۱۹۱	۱۹۷

اس کی پشت پر یاخوطائیل یامرکبائیل لکھے اس لوح مبارکہ کو اپنے پاس رکھے اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ حاکم اور افسر اس کے مطیع ہوں گے اور اس کے ساتھ مہربانی

QureshiRohaniWorld

سے پیش آئیں گے مجرب وآزمودہ ہے۔

بچھو کے ڈنگ سے محفوظ رہے

بچھواور سانپ کے ڈنگ سے محفوظ رہنے کے لیئے ذیل میں دیاہوانقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے یا گلے میں پہنے اس کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ جان کی سلامتی رہے گی بچھواور سانپ کا زہر نقصان نہ دے گا آزمودہ عمل ہے۔ نقش پاک یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲۳	۶۴	۱۱۰	۱۳۱
فِی الْعٰلَمِیْنَ	نُوْحٍ	عَلٰی	سَلٰمٌ
۱۰۹	۱۳۲	۲۲۱	۶۵
۱۳۳	۱۰۲	۶۲	۳۲۰
۶۳	۳۱۹	۱۳۴	۱۱۱

سرکش جانور کو مطیع کرنا

جو جانور سرکشی کرتا ہو سواری یا بار برداری کے وقت تنگ کرتا ہو تو سات یوم تک روزانہ اس کے کان میں یہ آیت مبارکہ پڑھے۔

اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ o وَلَہٗ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعاً وَّکَرْھاً وَّاِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ o

بفضل باری تعالیٰ وہ جانور سرکشی نہ کرے گا اور مطیع ہو جائے گا آزمودہ عمل ہے۔

جن کو بھگانا

جس جگہ پر جن کا عمل ہو اور وہ جن تنگ کرتا ہو تو اس کو بھگانے کی غرض سے نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش چہل کاف لکھے۔

QureshiRohaniWorld

۷۸۶

۱۶۵۸	۱۶۶۱	۱۶۶۴	۱۶۵۱
۱۶۶۳	۱۶۵۲	۱۶۵۷	۱۶۶۲
۱۶۵۳	۱۶۶۲	۱۶۵۹	۱۶۵۶
۱۶۶۰	۱۶۵۵	۱۶۵۴	۱۶۶۵

اس نقش پاک اس جگہ پر آویزاں کرے جبکہ ایک مزید نقش لکھ کر اپنے گلے میں پہن لے اِن شاء اللہ تعالیٰ جن وہاں سے بھاگ جائے گا اور تنگ نہ کرے گا۔

ناحق قید سے رہائی

جس کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو اور رہائی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ رات کو نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے پھر ذیل میں دیا ہوا نقش پاک اپنے سامنے رکھ کر ایک ہزار اسی مرتبہ یہ پڑھے۔

یَاغَیَاثُ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ الْمَطْلُوبِین اُنْصُرنی۔ نقش پاک یہ ہے۔

۱۴۰۱۱	۱۲۷۵	۱۲۱۱۰۱	۱۵۲۲
انصرنی	المطلوبین	اَلْمُسْتَغِیْثِیْنَ	یَاغَیَاثُ
۲۱۰۲	۱۵۲۱	۴۰۲	۲۲۷۴
۱۵۲۰	۲۰۹۹	۲۲۷۷	۴۰۳
۲۲۷۶	۴۰۴	۱۵۱۹	۲۱۰۰

اول و آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اکیس یوم تک روزانہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد قیدی کی رہائی عمل میں آجائے گی نہائیت مجرب و آزمودہ عمل ہے اور بہت سے لوگوں کا آزمایا ہوا ہے۔

ہر مخلوق کی نظر بد سے بچاؤ

جو کوئی یہ نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں

QureshiRohaniWorld

پہن لے وہ بفضل باری تعالیٰ ہر مخلوق کی بُری نظر سے بچا رہے گا۔ کوئی انسان، جن، ڈائن، وغیرہ اسے بُری نظر سے نہیں دیکھ سکے گا۔ اس مقصد کے لیئے یہ بہت ہی موثر نقش پاک ہے۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمُ

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْر

کبھی تنگدستی نہ ہو

مال و دولت کی فراوانی رزق حلال میں اضافے اور تنگدستی کے خاتمے کے لیئے نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں چاندی کی تختی پر یہ نقش پاک کندہ کرے یا کسی دوسرے سے کروائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۵۱	۱۹۷۳	۲۳۱۴	۲۲۸
مَنْ يَشَآءُ	يَرْزُقُ	بِعِبَادِهٖ	اَللّٰهُ لَطِيْفٌ
۲۳۱۳	۲۲۹	۲۵۰	۱۹۷۳
۲۳۰	۲۳۱۶	۱۹۷	۲۳۹
۱۹۷۱	۲۳۸	۱۳۱	۲۲۱۵

وَاللّٰهُ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ

QureshiRohaniWorld

دشمن کی زبان بندی

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے اور اس کی زبان بندی کرنے کی غرض سے ایک سفید کاغذ پر باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھے۔

۷۸۶

٦٧٤٥١٥	٦٧٤٧١٧	٦٧٤٥٩٨	٦٧٤٨٨٦
٦٧٤٨٩٩	٦٧٤٨٨٧	٦٧٤٨٩٣	٦٧٤٨٩٦
٦٧٤٨٨٨	٦٧٤٧٩٣	٦٧٤٨٩٥	٦٧٤٨٩٢
٦٧٤٨٩٦	٦٧٤٨٩١	٦٧٤٨٨٩	٦٧٤٤٩٦

نقش پاک لکھنے کے بعد شیشے کی صاف بوتل میں ڈال کر اس کا منہ خوب اچھی طرح بند کر دے پھر سات مرتبہ سورۂ روم پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دشمن کی زبان بندی کے لیئے دعا مانگے اس عمل کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی اور وہ شر انگیزی نہ کر سکے گا آزمودہ عمل ہے۔

سر درد سے شفا

جس کے سر میں شدید درد ہو تو دوسرا شخص باوضو حالت میں اپنا ہاتھ اس کے سر پر رکھ کر یہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِاسْمِ الَّذِىْ اسْمُهٗ بَرَكَةٌ وَّ شِفَاءٌ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ بِيَدِهِ الشِّفَآءُ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَايَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَىْءٌ ○

پڑھنے کے بعد سر پر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ فوری طور پر افاقہ ہوگا تین مرتبہ یا سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے بفضل باری تعالیٰ سر درد میں آرام آجائے گا نہائیت سریع الاثر عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

پورا سال امن سے رہے

جوکوئی محرم الحرام کے پہلے عشرہ میں روزانہ باوضو حالت میں تین سو ساٹھ مرتبہ سورۂ فاتحہ معہ **بِسْمِ اللّٰہ الرحمن الرحیم** پڑھے اور پھر یہ دعا مانگے۔

اَللّٰھُمَّ یَامُحَوِّلَ الْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالِیْ اِلٰی اَحْسَنِ الْاَحْوَالِ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ یَاعَزِیْزُ یَامُتَعَالُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ○

اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ سارا سال امن سے رہے گا ہر مصیبت و بلا سے بچا رہے گا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

کنٹھ مالا سے شفا

کنٹھ مالا یعنی خنازیر کی بیماری میں مبتلا مریض کے لیئے اس کے قد کے برابر ایک باریک ڈوری یا تسمہ لے کر باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ یہ دعائیہ کلمات پڑھے اور ہر ایک مرتبہ پڑھنے کے بعد ڈوری میں ایک گرہ دے کر اس پر دم کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَۃِ اللّٰہِ وَبُرْھَانِ اللّٰہِ وَسُلْطَانِ اللّٰہِ وَکَنَفِ اللّٰہِ وَجَوَارِ اللّٰہِ وَاَمَانِ اللّٰہِ وَ صُنْعِ اللّٰہِ وَکِبْرِیَآءِ اللّٰہِ وَنَظَرِ اللّٰہِ وَبَھَآءِ اللّٰہِ وَجَلَالِ اللّٰہِ وَکَمَالِ اللّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ مِنْ شَرِّ مَآ اَجِدُ○

اس دم کی ہوئی ڈوری کو مریض کے گلے میں ڈال دے اِن شاء اللہ تعالیٰ دن بدن افاقہ ہوگا اور بہت جلد شفائے کاملہ حاصل ہو جائے گا موثر و آزمودہ عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

جادوئی اثرات کا خاتمہ

جوکوئی جادو کے اثرات کی وجہ سے بیماری میں مبتلا ہوگیا ہو اور آرام نہ آتا ہو تو اس کے لیئے باوضو حالت میں چینی کی سفید پلیٹ پر عرق گلاب وزعفران سے یہ لکھے۔

یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَآئِهٖ یَاحَیُّ○

اس کو پانی سے دھوکر پلائے چالیس یوم تک روزانہ اسی طرح کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ جادو کے اثرات کا خاتمہ ہوجائے گا۔اور اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ عطا فرمائے گا مجرب عمل ہے۔

نکسیر کا شافی علاج

نکسیر بہنے کی صورت میں ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ مریض کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

کُفْ اَیُّهَاالرُّعَافُ بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ الْعَزِیزِ الْجَبَّارِ وَهُوَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَامِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْماً غَفُوْراًoیَآاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَ یَا سَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُo

اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہتا ہوا خون بند ہوجائے گا اور نکسیر میں آرام آجائے گا۔آزمودہ عمل ہے۔

چنبل اور داد کا شافی علاج

چنبل اور داد کے عارضہ میں مبتلا ہونے کی صورت میں باوضو حالت میں نماز فجر، نماز ظہر اور نماز مغرب کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ یہ پڑھے۔

QureshiRohaniWorld

رَبُّ الْمُشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ○

پڑھنے کے بعد دم کرے روزانہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ چند دونوں میں ہی افاقہ ہوگا اور مرض سے چھٹکارا مل جائے گا۔ موثر عمل ہے۔

منہ سے رال بہنا

جس کی سوتے ہوئے منہ سے رال بہتی ہو اور بہت زیادہ دانت پیستا ہو تو ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھے۔

يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَاءَ كُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَ كُمْ وَفِى ذَالِكُمْ بَلَاءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ○

اس کو تعویز کی طرح مریض کے گلے میں پہنائے اور گیارہ یوم تک روزانہ بلا ناغہ چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر نماز فجر، نماز مغرب اور نماز عشاء کے بعد پانی سے دھو کر پلائے اِن شاء اللہ تعالیٰ منہ سے رال بہنا بند ہو جائے گی موثر ترین عمل ہے۔

خون کی خرابی

خون کی خرابی کے باعث مختلف عوارض بہت آسانی سے جسم پر حملہ آور ہو جاتے ہیں خاص طور پر جلد کی خرابی اور پھوڑے پھنسیوں کی زیادتی، چہرے پر کیل مہاسوں کا آنا عام سی بات ہے ان سے بچاؤ کے لیئے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶

QureshiRohaniWorld

یہ نقش فجر کی نماز کے بعد چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں اسی طرح نماز ظہر کے بعد اور نماز مغرب کے بعد پلائیں چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کریں اِن شاء اللہ تعالیٰ صحت یابی ہوگی مجرب وآزمودہ علاج ہے۔

ہچکیوں کا علاج

جس کو یا رباہچکی لگ جاتی ہو اور آرام نہ آتا ہو تو باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے چینی کی پلیٹ پر یہ لکھے۔ **وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝**

لکھنے کے بعد پانی سے دھو کر پلائے دن میں تین مرتبہ صبح دوپہر اور شام کو یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ فوری طور پر ہچکیاں بند ہو جائیں گی اور سکون محسوس ہوگا اس مقصد کے لیئے یہ نہائیت موثر ترین عمل ہے۔

کاروباری رکاوٹ کا خاتمہ

جس کے کاروبار میں جادو کے زور پر رکاوٹ یا بندش کر دی گئی ہو تو باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد چاند کے مہینے کی پہلی پیر کو عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک لکھے۔



یہ نقش پاک کاروبار والی جگہ پر فریم کروا کر آویزاں کر دے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس

QureshiRohaniWorld

کی برکت سے جادو کا اثر ختم ہو جائے گا کاروبار کی بندش اور رکاوٹ دور ہو جائے گی اور کاروبار خوب چلے گا حسب منشا کامیابی کے لیئے یہ نقش بہت ہی سریع الاثر ہے۔

مشکل آسان ہو جائے

جو کوئی ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھ کر اپنے گلے میں پہن رکھے تو بفضل باری تعالیٰ اس کو کوئی بڑی مشکل پیش نہیں آئے اگر مشکل آ جائے تو جلد آسان ہو جائے گی نقش پاک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَآ	اِلٰہ	اِلَّآ	اَنْتَ
اَنْتَ	لَآ	اِلٰہَ	لَا
اِلَّآ	اَنْتَ	لَآ	اِلٰہَ
اِلٰہَ	اِلَّآ	اَنْتَ	اِلَّآ

مشکل پیش آنے کی صورت میں یہ نقش اپنے پاس رکھے اور ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ **لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ** پڑھ کر دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ مشکل دور ہو جائے گی آزمودہ عمل ہے۔

دشمن پر غلبہ کیلئے

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے اور دشمن کو مغلوب کرنے کی غرض سے یہ نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں پہن لے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِیَّاکَ	نَعْبُدُ	وَاِیَّاکَ	نَسْتَعِیْنُ
نَسْتَعِیْنُ	اِیَّاکَ	نَعْبُدُ	اِیَّاکَ
وَاِیَّاکَ	نَسْتَعِیْنَ	اِیَّاکَ	نَعْبُدُ
نَعْبُدُ	وَاِیَّاکَ	نَسْتَعِیْنُ	وَاِیَّاکَ

QureshiRohaniWorld

اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ** پڑھ لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا دشمن پر غلبہ رہے گا اور وہ کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے گا نہائیت پُر اثر نقش ہے۔

جلد صلح کیلئے

جو کسی کے ساتھ صلح کرنے کا خواہاں ہو جبکہ مخالف فریق صلح پر آمادہ نہ ہوتا ہو تو وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّہٗ	ھُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِیْمُ
الرَّحِیْمُ	اَلْغَفُوْرُ	ھُوَ	اِنَّہٗ
اَلْغَفُوْرُ	اَلرَّحِیْمُ	اِنَّہٗ	ھُوَ
ھُوَ	اِنَّہٗ	الرَّحِیْمُ	الْغَفُوْرُ

اس نقش کو اپنے گلے میں پہن لے اور چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ نماز عصر کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ **اِنَّہٗ ھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ** پڑھا کرے بفضل باری تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر اسے ضرور مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اس مقصد کے لیئے یہ نہائیت سریع الاثر عمل ہے۔

کھیتی میں اضافے کیلئے

جس کھیتی یا پھلدار درخت کی پیداوار میں دن بدن کمی واقع ہوتی جارہی ہو اس کی پیداوار میں اضافے کی غرض سے چینی کی پلیٹ پر باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے سات مرتبہ یہ لکھے **اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ**۔ لکھنے کے بعد پانی سے بھری ہوئی ایک بالٹی میں پلیٹ دھو کر یہ پانی کھیت کے چاروں اطراف میں چھڑک دے

QureshiRohaniWorld

اگر پھلدار درخت ہے تو درخت کی جڑوں اور تنے پر چھڑ کے سات یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کریں اِن شاء اللہ تعالیٰ پیداوار میں کمی کی شکائیت رفع ہوجائے گی اور کھیت میں خوب فصل ہوگی اور درخت کے پھل میں بھی اضافہ ہوجائے گا آزمودہ عمل ہے۔

پٹھوں کی درد

پٹھوں کی شدید درد سے نجات وشفا کے لیئے دوسرا شخص باوضو حالت میں ایسی ہلکی آواز سے کہ جس کو مریض نہ سن سکے نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد سات مرتبہ یہ پڑھے۔

اِذَازُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝

پڑھنے کے بعد مریض کے کان میں دم کرے یہ عمل نماز مغرب کے بعد بھی کرے تین دن تک روزانہ بلاناغہ اس عمل کے کرنے سے اِن شاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہوجائے گی اور مکمل طور پر آرام آجائے گا نہائیت مفید ومستند عمل ہے۔

آنکھ میں موتیا

آنکھوں میں موتیا کی شکائیت ہونے کی صورت میں ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ پڑھے۔

اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اَلْحَقُّ النُّوْرُ ۝

پڑھنے کے بعد دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ تھوڑے دنوں میں ہی افاقہ ہوگا بینائی ٹھیک ہوجائے گی اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ عطا فرمائے گا۔

قوت سماعت میں اضافہ

قوت سماعت میں اضافے کے لیئے باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے چینی کی پلیٹ پر ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھے۔

QureshiRohaniWorld

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اِنَّكَ	اَنْتَ	السَّمِیْعُ	الْعَلِیْمُ
الْعَلِیْمُ	السَّمِیْعُ	اَنْتَ	اِنَّكَ
السَّمِیْعُ	الْعَلِیْمُ	اِنَّكَ	اَنْتَ
اَنْتَ	اِنَّكَ	اَلْعَلِیْمُ	السَّمِیْعُ

گیارہ یوم تک روزانہ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد اسی طرح لکھ کر پی لیا کرے علاوہ ازیں ہر نماز کے بعد نہائیت توجہ و یکسوئی سے اکیس مرتبہ **اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ** پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور ہاتھوں کو چہرے اور کانوں پر پھیرے بفضل باری تعالیٰ اس کی قوت سماعت تیز ہو جائے گی آزمودہ عمل ہے۔

قرض سے چھٹکارہ

جو قرض کی ادائیگی کی سکت نہ رکھتا ہو وہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک جو کہ عرق گلاب و زعفران سے لکھا گیا ہو اپنے گلے میں پہنے رکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

رَبِّ	اِنِّیْ	مَغْلُوْبٌ	فَانْتَصِرْ
فَانْتَصِرْ	مَغْلُوْبٌ	اِنِّیْ	رَبِّ
مَغْلُوْبٌ	فَانْتَصِرْ	رَبِّ	اِنِّیْ
اِنِّیْ	رَبِّ	فَانْتَصِرْ	مَغْلُوْبٌ

اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ **رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ** پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد پردہ غیب سے اس کے قرض کی ادائیگی، کے اسباب مہیا ہوں گے۔ اور اسے قرض سے چھٹکارہ مل جائے گا۔ نہائیت موثر عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

کبھی مایوسی نہ ہو

جو یہ چاہے کہ اس پر کبھی مایوسی اور ڈپریشن مسلط نہ ہوں تو وہ یہ نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں پہنے یا بازو پر باندھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَاحَیُّ	یَاقَیُّوْمُ	بِرَحْمَتِكَ	اَسْتَغِیْثُ
اَسْتَغِیْثُ	بِرَحْمَتِكَ	یَاقَیُّوْمُ	یَاحَیُّ
بِرَحْمَتِكَ	اَسْتَغِیْثُ	یَاحَیُّ	یَاقَیُّوْمُ
یَاقَیُّوْمُ	یَاحَیُّ	اَسْتَغِیْثُ	بِرَحْمَتِكَ

علاوہ ازیں ہر نماز کے بعد سات مرتبہ **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ** پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس پر کبھی مایوسی اور ڈپریشن کا غلبہ نہ ہوگا اللہ تعالیٰ اس پر اپنی رحمت نازل فرمائے گا۔

آنکھوں میں درد

آنکھوں میں درد ہونے کی صورت میں نماز فجر، نماز ظہر، نماز عصر اور نماز عشاء کی سنت وفرض نمازوں کے درمیان اکیس مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے۔

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

اس کے بعد گیارہ مرتبہ یانور یانور یا بصیر کہتے ہوئے اپنے دائیں ہاتھ سے اپنی پیشانی تھامے رکھے پھر سات مرتبہ یارب اورنور بصری کہے اس کے بعد **اَللّٰھُمَّ اَنْتَ شَافِیْ اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ اَنْتَ الْمُعَافِیْ**۔ اس کے بعد اپنے ہاتھوں کی پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرے اِن شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی آرام آجائے گا اور آنکھوں میں ہونے والی درد رفع ہوجائے گی موثر ترین عمل ہے۔

QureshiRohaniWorld

قیدی کی جلد رہائی

جو شخص بے گناہ قید کی سزا بھگت رہا ہو اس کی جلد رہائی کے لیئے باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک لکھ کر اسے دے کہ وہ اسے اپنے گلے میں پہنے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّہٗ	ھُوَ	الْعَلِیْمُ	الْحَکِیْمُ
الْحَکِیْمُ	الْعَلِیْمُ	ھُوَ	اِنَّہٗ
الْعَلِیْمُ	الْحَکِیْمُ	اِنَّہٗ	ھُوَ
ھُوَ	اِنَّہٗ	الْحَکِیْمُ	الْعَلِیْمُ

اس کے علاوہ قیدی ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ یہ پڑھے۔

اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ اِنَّہٗ ھُوَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ○

پھر بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی رہائی کے اسباب پیدا ہوں گے۔اور اس کی رہائی عمل میں آجائے گا اس مقصد کے لیے یہ نہائیت سریع الاثر عمل ہے۔

چہرے کی خوبصورتی کیلئے

چہرے کی خوبصورتی میں اضافے اور چہرے میں کشش پیدا کرنے کی غرض سے ہر نماز کے بعد نہائیت توجہ ویکسوئی سے **121** مرتبہ **یَا خالق الباریُ المُصور** پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور ہاتھوں کو اپنے چہرے پر پھیر لیا کرے علاوہ ازیں عرق گلاب وزعفران سے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھ کر اپنے گلے میں پہنے رکھے بفضل باری تعالیٰ چہرہ پر رونق اور پر کشش رہے گا۔

نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

تَبَارَكَ	اللّٰہُ	اَحْسَنُ	الْخَالِقِیْنَ
الْخَالِقِیْنَ	تَبَارَكَ	اللّٰہُ	تَبَارَكَ
اَحْسَنُ	الْخَالِقِیْنَ	تَبَارَكَ	اللّٰہُ
اَللّٰہُ	اَحْسَنُ	الْخَالِقِیْنَ	اَحْسَنُ

نامردی کا علاج

نامردی دور کرنے اور قوت باہ میں اضافے کے لیئے چالیس یوم تک روزانہ بلا ناغہ نماز عشاء کے بعد سات مرتبہ یہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم کٓھٰیٰعٓصٓ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاصَمَدُ یَاوَتْرُ اَنْ تُعَافِیَنِیْ مِنَ الْعِلَّةِ وَتَقْدِرَ لِیْ عَلَی الْجِمَاعِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ○

پڑھنے کے بعد اپنے اوپر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ نامروی کا خاتمہ ہو جائے گا اور مطلوبہ مقصد پورا ہوگا۔

نظر بد کا فوری علاج

جس کو نظر بد لگ گئی ہو جس کے باعث وہ بیمار ہو گیا ہو تو باوضو حالت میں صبح و شام تین مرتبہ یہ پڑھ کر اس پر دم کرے۔

وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْن ○ وَمَاھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ○

QureshiRohaniWorld

اِن شاء اللہ تعالیٰ تین دن کے اندر اندر شفائے کاملہ حاصل ہوگی اور نظر بد کے اثرات کا مکمل طور پر خاتمہ ہو جائے گا۔ بہت مرتبہ کا آزمودہ اور کامیاب عمل ہے۔

دشمن کی زبان بندی

دشمن کی زبان بندی کی غرض سے منگل یا ہفتہ کے روز ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھے۔

ختم اللہ علی قلوبھم	وعلی سمعھم	وعلی ابصارھم	غشاوۃ
عشاوۃ	وعلی ابصارھم	وعلی سمعھم	ختم اللہ علی قلوبھم
وعلی سمعھم	ختم اللہ علی قلوبھم	غشاوۃ	وعلی ابصارھم
وعلی ابصارھم	غشاوۃ	ختم اللہ علی قلوبھم	وعلی سمعھم

فلاں بن فلاں کی زبان بندی ہوں۔

اس نقش کو دشمن کے گھر کی دیوار یا، اس کے گھر کے دروازے میں دبا دے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی۔ اور وہ کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا نہائیت موثر عمل ہے۔

تھکاوٹ کا غلبہ نہ ہو

تھکاوٹ کے اثرات اور غلبے سے محفوظ رہنے کے بعد ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے یا گلے میں پہنے اور ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے کام کے دوران تھکاوٹ، کا غلبہ نہ ہوگا۔ اور وہ راحت محسوس کرے گا۔ مجرب وآزمودہ عمل ہے۔ نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ	فَاطِرَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
فَاطِرَ	اَللّٰھُمَّ	وَالْاَرْضِ	اللّٰھُمَّ
السَّمٰوٰتِ	والْاَرْضِ	اَللّٰھُمَّ	فَاطِرَ
والْاَرْضِ	السَّمٰوٰتِ	فَاطِرَ	السَّمٰوٰتِ

بیماری سے شفا

جس بیماری کے باعث بہت زیادہ کمزوری ہو گئی ہو طبیعت بہتر نہ ہوتی ہو چلنے پھرنے میں تنگی ہوتی۔ ہو تو یہ نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں پہنائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَااِلٰہَ	اِلَّاھُوَ	الْحَیُّ	القَیُّوْمُ
القَیُّوْمُ	الحَیُّ	اِلَّاھُوَ	لَآاِلٰہَ
الحَیُّ	القَیُّوْمُ	لَآاِلٰہَ	اِلَّاھُوَ
اِلَّا ھُوَ	لَآاِلٰہَ	القَیُّوْمُ	الْحَیُّ

علاوہ ازیں سات یوم تک روزانہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر صبح وشام پلائے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے شفائے کاملہ حاصل ہوگی اور بیماری سے نجات مل جائے گی اللہ رب العزت طاقت وقوت اور صحت عطا فرمائے گا۔ آزمودہ اور بارہا مرتبہ کا کامیاب عمل ہے۔

جلد صلح کیلئے

ذیل میں دیا ہوا نقش فریقین کے مابین جلد صلح کے لیئے نہائیت سریع الاثر ہے عرق گلاب وزعفران سے باوضو حالت میں لکھے۔

QureshiRohaniWorld

بِسْمِ اللّٰہَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اِنَّ	رَبَّکُمْ	لَرَؤُفْ	رَّحِیْمْ
رَحِیْمْ	لَرَؤُفْ	رَبَّکُمْ	اِنَّ
لَرَؤُفْ	رَحِیْمْ	اِنَّ	رَبَّکُمْ
رَبَّکُمْ	اِنَّ	رَحِیْمْ	لَرَؤُفْ

اس نقش کو اپنے گلے میں پہنے اور ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ اِنَّ رَبَّکُمْ لَرَؤُفْ رَّحِیْمْ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے چند یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی حسب منشا صلح ہو جائے گی انتہائی کامیاب عمل ہے۔

رزق حلال میں اضافہ

جو رزق حلال میں اضافے کا خواہاں ہو وہ روزانہ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد نہائیت توجہ و یکسوئی سے 300 مرتبہ یہ پڑھا کرے۔

یَاوَھَّابُ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ یَارَبُّ الْعَالَمِیْنَ○

اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی فراخ ہو جائے گی۔ اس کا کاروبار خوب ترقی کرے گا اور اسے کبھی رزق کی تنگی نہ ہو گی نہائیت ہی موثر عمل ہے۔

عزت و شہرت کیلئے

عزت و شہرت کے حصول اور اس میں اضافے کے لیئے ہر نماز کے بعد 121 مرتبہ یہ پڑھے۔

یَامُعِزُّ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ یَامُذِلُّ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ یَارَفِیْعُ رَفِیْعُ الدَّرَجَاتِ ذُوالْعَرْشِ○

بفضل باری تعالیٰ اس کو بہت جلد اپنے مقصد میں کامیابی حاصل ہو گی اللہ رب العزت عزت و شہرت سے نوازے گا نہائیت سریع الاثر عمل ہے مگر چاہیے کہ یقین کامل سے

QureshiRohaniWorld

عمل کرے تو جلد کامیابی ہوگی۔

بچہ خوبصورت پیدا ہو

جوعورت یہ چاہے کہ اس کے ہاں خوبصورت بچے کی ولادت ہوتو وہ حمل قرار پانے کے بعد ہر فرض نماز پڑھ کر گیارہ مرتبہ یہ پڑھے۔

یَابَارِئُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ یَامُصَوِّرُ هُوَالَّذِیْ یُصَوِّرُکُمْ فِی الْاَرْحَامِ کَیْفَ یَشَآءُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ

اس کی برکت سے اِن شاءاللہ تعالیٰ اس کا بچہ خوبصورت پیدا ہوگا یہ عمل اس مقصد کے لیئے نہائیت سریع الاثر اور بہت مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

جریان سے نجات

جریان کے شافی علاج کے لیئے سات یوم تک روزانہ نماز مغرب کے بعد نہائیت توجہ ویکسوئی سے 101 مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے۔

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَآ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

اول وآخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھے اور ایک گلاس پانی پر دم کر کے پی لے اِن شاءاللہ تعالیٰ جریان کا عارضہ ختم ہوجائے گا اور شفائے کاملہ حاصل ہوگی صحت یابی کے بعد حسب توفیق صدقہ وخیرات کرے۔

ہیپاٹائٹس کا علاج

ہیپاٹائٹس کے عارضہ کی صورت میں باوضو حالت میں 101 مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے۔

یُسَبِّحُ لَهٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ○

QureshiRohaniWorld

پڑھنے کے بعد پانی پر دم کر کے یہ پانی مریض کو دن میں کئی بار پلائے اکیس یا چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ بیماری ختم ہو جائے گی مریض کو چاہیے کہ وہ اپنے ہاتھ سے صدقہ وخیرات کرتا رہے۔

قید سے خلاصی

اس حوالے سے علامہ جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ''کتاب الرحمۃ فی الطب والحکمہ'' میں لکھتے ہیں کہ جس کو ناحق قید کر دیا گیا ہو تو قیدی یا گرفتار ایک ہی جگہ پر بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ پڑھے۔

مَاشَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَحَسْبُنَااللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُo

پڑھنے کے بعد بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اُسے بہت جلد قید سے خلاصی مل جائے گی۔

دل کی تکلیف

دل کی تکلیف میں افاقہ کے لیئے روزانہ سات مرتبہ یہ پڑھے۔

اَللّٰہُ نُوْرُالسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ..... لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ العلی العظیمo

پڑھنے کے بعد پانی پر دم کرے اور مریض کو پلادے علاوہ ازیں ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں اس طرح پہنائے کہ تعویز دل کے قریب لٹکتا رہے۔

نقش پاک یہ ہے۔

QureshiRohaniWorld



مریض کو چاہیے کہ نماز پنجگانہ کی پابندی کرے کسی بھی صورت فرض نماز سے غفلت نہ کرے اِن شاءاللہ تعالیٰ اسے دل کی تکلیف میں آرام آجائے گا اور شفائے کاملہ حاصل ہوگی۔

امتحان میں کامیابی

اس مقصد کے لیئے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے باوضو حالت میں لکھے۔



QureshiRohaniWorld

اس نقش کو اپنے گلے میں پہنے اور ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ یہ پڑھے۔

اَللّٰہُ نُورُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْض ..... رَبِ

زِدنِی عِلماo

بفضل باری تعالیٰ ضرور امتحان میں کامیابی ہو گی کامیابی کے بعد حسب توفیق صدقہ وخیرات کرے۔

.....☆☆☆.....

QureshiRohaniWorld

قرآنی دُعاوں کے ذریعہ مشکلات سے نجات حاصل ہو

حضرت معاذ بن عبداللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے اپنے باپ سے سُنا کہ کچھ بارش ہوئی اور تاریکی تو ہم نے نماز پڑھانے کے لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا انتظار کیا پھر کچھ کہا جس کا مطلب یہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھانے کیلئے باہر تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پڑھ **قل ھو اللہ احد** اور معوذتین (سورہ فلق وناس) صبح اور شام یہ تجھ کو ہر برائی سے بچائیں گی۔ (دارمی)

بزرگان دین سے منقول ہے کہ ان تینوں سورتوں کو تین تین بار بعد نماز فجر ومغرب پڑھ کر سارے بدن پر تین بار ہاتھ پر دم کر کے پھریں۔

ہر نقصان سے بچنے کیلئے

حضرت ابان بن عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر وہ بندہ جو ہر دن کی صبح کو اور ہر رات کی شام کو تین تین مرتبہ یہ کہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّمَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ
وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ○

اس کو کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائی گی حضرت ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر ایک طرف فالج گرا وہ شخص ان کی طرف دیکھنے لگا۔ حضرت ابان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا دیکھتے کیا ہو حدیث ویسے ہی ہے جیسے میں نے تم سے بیان کی مگر میں نے اس دن یہ دعا نہیں پڑھی تھی تا کہ اللہ تعالےٰ مجھ پر اپنی تقدیر کو پُورا کر دے۔ (ترمذی)

بعد نماز فجر ومغرب تین تین بار پڑھیں۔

QureshiRohaniWorld

سفر میں نقصان سے بچنے کیلئے

حضرت خولہ بنت حکیم سلمیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کہیں ٹھہرے اور کہے۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ○

تو وہ جب تک اس منزل میں رہے گا اسے کوئی چیز نقصان نہ پہنچائے گی۔

(ترمذی)

سفر میں جانوروں کے کاٹ جانے کا نقصان ہرگز نہ ہوگا۔

مال و دولت کی فراخی کیلئے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کے پاس صدقہ خیرات کرنے کیلئے مال نہ ہو۔ اس کیلئے کہ اپنی دعاؤں میں یہ دُرود شریف پڑھا کرے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ○

ہر مصیبت دُور ہو

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلاشبہ اور یقیناً میں اس کلمہ کو جانتا ہوں کہ نہیں کہتا اُسے ہر مصیبت زدہ مگر یہ کہ اس کلمہ کی بدولت حق تعالیٰ سبحانہ اس نے اس کو نجات عطا فرما دیتا ہے وہ کلمہ میرے بھائی یونس علیہ السلام کا ہے کہ انھوں نے تاریکیوں میں ندا کی تھی۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

(مدارج النبوۃ)

بزرگان دین سے منقول ہے کہ ہر مصیبت و پریشانی کے وقت بعد نماز عشاء گیارہ

QureshiRohaniWorld

مرتبہ اس تسبیح کو پڑھا جائے۔ یا اس کا سوالاکھ پڑھا جائے۔ پریشانی سے نجات مل جاتی ہے یا ہر نماز کے بعد سات بار درود شریف اوّل آخر ضرور پڑھے۔

اولادِ نرینہ کیلئے

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انصار میں سے ایک شخص نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مجھے کبھی اولاد نصیب نہ ہوئی اور نہ ہی پیدا ہوئی آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تجھے کیا ہوگیا ہے کہ زیادہ استغفارہ نہیں کرتا اور زیادہ خیرات بھی نہیں کرتا کہ ان کی برکت سے تجھے اولاد نصیب ہو تو پھر وہ شخص زیادہ خیرات بھی کرنے لگا اور زیادہ استغفار بھی حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ پھر اس کے نو لڑکے پیدا ہوئے۔ (مسند امام اعظم)

.....☆☆☆.....

QureshiRohaniWorld

اولاد نہ ہوتی ہو

جس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو (اور بظاہر کوئی جسمانی عارضہ بھی نہیں یعنی عورت بانجھ ہے) یا جس کے یہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں تو مرد کو چاہئے کہ سات دن برابر روزہ رکھے اور افطار کے وقت اکیس 21 مرتبہ اسم اعظم اَلْمُصَوِّرُ پڑھ کر پانی پر دم کرے خود بھی ایک گھونٹ پانی سے روزہ افطار کرے اور بقایا اپنی بی بی کو پلائے سات دن ایسا ہی کرے خدائے کریم اولاد عطا فرمائے گا اور صالح بیٹا پیدا ہوگا۔

مصیبت میں مبتلا ہو

جب کوئی شخص کسی مصیبت میں گرفتار ہو مثلاً قرض ہے یا کوئی مقدمہ ہے یا بیروزگاری ہے۔ غرضیکہ کوئی حاجات ہو تو رات کے آخری حصہ میں یعنی دو یا تین بجے رات وضو کر کے مسجد میں داخل ہو اور بغیر نماز کے تین سجدے صحن مسجد میں کرے۔ تیسرے سجدے پر کھڑا ہو کر ہاتھ اوپر اٹھا کر سو 100 مرتبہ اسم اعظم اَلْخَبِیْرُ پڑھے۔ بعد ختم اپنے مقصد کی دُعا مانگ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گمان سے پہلے کام کا بندوبست غیب سے ہو جائے گا۔

اہل عیال سے دور ہو

جو شخص سفر کی مصیبت میں گرفتار ہے اور اپنے اہل و عیال سے دور ہے۔ اپنے وطن اور بال بچوں کے لئے تڑپتا ہے تو ہر وقت اسم اعظم اَلْعَلِیُّ کا ورد کرے۔ جس قدر زیادہ ورد کرے گا اتنا ہی جلد خداوند کریم وطن پہنچا دے گا۔ اس کی کوئی خاص تعداد مقرر نہیں ہے چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے ہر وقت اس کا ورد کرے۔

QureshiRohaniWorld

نوٹ

مذکورہ بالا عملیات کتب احادیث سے نقل کئے گئے ہیں اور احادیث پاک میں آیا ہے لکھ دیا گیا ہے کوئی جملہ اپنی طرف سے کم وبیش نہیں کیا گیا اس لئے کوئی صاحب مزید سوال نہ کریں۔

(بحوالہ مقبد عالم جنتری 2012 انڈیا)

جائز محبت

جس شخص کو اپنی جائز محبت میں گرفتار کرنا ہو تو آبخورہ گل آب نارسیدہ لے کر اس پر اسم اعظم اَلْوَلِیُّ لکھو اور اس اسم اعظم کے تحت میں نام طالب معہ والدہ اور نام مطلوب معہ والدہ تحریر کرو۔ پھر اس آبخورہ میں پاک پانی بھر کر دیوار پر مارو تا کہ آبخورہ ٹوٹ جائے ان ٹھیکروں کو چن کر زمین میں دفن کرو۔ عروج ماہ میں سات یوم اسی طرح کرو۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب کے دل میں جذبات رحم پیدا ہوں گے۔ نیز اگر مکان غیر آباد رہتا ہو اور کسی طرح آباد نہ ہوتا ہو تو اسی طرح آبخورہ پر یہ اسم تحریر کر کے اور پانی بھر کر دیوار پر ماریں۔ خدا چاہے تو گھر آباد ہو۔ تسخیر کے لئے نام لکھیں اور آبادی کے لئے صرف اسم اعظم باقی سب کام بدستور۔

بدعادات

جو شخص شراب، جوئے، قمار بازی، زنا اور چوری غرض کہ معصیات میں گرفتار ہو اور اس کے عزیز یعنی ماں، باپ بیٹی وغیرہ اس کی بدعادت سے پریشان ہوں تو چاہئے کہ اسم اعظم اَلتَّوَّابُ سے مدد حاصل کریں۔ طریقہ یہ ہے کہ گھر کا کوئی شخص مرد ہو یا عورت باوضو ایک سو ایک مرتبہ اس اسم اعظم کو پڑھ کر پانی پر دم کریں اول اور آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں اور اس پانی کو محفوظ رکھیں اور جس طرح ممکن ہو اس بدکار کو پلائیں یعنی پانی کے طریقے پر یا شربت بنا کر یا چائے کی صورت میں تبدیل کر کے غرض جیسا محل موقع ہو پلا دیا

QureshiRohaniWorld

کریں خدا چاہے تو زیادہ سے زیادہ اکیس (21) دن میں اس شخص کا دل گناہوں سے بھر جائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ توبہ کی توفیق عطا فرمائے گا۔ عمل روزانہ کرنا ہوگا یعنی روزانہ ایک ایک مرتبہ یہ اسم اعظم پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی پلا دیا کریں۔

شادی کے لئے مجرب عمل

یہ علم گیارہ روز کا ہے اس کو بدھ کی رات سے شروع کیا جائے اور اتوار کی رات کو ختم کیا جائے جس لڑکی کا رشتہ نہ آ رہا ہو۔ وہ بعد نماز عشاء گیارہ ہزار مرتبہ یَامُعْطِیُ پڑھے۔ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کی تلاوت کرے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اچھا رشتہ بھی ملے گا اور شادی کے اخراجات جو بھی ہوں گے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کا بھی سبب پیدا ہوگا۔

شادی کے لئے قُل ھُو اللّٰہ کا عمل

یہ عمل بے حد مجرب اور آسان ہے بعد نماز عشاء تمام کاموں سے فراغت کے بعد سوتے وقت باوضو ہو کر بستر پر لیٹ جائے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں اکتالیس مرتبہ سورہ اخلاص مع بسم اللہ پڑھ کر دُعا مانگ کر سو جائیں کسی سے بات نہ کریں۔

(از سیما خان روزن کدانت ناروے بحوالہ مقبد عالم جنتری 2012 انڈیا)

.....☆☆☆.....

QureshiRohaniWorld

صحت سے تعلق رکھنے والی قدرتی نعمتیں

(1) کیلشیم (Calcium)

جسم میں اس کی کمی سے ہڈیاں کمزور ہوجاتی ہیں ۔اور جسم میں کمزوری آ جاتی ہے کیلشیم ، بادام، شلغم، گوبھی، گیہوں، دودھ، نیبو، مولی، اور سنگترے میں زیادہ تعداد میں پائی جاتی ہے۔

(2) لوہا (Iron)

اس کی کمی سے خون کی حرکت کم ہوجاتی ہے اور کئی طرح کی بیماریاں پیدا ہوجاتی ہیں یہ گیہوں، چنے ، بادام، ساگ، کھجور، کشمش، پیاز، مولی اور پھلوں میں زیادہ تعداد میں پائی جاتی ہے۔

(3) سوڈیم (Sodium)

اس کے کم ہونے سے بدہضمی ہوجاتی ہے ۔یہ دودھ، شلغم، سیب، کشمش، گوبھی، گاجر، پیاز، اور ٹماٹر وغیرہ میں زیادہ تعداد میں پائی جاتی ہے۔

(4) فاسفورس (Phosphorus)

اس کی کمی سے دماغ کمزور پڑ جاتا ہے اور ہڈیاں کمزور ہوجاتی ہے اور یہ گیہوں، مٹر، اخروٹ، بند گوبھی، کھیرہ، خربوزہ، سیب، لوکی، پالک، مچھلی، اور بیگن میں زیادہ ہوتی ہے۔

QureshiRohaniWorld

(5) کلورئن (Chlorine)

اس کے کم ہونے سے جسم میں کئی طرح کی بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔اور یہ ٹماٹر، پالک دودھ، بند گوبھی، انڈے، کیلے، کھجور، نیبو، ناریل اور گیہوں میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

(6) آئیڈین (Iodine)

اس کی کمی سے جسم میں گلٹیاں پڑ جاتی ہیں اور خون خراب ہو جاتا ہے اور یہ بند گوبھی، انناس، کیلا، سیب، ناشپاتی، گاجر، آلو، اور پودینہ میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

(7) سلفر (گندک) (Sulphur)

اس کی کمی سے کئی بیماریاں لگ جاتی ہیں معدہ خراب ہو جاتا ہے اور یہ شلغم، پالک گوبھی، مولی، پیاز، انڈے، مونگ پھلی، چنے، سنگترے، اور مالٹے میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

(8) میگنیشیم (Magnesium)

اس کی کمی سے خون خراب ہو جاتا ہے سر چکراتا ہے اور کئی بیماریاں لگ جاتی ہیں اور یہ بادام مونگ پھلی، ٹماٹر، پالک، کھجور، انجیر، کشمش، نیبو، گوبھی سنگترے اور سیب میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

(9) پوٹاشیم (Potassium)

اس کی کمی سے جلدی بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں اور معدہ خراب ہو جاتا ہے سر چکراتا ہے اور یہ ٹماٹر، شلغم، پیاز، بند گوبھی، پھول گوبھی، لوبیا، دودھ، انناس، آلو بخارہ، نیبو، سنگترہ اور ناشپاتی میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

گیہوں

اس میں فاسفورس زیادہ تعداد میں پایا جاتا ہے اور وٹامین بھرا رہتا ہے جسمانی

QureshiRohaniWorld

طاقت کو بڑھاتا ہے خون پیدا کرتا ہے معدہ طاقتور ہوتا ہے ہڈیوں مضبوط ہوتی ہیں گیہوں کا آٹا زیادہ باریک استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

دودھ

گائے کے دودھ کو امرت مانا گیا ہے اس میں سب طاقتیں پائی جاتی ہیں اس میں فاسفورس، کیلشیم، میگنیشیم، آئرن وغیرہ سب پائے جاتے ہیں۔اس سے دماغ کو طاقت پہنچتی ہے دانت مضبوط ہوتے ہیں دودھ ہمیشہ تازہ اور گائے کا اُبال کر پینا چاہیئے۔تھوڑا سا شہد ملا لینا چاہئے۔دودھ سے بنا ہوا دہی ملائی وغیرہ بھی جسم کو طاقت بخشتے ہیں۔

شہد

یہ بہت جلد ہونے والی اور فائدہ مند چیز ہے یہ خون کو صاف کرتا ہے اور خون پیدا کرتا ہے اگر گرم پانی میں ڈال کر پیا جائے تو موٹاپا کم ہوجاتا ہے ہڈیوں اور پھیپھڑوں کو مضبوط کرتا ہے صبح کے وقت اگر تھوڑا سا شہد پانی میں ملا کر روزانہ پیا جاوے تو کئی بیماریوں دور ہوجاتی ہیں خالص شہد آنکھوں میں سلائی سے ڈالنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

انار

یہ دل اور پھیپھڑوں کو طاقت دیتا ہے جسم میں چستی پیدا کرتا ہے معدہ صاف کر کے بھوک لگاتا اس میں وٹامین کافی تعداد میں پایا جاتا ہے اس کی کئی قسمیں ہیں بادانہ قندھاری یہ دونوں ہی مفید ہوتے ہیں۔

سیب

شریر کے اندر جو زہر ملا مادہ پیدا ہوتا ہے اس کو یہ دور کرتا ہے اس کو چھلکے کے ساتھ استعمال کرنا چاہئے۔اس میں وٹامین، پوٹاش، لوہا، اور دوسرے ایسڈ بھی ملتے ہیں سیب کا یہ بھی بہت فائدہ ہے کہ دل کو طاقت دیتا ہے۔

QureshiRohaniWorld

انگور

یہ معدہ کو طاقت دیتا ہے خون پیدا کرتا ہے قبض کو دور کرتا ہے جسم کو تندرست رکھتا ہے بہت فائدہ دیتا ہے گردے کی بیماری کو مفید ہے ہضم دیر سے ہوتا ہے۔

سنگترہ

یہ خون پیدا کرتا ہے معدہ کو طاقت دیتا ہے بدہضمی کو دور کرتا ہے بھوک کو بڑھاتا ہے اور کئی طرح کی بیماریوں کو مفید ہے بخار پت کو مارتا ہے اس میں وٹامین تیسری طرح کا زیادہ پایا جاتا ہے۔

آملہ

اس کے بہت فائدے ہیں ہر ایک بیماری کو دور کرتا ہے پیٹ کو صاف کر کے ہاضمہ کو درست کرتا ہے اس کے رس میں شہد ملا کر پینا بہت طاقت دیتا ہے خون کو صاف کرتا ہے اس میں بھی تیسری طرح کا وٹامین زیادہ مقدار میں ہوتا ہے۔

امرود

یہ دل کو قوت دیتا ہے اس کے گن بھی سیب کی طرح ہی ہوتے ہیں ہضم دیر سے ہوتا ہے اس میں تیسری طرح کی وٹامین زیادہ پائی جاتی ہے اس کے بیج نہیں پھینکنے چاہیں دوپہر کو کھانے کے بعد مفید ہے۔

لیموں

اس کے بہت ہی فائدے ہیں اس کی بوندیں پانی میں ڈال کر پینے سے پیاس کم لگتی ہے۔ بخار کو بھی مفید ہے۔ بدہضمی اور پیٹ کی سب بیماریوں کو مفید ہے اس کے استعمال سے آنکھوں کی بینائی تیز ہوتی ہے خون کو صاف کرتا ہے بھوک کو تیز کرتا ہے دانتوں

QureshiRohaniWorld

پر ملنے سے کیڑے مر جاتے ہیں پائیوریا کو بھی مفید ہے۔

آم

یہ بھی خون پیدا کرتا ہے۔آم کھا کر دودھ کی لسی پی جاوے تو بہت ہی مفید ہے معدہ کو صاف کرتا ہے اس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں۔قلمی اور سہارنی آم بہت مفید ہوتے ہیں اس میں وٹامین بہت زیادہ ہوتی ہے۔قبض کو دور کرتا ہے۔بھوک کو بڑھاتا ہے۔کچے آموں کا اچار بھی ہاضمہ کے لئے بہت مفید ہوتا ہے۔

جامن

یہ بہت فائدہ مند پھل ہے معدہ کو صاف کر کے بھوک کو بڑھاتے ہیں ہر ایک چیز کھائی ہوئی کو ہضم کر دیتا ہے پیشاب کے روگوں کو دور کرتا ہے اگر اس کی گھٹلی کوٹ کر اس کو ہمراہ شہد استعمال کریں تو بھوک بہت لگتی ہے پرمیہ دور ہوتا ہے جسم تندرست اور مضبوط ہوتا ہے شکر کی بیماری میں بھی فائدہ مند مفید ہے۔

خربوزہ

گردے کو صاف کر کے بھوک کو بڑھاتا ہے۔خون صاف کرتا ہے اس کے بیج سکھا کر اور ان کو چھیل کر گھوٹ کر پیئے جاویں تو خون کو صاف کرتے ہیں اور معدہ کو قوت دیتے ہیں لکھنو کا خربوزہ مفید ہوتا ہے۔

تربوز

گرمی کو دور کرتا ہے ۔اس کا پانی پینے سے پاؤنڈ دروگ کو دور کرتا ہے اس سے پیشاب کھل کر آتا ہے۔اس کے بیج گھوٹ کر پینے بہت مفید ہے خون کو صاف کرتے ہیں قبض کو دور کرتا ہے۔

QureshiRohaniWorld

کھیرا

اس کی تاثیر ٹھنڈی ہوتی ہے گرمی کو کم کرتا ہے پیاس کم لگاتا ہے خون کی تیزی کم کرتا ہے۔

پپیتا

اس میں وٹامن بہت زیادہ ہوتی ہے۔ یہ پیٹ کی سب بیماریوں کو دور کرتا ہے اس کے بیج بہت سی دوائیوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

بادام

یہ دماغ کو قوت دیتا ہے جسم کو مضبوط بناتا ہے آنکھوں کی بینائی کو تیز کرتا ہے خون بڑھاتا ہے اس کا روغن بھی بہت مفید ہے دودھ میں ڈال کر پینے سے قوت کو بڑھاتا ہے قبض کو دور کرتا ہے اور کئی بیماریاں دور کرتا ہے۔

چلغوزہ

جسم کو طاقت دیتا ہے خون کو بڑھاتا ہے قوت مردمی کو بڑھاتا ہے پیشاب کی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔

کشمش

پھیپھڑوں کو مضبوط کرتی ہے دماغ اور دل کو طاقت دیتی ہے پیشاب ٹھیک طور پر لاتی ہے۔ وٹامین زیادہ پائی جاتی ہے۔

مونگ پھلی

اس کو بھگو کر چھلکا اُتار کر استعمال کرنا چاہیئے۔ دل کو طاقت دیتی ہے اسمیں پروٹین اور وٹامین زیادہ ہوتی ہے۔ دماغ کو خشکی کرتی ہے۔

QureshiRohaniWorld

کھجور

اس میں ہضم کی طاقت زیادہ ہوتی ہے دماغ کو طاقت دیتی ہے۔کف اور سردی کے روگوں کو دور کرتا ہے۔وٹامین زیادہ ہوتی ہے۔

ناریل

جسم کو طاقت دیتا ہے۔دماغ کو تیز کرتا ہے۔پروٹین اور چربی اس میں زیادہ ہوتی ہے۔بچوں کو بھی استعمال کرانی چاہیئے۔

آلو بخارہ

جسم کو تندرست رکھتا ہے۔بخار میں بھی مفید ہے۔ہاضمہ کو ٹھیک کر کے بھوک بڑھاتا ہے۔وٹامن زیادہ ہوتی ہے۔

منقہ

کل کو طاقت دیتا ہے۔وایو سے پیدا ہونے والے روگ دور کرتا ہے۔پھیپھڑے صاف کرتا ہے قبض کو دور کرتا ہے۔

چھوٹی الائچی

گرمی کو دور کرتی ہے گلے کو صاف کرتی ہے اور دل ودماغ کو طاقت دیتی ہے ہاضمہ کو درست کرتی ہے۔

موٹی الائچی

اس کی تاثیر گرم ہوتی ہے وایو روگ کو دور کرتی ہے اس کو پانی میں ڈال کر اُبال کر پانی پینا کئی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔

QureshiRohaniWorld

لونگ

اس کی تاثیر بہت گرم پیٹ کی بیماریوں کو بہت مفید ہے سات لونگ پانی میں اُبال کر پینے سے ہر ایک بیماری کو دور کرتے ہیں دانت درد کو بھی دور کرتا ہے۔

پودینہ

اس سے کف اور بادی دور ہوتی ہے اگنی کو تیز کرتا ہے اور خون بڑھاتا ہے پیٹ کی بیماریوں کو دور کرتا ہے وٹامین کافی ہوتا ہے۔

ٹماٹر

اس میں چونا، لوہا فاسفورس وغیرہ ہر ایک چیز ملتی ہے خون صاف کرتا ہے بہت سی بیماریوں کو مفید ہوتا ہے۔

پیاز

خون اور انتڑیاں صاف ہوتی ہے اس کی چٹنی دمہ کو مفید ہے اس میں بہت سی وٹامین ہوتی ہے۔ گردے کی بیماری کیلئے بہت مفید ہے۔

گاجر

اس میں وٹامین بہت ہوتی ہے خون کو پیدا کرتی ہے معدہ کو طاقت دیتی ہے اس کا مربہ دل کو قوت دیتا ہے بچوں کو بہت مفید ہے۔

.....☆☆☆.....

QureshiRohaniWorld

ہری بھری سبزیوں سے مختلف مرض کے علاج

سبزیاں انسان کی بنیادی غذانہیں بلکہ ان کا کام غذا کو پُرلطف اورمتوازن بنانا ہے انسان کی فطری خوراک سبزیاں ہیں جوجسمانی مشینری کو درست حالت میں رکھتی ہیں سبزیوں میں موجودہ خصوصیات سے اگرانسان آگاہ ہوجائے تو وہ ادویات اور ڈاکٹر سے چھٹکارہ حاصل کرسکتا ہے اسی موضوع پر ہم کچھ سبزیوں کے بارے میں بتارہے ہیں کہ کس انداز میں اورکس کس جسمانی نقص کودورکرنے کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔

کدو(گھیا)

بے حدمشہور اور پسندیدہ سبزی ہے اس کی دوقسم ہیں لمبااور گول اسے گھیا بھی کہا جاتا ہے اس میں نمکیات اوروٹامن اے بی۔سی موجود ہے۔

خصوصیت وعلاج

کدودل وجگراور دماغ کوقوت وفرحت دیتا ہے بلڈ پریشر اورخون کی گرمی کوکدوختم کرنے میں لاثانی ہے۔پیشاب کے امراض میں بے حدمفید ہےاوراگر پیشاب جل کرآتا ہےتو یہ اسے جلدختم کردیتا ہے کدو کے بیجوں کا تیل نکالا جاتا ہے جوسر کے بالوں کو بڑھاتا اور طاقتور بناتا ہے دردِسردورکرتا ہے سرکوٹھنڈک دیتا ہے کدوکھانے سے دائمی قبض دورہو جاتی ہے۔کدو کے گودے میں مصری ملاکر حاملہ عورت کوکھلانے سے خوبصورت بچہ پیدا ہوتا ہے۔کدوکا گودہ بچھو کے ڈنک والے مقام پر ملنے اوراس کارس مریض کو پلانے سے دردبند ہو جاتا ہے۔اورزہراپنا اثرنہیں کرتا۔آنکھوں تلے اندھیرا آتا ہواورسر چکراتا ہوتو کدو کاٹ کراس کاٹکراپیشانی پر رکھنے سے دردسرکوآرام آجاتا ہے۔کدو کے چھلکے پاؤں پر ملنے سے

QureshiRohaniWorld

گرمی کا بخار دُور ہو جاتا ہے۔اور پاؤں کے جلن کو بے حد آرام ملتا ہے۔

ادرک

ادرک ایک ایسی بے مثال سبزی سے جو اپنی حیثیت میں تو کھانے کے کام نہیں آتی بلکہ اسے مختلف کھانوں میں لذیذ بنانے اور اس کی تاثیر بدلنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور یہ بہت سے امراض کا شافی علاج ہے۔وٹامن سی اور بے شمار ضروریات بدنی کے ہمراہ اس کی تاثیر گرم خشک ہوتی ہے۔

خصوصیت وعلاج

ادرک کھانے کو ہضم کرنے میں معاون ہے۔یہ قبض توڑتا ہے۔نفخ کو پیٹ سے دور کرنے میں سب سے کامیاب ہے۔معدے میں رطوبت اور بلغم کو ختم کرنے میں اور سب سے بہتر سبزی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ یہ جگر کو بھی طاقت دیتا ہے بلغم دور کرنے کے لئے ادرک دوا اور غذا دونوں صورتوں میں بے حد مفید ہے۔معدہ میں رطوبتیں جمع ہو کر جن لوگوں کا پیٹ بڑھا دیتی ہیں۔اور وہ موٹے ہو جاتے ہیں۔ان کے لئے ادرک ایک بے حد مفید اور کارآمد سبزی ہے۔ایسے لوگ ادرک ایک تولہ لیں اور اسے باریک کتر کر اور توے پر ذرا سا پانی ڈال کر اسے بھون لیں اور جب یہ پانی خشک ہونے لگے تو چمچہ بھر گھی ڈال کر اسے بھون لیں اور روٹی کے ہمراہ اسے بطور سالن کھالیں۔یہ بے حد لذیذ غذا تیار ہو جائے گی جب کہ دوا کی حیثیت میں بھی یہ بے حد فائدہ دے گی اس کا اس طریقے سے مسلسل استعمال پیٹ کی رطوبتیں ختم کر دیتی ہے اور انسان کو موٹاپے سے نجات مل جاتی ہے ادرک کا رس شہد ملا کر چاٹنے سے سردی کی کھانسی کو آرام ملتا ہے۔ادرک کا مربہ کھانے اور جائفل چوستے رہنے سے فالج کا مریض شفا حاصل کرتا ہے۔ادرک کا پانی نکال لیں اور اسے کان میں ڈالتے رہیں۔کان درد کے لئے بے حد مفید ہے۔پیٹ درد کے لئے ادرک کا مربہ بھی دواؤں سے زیادہ فائدہ مند ہے۔

QureshiRohaniWorld

پالک

پالک دنیا بھر میں پایا جانے والا ساگ ہے جو کثرت سے استعمال ہوتا ہے یہ چھوٹے چھوٹے پتوں والی وہ مزے دار سبزی ہے جو سال بھر رہتی ہے اس کے اجزاء میں نمکیات، فولاد، تانبہ اور وٹامن اے۔بی۔ایچ۔سی اور پی ہیں۔اس کا مزاج سرد تر ہے۔

خاصیت وعلاج

سبھی سبزیوں سے زیادہ زود ہضم ہے اور معدہ کی جلن کو دور کرتا ہے پیشاب آور سبزی ہے اور مثانہ میں اگر پتھری موجود ہو تو اسے خارج کرنے میں لاثانی ہے مصفی خون ہے انتڑیوں کی سستی ختم کر کے ان میں حرکت لانے کا باعث ہے اور قبض اسی سے ختم ہو جاتی ہے وہ لوگ جو خشکی اور گرمی کا شکار ہوں انہیں پالک کا استعمال بکثرت کرنا مفید ہے پیاس زیادہ لگنے اور پیشاب جل کر آنے کی صورت میں پالک کا استعمال یہ مرض دور کر دیتا ہے دائمی قبض پالک کا کثرت سے استعمال کرنے سے مستقل ختم ہو جاتی ہے زود ہضم ہے اور یہ معدہ وآنتوں کو نرم کرنے کا باعث ہے بخار میں مبتلا لوگ اسے شوق سے اور بلا جھجک استعمال کریں یہ بخار نزلہ زکام درد گردہ اور تبخیر معدہ کے لئے بے حد عمدہ غذا ہے گلے کے درد کیلئے اس کے پتے ابال کر ان سے غرارے کرنا بے حد مفید ہے۔

پیاز

پیاز دنیا بھر میں مشہور عام سبزی ہے جس کے بغیر کوئی سالن پکانا ممکن نہیں اور نہ ہی کوئی سالن اس کے بغیر مزے دار بنتا ہے اسے مصالحہ کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے۔اور بطور سلاد بھی اسے کھایا جاتا ہے۔چٹنی بھی تیار کی جاتی ہے۔اس میں نشاستہ۔پروٹین۔نمکیات۔ فاسفورس اور وٹامن بی وای جی اس کے اجزاء ہیں۔

QureshiRohaniWorld

خصوصیت وعلاج

پیاز وہ نعمت ہے کہ جب قوم بنی اسرائیل من وسلویٰ کھاتے کھاتے اُکتا گئی تو اُس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے پیاز۔مسوراورلہسن کی تمنا کی تھی۔ پہلے پہل پیاز کی اہمیت سے کیمیا دان اورعلم طب کے موجد آ گاہ نہ تھے۔مگر تحقیق جب اس میں وٹامن جی بھی دریافت کی گئی تو یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ وہ مفید عالم اور کامیاب غذا ہے جس کی کچھ اتنی خصوصیات ہیں اسے اگر کچی حالت سے سبزی کے طور پر پکایا جائے تو اس میں سے کچھ کم نہیں ہوتا بلکہ اس کے حیاتین کی مقدار پکنے کے بعد بڑھ جاتی ہے روم کے مشہورزمانہ حکیم پلائنی نے پیاز کے ستائیس وہ فائدے تحریر کیے ہے جوزندہ رہنے کے لئے سنگ میل ہیں روم کامشہور بادشاہ نیروعلم موسیقی اور گانے کارسیا بھی تھا وہ اپنی آواز کوسریلی بنانے کے لئے سال کے بارہ ماہ پیاز کا استعمال کرتا تھا۔پاکستان کی ملکہ ترنم نورجہاں جواپنی سریلی آواز کے لئے دنیا بھرمیں لاثانی ہیں۔اپنے ایک انٹرویو میں اپنی پسندیدہ سبزی پیاز بتلاتی ہیں اور مشہور عالم لوگوں نے بھی اپنی آواز کوسریلی بنانے کے لئے رنگ کوگورا کرنے کے لئے اور ذہن تیز کرنے کے لئے پیاز کوذریعہ بنایا انہوں نے ٹوٹی ہوئی ہڈیاں جوڑنے میں بھی پیاز سے مدد لی ہے۔آئرلینڈ کے لوگ اسے کھانسی،نزلہ وزکام کے لئے بطور دوا استعمال کرتے ہیں۔مصر والے اسے دیوتا خیال کرتے ہیں۔اوراس کی پوجا کرتے ہیں۔زمانہ وسطیٰ کے لوگ مریضوں کے پاس جانے سے پہلے ہاتھوں میں پیاز پکڑ لیا کرتے تھے یا پیاز کا پانی ہاتھوں میں لگالیا کرتے تھے تا کہ مریض سے چھوت یا جراثیم اثر نہ کریں۔قدیم اطباء کا قول ہے کہ اگر بچھو یا بھڑ کاٹ لے تو پیاز کا پانی وہاں لگادیں۔دردُور ہوجائے گا اورزہر اپنا اثر نہ کرے گا یہ بات طے شدہ ہے اگر ہاتھ میں پیاز کی گانٹھ ہوتو لونہیں لگ سکتی۔کانوں کے امراض کے لئے بے حد مفید ہے اس کا عرق کانوں میں ٹپکانے سے ثقل سامعہ اور دوی وطنین کوفائدہ حاصل ہوتا ہے اور کانوں کی میل کو یہ عرق صاف کر دیتا ہے۔ پیاز کو پیس کر اس کا لیپ بالوں پر کردینے سے بال سیاہ اُگنے شروع ہوجاتے ہیں بدن پر سیاہ داغ موجود ہوں تو اس پر پیاز کا عرق لگاتے رہنے سے یہ ختم ہوجاتا ہے۔کچا پیاز کھانے اور پیاز پاس

QureshiRohaniWorld

رکھنے سے طاعون اور دوسری وبائی امراض قریب نہیں آ سکتیں۔ پیاز آگ میں بھون لیں اور اس کا رس نکال کر گرم گرم پلائیں پیٹ درد کو شفا حاصل ہو گی ایام ہیضہ میں اگر پیاز کاٹ کر گھر میں رکھ لیں تو اس گھر میں ہیضہ کا داخلہ تک نہ ہو۔ پیاز کو آگ پر بھون لیں اور پھر اس کا چھلکا دور کر کے اسے گھی میں بریاں کریں۔ یہ گرم گرم پیاز بواسیر کے مسوں پر باندھ دیں مسے ختم ہو جائیں گے اور درد فوری بند ہو جائے گا نصف چھٹانک پیاز کا پانی صبح سویرے پلاتے رہنے سے گردہ و مثانہ کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جاتی ہے۔ یہ پانی نہار منہ پینا شرط ہے پیاز چھیل کر اسے دھولیں اور اس پر کھانے والا نمک چھڑک لیں۔ جب شدید ہچکی آ رہی ہو تو یہ مریض کو دیں ہچکی بند ہو جائے گی۔ کئی روز سے ہچکی آ رہی ہو تو چند روز اسے کھانے سے ہمیشہ کے لئے ہچکی بند ہو جائے گی۔ پیاز کا رس ایک دو قطرہ ناک میں ٹپکائیں۔ نکسیر بند ہو جائے گی۔

ٹماٹر

دنیا بھر میں پھلوں اور سبزیوں میں بادشاہت تقسیم کی گئی ہے سیب کو پھلوں کا بادشاہ مانا گیا ہے اور ٹماٹر کو سبزیوں کا بادشاہ تسلیم کیا گیا ہے۔ اسے سلاد کے طور کچا کھانا بے حد سود مند ہے سبزیاں پکاتے وقت اسے ان سبزیوں میں شامل کر کے پکایا جاتا ہے ہر چند اس سے کھانے کا لطف دوبالا ہو جاتا ہے اس کے اجزاء میں فولاد، وٹامن اے۔ ایچ اور سی ہیں۔

خصوصیت و علاج

ٹماٹر خون صاف کرتا ہے اور خشکی کو دُور کرتا ہے وہم اور دہشت کو ختم کرتا ہے دانتوں کے امراض میں یا دانتوں کو مضبوط بنانے اور بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لئے ٹماٹر کا استعمال بے حد ضروری اور اہم ہے۔ لاغر اور کمزور بچوں کو ہر صبح دھو کر چوسنے کے لئے ایک ٹماٹر دینا چاہئے۔ کیونکہ بچوں کی پرورش کے لئے اس میں سبھی اجزا موجود ہوتے ہیں بچوں کو ٹماٹر کا جوس دیا جائے تو انہیں دانت نکالنے میں بے حد آسانی ہوتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ان کا معدہ بھی درست کام کرتا رہتا ہے۔ حاملہ خواتین ہر صبح ایک ٹماٹر چوس لیں یا

QureshiRohaniWorld

اس کا رس نکال کر پی لیں ان کا معدہ درست کام کرتا رہے گا۔اور قے متلی کی شکایت نہیں ہو گی ہر دوپہر کھانے کے بعد مولی۔چقندر۔سلاد اور ٹماٹر کا استعمال ضرور کریں اس طرح آپ ہمیشہ صحت مند رہیں گے اور آپ کا ہاضمہ درست رہے گا۔جب کچا ٹماٹر کھایا جائے تو کچھ دیر پانی ہرگز نہ پینا چاہئے کیونکہ پانی پئے بغیر ٹماٹر میں موجود تیزابی مادے جو آپ کے لئے فائدہ بخش ہیں۔معدے میں بخوبی اپنا کام سرانجام دیں گے۔

احتیاط

ٹماٹر بادی اور بلغم پیدا کرنے کا موجب ہوتا ہے ٹماٹرز کام پیدا کرتا ہے تپ دق کے مریضوں کے لئے ٹماٹر مفید سبزی نہیں ہے جو سینے و گلے کے مرض میں مبتلا ہیں وہ ٹماٹر استعمال نہ کریں۔

کریلا

کریلا ایک مشہور سبزی ہے جو کھانے کے ساتھ ساتھ محاورے میں بھی استعمال ہوتی ہے۔''کریلا اور نیم چڑھا'' تلخ مزاج لوگوں کے لئے یہ مثال عام ہے۔پکانے سے پہلے اسے نمک لگا کر کاٹ کر دھوپ میں ذرا دیر رکھنے کے بعد دھولیں اور پھر پکائیں کڑواہٹ کم ہو جائے گی۔کریلے میں فولاد۔کیلشیم، فاسفورس۔پروٹین اور وٹامن بی وسی اس کے اجزا ہیں۔

خصوصیت وعلاج

درد کو نفع دیتا ہے اور اعصاب کو طاقتور بناتا ہے جوڑوں کے درد اور گنٹھیا کو نفع دیتا ہے۔بلغم کو ختم کر دیتا ہے اور اسے کھانے سے پیٹ کے کیڑے ہلاک ہو جاتے ہیں باہ کو طاقت دیتا ہے اور ورموں کو تحلیل کرنے میں لاثانی ہے کریلے کا استعمال لقوہ اور فالج میں بے حد مفید ہے۔کریلا جسم سے گردہ ومثانہ کی پتھری توڑ کر پیشاب سے خارج کر دیتا ہے دمہ کے مریضوں کے لئے کریلا بے حد فائدہ بخش سبزی اور دوا ہے تین ماشہ کریلے کا پانی ذیا

QureshiRohaniWorld

بطیس (شوگر) کے مریضوں کو پلانے سے مرض ختم ہوجاتا ہے۔کریلے کا رس نمک نچوڑ کر ہیضہ کے مریض کو پلانے سے قے اور دست بند ہوجاتے ہیں۔خونی وبادی بواسیر میں کریلا بے حد مفید ہے۔نقرس اور جوڑوں کے درد والے اصحاب کریلا بھون کر گھی ملا کر کھائیں شفا ہوگی۔بچوں کے ہر مرض میں اس کے پتوں کو نچوڑ کر ان کا رس پلانے سے مرض قریب نہیں رہتا ہے۔معدے سے ریح خارج کرنے میں کریلا لاجواب ہے ہاضمہ کو تیز کرتا ہے بھوک لگاتا ہے۔

لہسن

لہسن وہ مشہور زمانہ سبزی ہے جسے سبز اور خشک دونوں حالتوں میں سال بھر استعمال کیا جاتا ہے۔اسے ہر سبزی میں اور سالن میں فائدہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اسے مسالہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے اس میں نمکیات،فولاد،تانبہ اور وٹامن اے،ایچ،سی وغیرہ اس میں شامل ہیں۔اس کی گرمی بے حد اثر دکھاتی ہے اور اس کا مزاج گرم خشک ہے۔

خصوصیت وعلاج

لہسن ملین ہے یہ معدے کی رطوبتوں کو خشک کرتا ہے لہسن کا پانی لگانے سے سر کی جوئیں ہلاک ہوجاتی ہیں۔ریشہ اور لقوہ والے مریض لہسن کا زیادہ استعمال کریں تو اس مرض سے نجات پاسکتے ہیں۔یہ سرد مقام والوں کے لئے بے حد مفید ہے۔باؤ گولہ۔ورم اعضاء۔دمہ کھانسی اور بواسیر کے لئے بے حد مفید ہے۔جراثیم اور کیڑوں کو ہلاک کرتا ہے۔بچھو اگر ڈنک مارے تو اسے کھانے سے شفا حاصل ہوتی ہے۔لہسن کھانے سے بلڈ پریشر کے مریض کو فائدہ حاصل ہوتا ہے۔اسے کھانے سے آواز صاف ہوجاتی ہے۔اور گلا صاف ہو جاتا ہے۔رعشہ لقوہ اور امرض گنٹھیا کے لئے یہ بے حد مفید ہے۔وہ عورت جس کا حیض بند ہو اسے خوراک کے طور پر لہسن استعمال کرائیں تو حیض کھل جاتا ہے۔جسم میں گرمی پیدا کرنے کے لئے اسے سردی کے موسم میں استعمال کرنا بہت بہتر ہے پھوڑے پھنسیوں پر لہسن کوٹ کر لیپ کر دینے سے پھوڑے پھنسیوں کو آرام آجاتا ہے۔ہمارے ہاں یہ دیسی علاج

QureshiRohaniWorld

دیہات میں بالخصوص عام ہے یہاں دودھ میں لہسن کا رس ملا کر تپ دِق کے مریضوں کو دیا جاتا ہے۔دودھ بھینس کا ہونا چاہئے۔

لہسن چھیل کر مغز الگ کرلیں۔پہلے روز ایک مغز کھائیں دوسرے روز دو مغز کھائیں۔اور پھر چالیس روز تک ہر روز ایک مغز بڑھاتے رہیں۔اور چالیس مغز تک لے جائیں۔اور کے بعد پھر گھٹانا شروع کردیں اور ایک تک لے جائیں۔اس اسّی روزہ علاج تک فالج۔گنٹھیا۔لقوہ وریح جیسے خوفناک امراض کو شفا ملتی ہے۔دانت درد کے وقت لہسن کی پوتھی کو چھیل کر دانت کے سوراخ میں بھردیں دانت درد یکدم بند ہوجائے گا اور دانت کا کیڑا مرجائے گا۔کان میں لہسن کا رس نکال کر قدر گرم کریں اور اس کے چند قطرے کان میں ڈال دیں۔کان میں سخت سے سخت درد کی شفا نصیب ہوگی۔اور کان میں موجود پھنسی ختم ہوجائے گی۔

مولی Radish

مولی وہ پسندیدہ سبزی ہے جسے سبھی لوگ ذوق وشوق سے کھاتے ہیں یہ جڑ والی وہ مشہور عام سبزی ہے جو بے شمار عوارض کا شافی علاج ہے اس میں فاسفورس کیلشیم اور وٹامن سی کے علاوہ اس میں فولاد کی خاصی مقدار ہوتی ہے اس کا مزاج گرم تر ہے۔

خصوصیت وعلاج

پتھری کی صورت میں گردہ ومثانہ سے ریت آنے کی حالت میں مولی کا استعمال بے حد مفید اور زود اثر ہوتا ہے اور اگر ان امراض والے اسے مسلسل استعمال کریں تو ان کے جسم سے ریزہ ریزہ ہوکر پتھری خارج ہوجاتی ہے۔یہ خود دیر ہضم ہے مگر دوسری غذاؤں کو ہضم کرنے میں سب سے اہم کردار ادا کرتی ہے۔بواسیر کے مریضوں کے لئے مولی کا رس اور مولی کے پتے بے حد مفید ہیں۔اگر لوگ اسے بطور سلاد استعمال کریں تو اسے کھانے سے مَسوں کی جلن وخارش کم ہوجاتی ہے۔مولی کھانے سے تلی اور جگر کے امراض ختم ہو جایا کرتے ہیں۔بند پیشاب مولی کھاتے رہنے سے کھل جاتا ہے پیشاب رُک رُک کر آتا جل کر آتا کم آتا یا قطرہ قطرہ آتا یہ سب شکایات مولی ختم کردیتی ہے۔

QureshiRohaniWorld

قابل یاد رکھنے کے مفید عالم ٹوٹکے

متلی کے لیے مفید

☆ بکری کے دُودھ میں ادرک کا رس ملا کر پینا متلی کے لئے مفید ہوتا ہے۔

ہاضمے کی درستگی کے لیے

☆ قوت ہاضمہ خراب ہو جائے تو ادرک کا چاٹنا مفید ہوتا ہے۔

وضع حمل کے لیے

☆ عورت کو بوقت تولید تکلیف ہو تو زعفران ایک تولہ ہاتھ میں رکھنے سے فوراً وضع حمل ہو جاتا ہے۔

☆ گدھی کے سم کی دھونی حاملہ کو دی جائے فوراً وضع حمل ہو جاتا ہے۔

چہرہ کے لیے مفید

☆ روغن زیتون اور نیمبوں کا رس برابر وزن ملا کر چہرہ پر لگایا جائے تو چہرہ نہایت صاف اور ملائم ہو جاتا ہے۔

منہ کے جل جانے کا علاج

☆ پان کھانے میں چونا سے منہ جل جائے تو سرسوں کا تیل اوپر ملنا جلن کو دور کر دیتا ہے۔

QureshiRohaniWorld

بچہ آسانی سے دانت نکالے

☆ ہاتھی دانت کی خالص چوڑیاں بچہ کے دونوں ہاتھوں میں ڈال دینے سے بچہ نہایت آسانی کے ساتھ دانت نکال لیتا ہے۔

نرم ملائم چمکدار بال

☆ لیموں کا رس صاف پانی میں ملا کر بالوں کو دھویا جائے تو بال نہائیت ملائم اور چمکدار ہو جاتے ہیں۔

پیشاب بند ہونے کا علاج

☆ پیشاب بند ہو تو زعفران کی ایک تار آلہ تناسل کے منہ میں رکھنے سے فوراً پیشاب آجاتا ہے

درد شقیقہ سے آرام

☆ صندل سفید اور کافور ملا کر لگانے سے درد شقیقہ کو فوراً آرام ہو جاتا ہے۔

پیاس کم ہو جائے

☆ لیموں کی سکنجبین یا ملائی دار دہی کی لسی پینے سے پیاس کم ہو جاتی ہے۔

شراب کا خمار اُتارنا

☆ کافور یا سرکہ کھانے سے شراب کا خمار بالکل اُتر جاتا ہے۔

نیم کے پتے کی افادیت

☆ نیم کے پتے گھی میں جلا کر زخم پر لگائے جائیں زخم کو بیحد فائدہ ہوتا ہے۔ چونا اور سیاہی ملا کر زخم پر لگائی جائے تو زخم کو بیحد فائدہ پہنچتا ہے۔

QureshiRohaniWorld

کان کے درد سے چھٹکارہ

☆ عطر گلاب گرم کر کے کان میں ڈالنے سے کان کا درد دُور ہو جاتا ہے۔

گلے کے درد کا خاتمہ

☆ گلے میں درد ہو تو سرد پانی میں نمک اور کاربونیٹ آف سوڈا ملا کر غرغرے کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔

دودھ کی زیادتی

☆ حلوہ کدو کا چھلکہ شالی چاول کے ساتھ جوش دیکر دودھ کے ہمراہ کھانے سے شیر خوارہ والدہ کا دودھ بڑھ جاتا ہے۔ بدن کسی جگہ سے کچل جائے تو اوپر مکھن دینے سے درد دور ہو جاتا ہے۔

مسوڑھوں اور ناک کے خون کی بندش

☆ مسوڑھے نازک ہوں اور خون نکلتا ہو تو گرم پانی سڑاین ملا کر کُلیاں کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔

مسہ جاتا رہے

☆ پیاز کو نمک میں دبا کر مسہ پر مالش کریں تو مسہ جاتا رہتا ہے۔

مچھر کے کاٹے کا علاج

☆ مچھر کاٹنے کی جگہ پر صابن کے ٹکڑے کو ذرا سا پانی میں تر کر کے ملا جائے تو خارش بند ہو جاتی ہے۔

QureshiRohaniWorld

بواسیر کے مسوں کے درد کا خاتمہ

☆ پیاز کو گائے کے گھی میں جلا کر نیم گرم بواسیر کے مسوں پر لگایا جائے تو درد فوراً بند ہو جاتا ہے۔

شراب کا نشہ اُتر جائے

☆ مولی کے سبز پتے ایک تولہ آدھ سیر ٹھنڈے پانی میں گھوٹ کر پیے جائیں شراب کا نشہ اُتر جاتا ہے۔

مولی اور دہی

☆ مولی اور دہی ایک ساتھ کھانے سے قولنج کا اندیشہ ہو جاتا ہے۔

قولنج کا خوف

☆ مچھلی یا دودھ یا رس نیشکر یا شہد سے قولنج کا خوف ہوتا ہے۔

درد کو آرام

☆ یضون اور سونٹھ پیس کر نمک ملا کر پیشانی پر لگا دیں تو دردِ سر کو آرام ہو جاتا ہے۔

ضعف بصارت کے لیے مفید

☆ کالی مشرح گھی ملا کر کھانا۔ تر پھلا کے پان چنئے۔ ضعف بصارت کیلئے مفید علاج ہے۔

کان درد کا خاتمہ

☆ عرقی لیموں میں زرد کوڑی کی راکھ ملا کر کان میں ڈالیں۔ یا میٹھے تیل میں ہنس جلا کر کان میں ٹپکا دیں۔ تو کان درد بند ہو جاتا ہے۔

QureshiRohaniWorld

منہ کے چھالوں کا خاتمہ

☆ پھٹکری اور نیلاتھوتاملا کر رال نیچے کو ٹپکایا جائے تو منہ میں چھالوں کو آرام ہو جاتا ہے۔

بدہضمی سے آرام

☆ چونا کا پانی اور دودھ ملا کر پیا جائے تو قے اور بدہضمی کو آرام ہو جاتا ہے

ہیضہ کے مرض کا خاتمہ

☆ شد کی جڑ کی چھال اور مشرح سماہ ادرک کے رس میں گولی باندھ کر استعمال کریں تو ہیضہ کی مرض کو دُور کرتا ہے۔

قبض دور ہو جائے

☆ تر پھلا پھانک کر اُوپر سے دودھ پی لیا جائے تو قبض دور ہو جائے۔

اسہال میں مفید

☆ بھیڑ کا دودھ ناف میں بھرنا مرض اسہال کے لئے بہترین علاج ہے۔ پھٹکری کا پلاس لیکر سر میں پانی ڈالنا نکسیر کو بند کرتا ہے۔

دردسر سے آرام

☆ کنگھی بار بار کرنے سے یا سر میں دہی ڈال کر نہانے سے دردسر کو آرام ہو جاتا ہے۔

دانت کے درد سے آرام

☆ عقرقرحا اور کافور ملنے سے دانت کا درد اچھا ہو جاتا ہے۔

QureshiRohaniWorld

پیٹ کے درد سے آرام

☆ سکنجبین میں عرق گلاب ڈال کر پینے سے یا پتاشہ میں جوہر پودینہ رکھ کر کھانے سے پیٹ کا درد اچھا ہو جاتا ہے۔

درد شکم سے آرام

☆ مقام درج پر چوکر اور نمک لاہوری کی ٹکور کرنے سے درد شکم کو آرام ہو جاتا ہے۔

قبض رفع ہو جائے

☆ ہیلہ جورات کو پانی یا گرم دودھ سے کھالیں تو تکلیف قبض رفع ہو جاتا ہے۔

☆ جن لوگوں کا مزاج گرم خشک ہو انکو گرم دودھ میں روغن بادام یا روغن گئو ڈال کر پلانے سے قبض رفع ہو جاتا ہے۔

ہچکی بند ہو جائے

☆ ہچکی، سانس لمبی بھر کر ایک دو منٹ تک دم بند رکھنے یا ٹھنڈہ پانی گھونٹ گھونٹ پینے یا کسی دوسری طرف مشغول اور متوجہ ہو جانے سے ہچکی بند ہو جاتی ہے۔

خشک کھجلی کا خاتمہ

☆ مردہ سنگھ چھ ماشہ سہاگا ایک تولہ، کاغزی لیموں کا ½ تولہ رس چینی تین تولہ سب کو ملا کر جسم پر مالش کریں۔ خشک کجلی دور ہو جاتی ہے۔

کھانسی کا علاج

☆ گوند یا مٹی چھیل کر منہ میں رکھنے یا رب السوس کا ٹکرا رکھنے سے کھانسی جاتی رہتی ہے۔

QureshiRohaniWorld

پیاز کی بدبو دور ہو جائے

☆ مونگ یا سنترے کا چھلکہ منہ میں چبانے سے پیاز کی بدبو دور ہو جاتی ہے۔

دانتوں کے درد سے آرام

☆ اُبلا ہوا چاک جو تمام انگریزی دوافروشوں سے مل سکتا ہے اور تھوڑا عقرقرحا اور کافور ملا کر دانتوں پر ملا جاوے تو دانتوں کا درد اچھا ہو جاتا ہے۔

☆ کوئلہ میں ذرا سا نمک ملا کر دانتوں پر ملا جائے تو دانتوں کی تکلیف جاتی رہتی ہے۔

آنکھوں کا بہترین علاج

☆ عرقِ گلاب خالص ایک ایک بوند آنکھ میں ڈالنا یا آنکھوں کو سرد پانی سے دھوتے رہنا لال مرچ کم کھانا آنکھوں کی حفاظت کے لئے اچھا اور بہترین علاج ہے۔

بواسیر کے مسوں کا علاج

☆ پیاز کو گائے کے گھی میں جلا کر نیم گرم بواسیر کے مسوں پر لگایا جائے تو درد فوراً بند ہو جاتا ہے۔

صحت اچھی رکھنے کا راز

☆ ہفتہ میں ایک دن مکمل فاقہ کرنے سے صحت ہمیشہ عمدہ رہتی ہے۔

تمباکو نوشی کے اثرات

☆ تمباکو نوشی آنکھوں کے لئے خطرناک، نفرت خیز و دماغ کے لئے نقصان رسان اور پھیپھڑوں کے لئے خطرناک ہے۔

QureshiRohaniWorld

جراثیم کا خاتمہ

☆ کپڑوں پر گرم استری پھیرنے سے بیماریوں کے جراثیم مرجاتے ہیں۔

حاملہ کے دانت خراب نہ ہوں

☆ حاملہ اور دودھ پلانے والی عورتوں کے دانت خراب ہوں۔تو بچے کی صحت ضرور خراب ہوجاتی ہے۔

☆ پان کھانے والوں کو نمک اور سرسوں کا تیل ملا کر دانتوں پر ملنا فائدہ مند ہے۔

خون کا بند ہونا

☆ آک کی روئی زخم پر رکھنے سے خون بند ہوجاتا ہے۔

سمندری بیماری سے نجات

☆ مٹی کے تیل کے دو تین قطرے بھوری شکر میں ملا کر پیئے جائے تو سمندری بیماری کومفید ہے۔

نکسیر کی بندش

☆ پیروں کے دونوں انگوٹھے سخت باندھ دینے سے یا مریض کے دونوں بازوؤں اور دونوں ران باندھ دینے سے نکسیر بند ہوجاتی ہے۔

جوڑوں کے درد کا علاج

☆ جوڑوں کا درد خواہ کیسا ہی ہو گیدڑ کی چربی جوڑوں پر تلا کرنے سے دور ہوجاتا ہے۔

سل کی بیماری کا خاتمہ

☆ اروی کا سالن جس میں پیاز اور دھنیا ڈالا گیا ہو چالیس روز کھانے سے سل کی بیماری

QureshiRohaniWorld

دور ہو جاتی ہے۔

چوتھیا بخار کا رک جانا

☆ دورتی پپیتا پانی میں گھول کر بخار کے وقت سے پہلے پلاوے تو بخار اور چوتھیا بخار رک جاتا ہے۔ پہلی دوسری مرتبہ بالکل نہیں ہوتا۔

بدہضمی کا علاج

☆ سونف کا عرق یا لیموں کا رس پینے سے بدہضمی دور ہو جاتی ہے۔

ہر قسم کا درد دور

☆ کنوار گندل کے گودے میں ذرا سی ہلدی پسی ہوئی چھڑک کر نیمگرم کر کے باندھنے سے ہر قسم کا درد دُور ہو جاتا ہے۔

رسولی کا خاتمہ

☆ رسولی پر پپیتا رگڑ کر لگانے سے رسولی دور ہو جاتی ہے۔

زخموں کے لیے مفید

☆ پاؤ بھر تیل میں ایک تولا کاربا کسائیڈ ملانے سے کاربک تیل بن جاتا ہے۔ یہ زخموں کے نہائیت مفید چیز ہے۔

آیوڈین کا فائدہ

☆ مسوڑوں کا درد آیوڈین لگانے سے بند ہو جاتا ہے۔

دردسر کو آرام

☆ جھٹیاں کی گانٹھ سر پر باندھ دو دردسر کو آرام ہو جاتا ہے۔

QureshiRohaniWorld

بچھو کے کاٹے کا علاج

☆ پیٹھ کنڈا کی جڑ جس شخص کو بچھو کاٹے اُس کو کھلا دو فوراً آرام ہو جاتا ہے۔

بخار سے آرام

☆ سونٹھ کی گانٹھ اگر بخار والے کے گلے میں ڈالا جاوے اُسکو آرام ہو جاتا ہے۔

سرمے کی افادیت

☆ سرگین فیل اور سانپ کی کچلی ملا کر سرمہ میں مل کر کے پڑبال کی آنکھ میں لگایا جائے تو پڑبال دُور ہو جاتے ہیں۔ ریچھ کا خون سلائی سے آنکھ میں لگانے سے پڑبال دُور ہو جاتے ہیں۔

ہاتھی دانت کی افادیت

☆ ہاتھی دانت کی خاک اور رسوت ہم وزن لیکر بکری کے دُودھ میں گھول کر بالوں پر لگانے سے آرام ہو جاتا ہے۔

گنج کو آرام

☆ خچر کے سم روغن السی میں ملا کر اس کو جوش دیکر اس تیل کو سر کے گنج پر لگاؤ تو گنج کو آرام ہوتا ہے۔

آنکھ کی بیماری کا علاج

☆ گدھے کا دانت رگڑ کر متواتر چالیس روز آنکھ میں ڈالنے سے آنکھ میں کوئی داغ چٹا وغیرہ بالکل صاف ہو جاتا ہے۔

QureshiRohaniWorld

کان کے درد کا علاج

☆ کان کے درد کا علاج۔ گلسرین میں تھوڑا افیوں کا کاست یا افیون شامل کر کے کان میں ڈال دیں اور ذرا سی روئی آگے رکھ دے تو کان کے درد کو آرام ہو جاتا ہے۔

کھانسی کا مجرب علاج

مغز کدو تین ماشہ مغز نہم جٹبار دو ماشہ جافران ایک ماشہ گوند تین ماشہ نشاستہ تیس ماشہ کیشر 31 ماشہ مغز بادام شیریں مقشر 4 ماشہ رب السوس 4 ماشہ منقی 4 ماشہ خشخاش سفید 4 ماشہ شکر سفید 7 ماشہ کوٹ چھان کر بدانہ کے رس کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنالیں ایک گولی منہ میں ڈاکر چوستے رہیں کھانسی فوراً بند ہو جائے گی۔ گوکھرو مرچ سیاہ ہموزن برابر پیس کر دو چاول تپاسہ میں ڈالکر استعمال کرنا کھانسی کے لئے بہترین علاج ہے۔

ست لیموں اتولہ فلفل سیاہ 4 تولہ گندھک آملہ سار 6 ماشہ ہڑتال ورقیہ 3 ماشہ سب کو کوٹ کر سکنجبین کے ہمراہ دانہ مسور کے برابر گولیاں باندھیں اور ترکیب بالا کام میں لاویں۔

☆ سرخ مرچ کے بیج سالم پانچ عدد لے کر بقدر مناسب موم سفید میں چھپا کر مریض کو نگلوادیں۔ دست سب موقوف ہو جائیں گے۔

☆ ست لیموں نمک سونچل کالی مرچ پر ایک ایک تولہ آک کے پھول 2 تولہ آک کی جڑ 2 تولہ مثل سرمہ باریک کر کے سکنجبین کے ہمراہ چنے کے برابر گولیاں بنا کر بطریق بالا کام میں لائیں بہت اکسیر ہے۔

زبان کا ذائقہ بڑھانا

☆ زبان کی قوت ذائقہ کم ہو جائے تو ادرک چاٹیں۔

QureshiRohaniWorld

رات کو نیند بہتر آنا

☆ ہینگ بریاں شہد میں ملا کر رات کو چاٹنا نیند لاتا ہے۔
☆ سفوف پیلا موم وقند سیاہ ملا کر کھانا نیند لاتا ہے۔

جوکی راکھ کا فائدہ

☆ جوکی راکھ میٹھے تیل میں ملا کر جلی ہوئی جگہ پر لگانا مفید ہے۔

بغل کی بدبو دور ہو جائے

☆ برگ لیموں کا عرق ملنے سے بغل کی بدبو جاتی رہتی ہے۔

پھوڑے پھنسی کا خاتمہ

☆ پوست سرسوں کو ہمراہ گھی ایک صد دفعہ دھو کر ملا کر پھوڑے پر لگانا مفید ہے۔

بچھو کے کاٹنے کا علاج

☆ مٹی کے تیل کی مالش بچھو کے کاٹنے کے زہر کو زائل کرتی ہے۔
☆ ایک گٹھلی ہنس شیر گاؤ میں مل کر کے مار گزیدہ کو پلانا نصف گھنٹہ میں قطعی آرام کرتا ہے۔
☆ آم کی گٹھلی کا مغز پانی میں پیس کر مار گزیدہ کو پلانا زہر کو زایل کرتا ہے۔ اُس کو فوراً پلایا جائے پاخانہ آ جائے گا۔ زہر اترنے کے بعد مریض کو اس کا ذایقہ میٹھا معلوم ہوگا اگر ایک دفعہ سے آرام نہ ہو تو دو تین دفعہ دیویں مگر مار گزیدہ کو پہلی شب سونے نہ دیا جائے پارچہ کا بند لگانا یعنی اُس جگہ باندھنا بھی مفید ہے۔

آنکھوں کی حفاظت

☆ شہد خالص آنکھوں میں خوب بھر کر لگانے سے ضعف بصارت اور درد چشم کو مفید ہے

QureshiRohaniWorld

اور ہر روز اس کا استعمال تمام جلدی امرض کو مفید ہے۔

☆ عورت کے دودھ میں قدرے افیون ملا کر کان میں ڈالنا درد گوش کو از حد مفید ہے۔

(یہ سبھی ٹوٹکے کتاب ''سنیاسی ٹوٹکے'' سے لئے گئے ہیں)

☆☆☆

QureshiRohaniWorld



















مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور